بسم اللہ الرحمن الرحیم

ضیاء الحدیث

ترتیب

محمد کریم سلطانی

جلد سوم

ناشر

مکتبہ صبح نور

جامعہ ریاض العلوم، پیپلز کالونی

فیصل آباد

ضیاءالحدیث

جلدسوم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ضیاء الحدیث

جلد سوم

ترتیب

محمد کریم سلطانی

ناشر

مکتبہ صبح نور

جامعہ ریاض العلوم مسجد خضرا پیپلز کالونی فیصل آباد

فون:041-8730834

نام کتاب	ضیاء الحدیث (جلد سوم)
ترتیب	محمد کریم سلطانی
ایڈیشن	دوم سنہ ۲۰۱۰ء
کمپوزنگ	صبح نور کمپیوٹر
ناشر	مکتبہ صبح نور
تعداد	
قیمت	

مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ وَمَنْ تَوَلّٰى فَمَآ اَرْسَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا۝ [1]

ترجمہ:

جس نے اطاعت کی رسول کی تو یقیناً اس نے اطاعت کی اللہ کی۔ اور جس نے منہ پھیرا تو نہیں بھیجا ہم نے آپ کو ان کا پاسبان بنا کر۔

[1] سورۃ النساء:۴/۸۰

قَالَ الْاِمَامُ مَالِکٌ –رَحِمَهُ اللّٰهُ :

كُلُّ اَحَدٍ يُوْخَذُ مِنْ قَوْلِهٖ وَيُتْرَكُ،اِلَّاصَاحِبَ

هٰذَاالْقَبْرِ اَوْهٰذِهِ الرَّوْضَةِ– صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

ترجمہ:

حضرت امام مالک رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

ہر ایک کا قول لیا بھی جا سکتا ہے اور رد بھی کیا جا سکتا ہے سوائے اس مکین گنبد خضراء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشاد مبارک کے کہ اسے صرف قبول ہی کیا جائے گا۔

صلاح الامۃ: ۱۸۲/۲

شیطان دشمن ہے
اسے دشمن جانیے

ضیاء الحدیث

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ .

امابعد:

شیطان دشمن ہے اسے دشمن جانیے

پر چند احادیث مبارکہ مع ترجمہ

پیش خدمت ہیں جن میں شیطان کی انسان سے دشمنی بیان کی گئی ہے۔

اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل وکرم سے ہمیں صراط مستقیم پر چلنا نصیب کرے اور شیطان کے وساوس، اس کے حملوں اور اس کی چالوں سے ہماری نعمت ایمان محفوظ رکھے۔

محمد کریم سلطانی

شیطان آگ سے بنایا گیا ہے

عَنْ اَبِی وَائِلِ الْقَاصِّ قَالَ :

دَخَلْنَا عَلٰی عُرْوَةَ بْنِ مُحَمَّدٍ السَّعْدِیِّ فَکَلَّمَهُ رَجُلٌ فَاَغْضَبَهُ فَقَامَ فَتَوَضَّأَ ثُمَّ رَجَعَ وَقَدْ تَوَضَّأَ فَقَالَ :

حَدَّثَنِی اَبِی عَنْ جَدِّی عَطِیَّةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – :

اِنَّ الْغَضَبَ مِنَ الشَّیْطَانِ ، وَاِنَّ الشَّیْطَانَ خُلِقَ مِنَ النَّارِ ، وَاِنَّمَا تُطْفَأُ النَّارُ بِالْمَاءِ ، فَاِذَا غَضِبَ اَحَدُکُمْ فَلْیَتَوَضَّأْ۔

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۷۹۰۸)	جلد ۱۳	صفحہ ۴۷
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۵۰۳۰)	جلد ۳	صفحہ ۳۷۴
جامع الاصول	رقم الحدیث (۲۳۰۱)	جلد ۸	صفحہ ۳۲۲
قال المحقق	حسن		
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۴۰۲۳)	جلد ۳	صفحہ ۴۳۶
قال المحقق	ھذا حدیث صحیح		

ترجمة الحديث ،

حضرت ابو وائل القاص نے بیان کیا کہ ہم جناب عروہ بن محمد سعدی رحمہ اللہ کے ہاں گئے ۔ ایک آدمی نے ان سے کوئی بات کی تو انہیں غصہ آ گیا تو وہ اٹھے اور وضو کیا پھر وضو کر کے واپس آئے اور بیان کیا کہ مجھے میرے والد نے میرے دادا حضرت عطیہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

بے شک غصہ شیطان کی طرف سے ہوتا ہے اور شیطان کو آگ سے پیدا کیا گیا ہے اور آگ کو بجھایا جاتا ہے پانی سے ۔سو جب تم میں سے کسی کو غصہ آ جائے تو اسے چاہئے کہ وہ وضو کر لے ۔

-☆-

خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ٥ وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ٥ فَبِاَیِّ آلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ٥ [1]

ترجمہ،

پیدا فرمایا انسان کو جنے والی مٹی کی ٹھیکری کی مانند اور پیدا کیا جانّ کو آگ کے خاص شعلے سے ۔پس (اے انس وجاں) تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ۔

-☆-

(۱) سورۂ رحمٰن ۱۴تا۱۶

شیطان
غرور وتکبر کرتا ہے

وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِکَۃِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِیْسَ اَبٰی وَاسْتَکْبَرَ وَکَانَ مِنَ الْکٰفِرِیْنَ ۝[1]

ترجمہ:

اور جب ہم نے فرمایا فرشتوں سے سجدہ کرو آدم کوتو سب نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے۔اس نے انکار کیااور تکبر کیااور وہ ہوگیا کافروں میں سے۔

-☆-

وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِکَۃِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِیْسَ قَالَ ءَاَسْجُدُ لِمَنْ خَلَقْتَ طِیْنًا ۝[2]

(۱)سورۃالبقرۃ:۳۴

(۲)بنی اسرائیل:۶۱

ترجمہ:

اور یاد کرو جب ہم نے حکم دیا فرشتوں کو کہ سجدہ کرو آدم کو تو سب نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے۔اس نے کہا کیا میں سجدہ کروں اس آدم کو جس کو تو نے کیچڑ سے پیدا کیا۔

-☆-

قَالَ فَاهْبِطْ مِنْهَا فَمَا يَكُوْنُ لَكَ اَنْ تَتَكَبَّرَ فِيْهَا فَاخْرُجْ اِنَّكَ مِنَ الصّٰغِرِيْنَ ٥ (1)

ترجمہ:

اللہ تعالیٰ نے فرمایا اتر جا یہاں سے مناسب نہیں ہے تیرے لئے کہ تو غرور کرے یہاں رہتے ہوئے پس نکل جا بے شک تو ذلیلوں میں سے ہے۔

-☆-

(1) الاعراف:13

شیطان مکروفریب کرتا ہے

فَاَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ عَنْهَا فَاَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِيْهِ وَقُلْنَا اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ وَلَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ۝[1]

ترجمہ:

پھر پھسلا دیا انہیں۔سیدنا آدم اور سیدہ حوا علیھما السلام کو۔ شیطان نے اس درخت کے باعث اور نکلوا دیا ان دونوں کو وہاں سے جہاں وہ تھے۔اور ہم نے فرمایا:

اتر جاؤ تم ایک دوسرے کے دشمن رہو گے۔ اور تمھارے لئے زمین میں ٹھکانا ہے اور فائدہ اٹھانا ہے ایک وقت تک۔

-☆-

(۱) سورۃ البقرۃ ۳۶

فتنہ وفساد شیطان کا عمل ہے
شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے

وَقُلْ لِّعِبَادِیْ یَقُوْلُوا الَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ اِنَّ الشَّیْطٰنَ یَنْزَغُ بَیْنَهُمْ اِنَّ الشَّیْطٰنَ كَانَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوًّا مُّبِیْنًا ۝ [1]

ترجمہ:

اور آپ حکم دیجئے میرے بندوں کو کہ وہ ایسی باتیں کیا کریں جو بہت عمدہ ہوں۔ بے شک شیطان فتنہ وفساد برپا کرنا چاہتا ہے ان کے درمیان۔ یقیناً شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے۔

-☆-

(۱) بنی اسرائیل: ۵۳

شیطان

ایمان میں شک پیدا کرتا ہے

عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – عَنِ النَّبِیِّ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – قَالَ :

یَاْتِی الشَّیْطَانُ اَحَدَکُمْ فَیَقُوْلُ مَنْ خَلَقَ السَّمَاءَ مَنْ خَلَقَ الْاَرْضَ فَیَقُوْلُ: اللّٰهُ ، فَمَنْ وَجَدَ مِنْ ذٰلِکَ شَیْئًا فَلْیَقُلْ آمَنْتُ بِاللّٰهِ .

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۱۳۴)	جلد۱	صفحہ۱۱۹
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۳۴۴)	جلد۱	صفحہ۱۳۳
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۳۰۰)	جلد۲	صفحہ۴۶۱
قال المحقق	صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۶۱۳)	جلد۲	صفحہ۲۶۸
قال الالبانی	صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۴۴۳)	جلد۹	صفحہ۴۳۶
صحیح سنن ابوداؤد	رقم الحدیث (۴۷۲۱)	جلد۳	صفحہ۱۵۵
قال الالبانی	صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

شیطان تم میں سے کسی آدمی کے پاس آتا ہے پھر کہتا ہے: آسمان کو کس نے پیدا کیا؟ زمین کو کس نے پیدا کیا؟ تو ایمان والا کہتا ہے:

اللہ نے پیدا فرمایا۔ پس تم میں سے جو کوئی اس قسم کا وسوسہ پائے اسے چاہئے کہ وہ کہے:

آمَنْتُ بِاللّٰهِ۔ میرا اللہ تعالیٰ پر ایمان ہے۔

-☆-

سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ	رقم الحدیث (۱۱۶)	جلد ۱	صفحہ ۱۸۱
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۸۳۵۸)	جلد ۸	صفحہ ۴۹۵
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		

شبہات ڈالنا
شیطان کا کام ہے

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – عَنِ النَّبِیِّ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – قَالَ:

یَاْتِی الشَّیْطَانُ اَحَدَکُمْ فَیَقُوْلُ: مَنْ خَلَقَ کَذَا وَکَذَا حَتّٰی یَقُوْلَ:
مَنْ خَلَقَ رَبَّکَ، فَاِذَا بَلَغَ ذَالِکَ فَلْیَسْتَعِذْ بِاللّٰهِ وَلْیَنْتَهِ.

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۳۲۷۶)	جلد ۲	صفحہ ۱۰۰۹
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۱۳۴)	جلد ۱	صفحہ ۱۱۹
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۳۴۵)	جلد ۱	صفحہ ۱۳۳
سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ	رقم الحدیث (۱۱)	جلد ۱	صفحہ ۱۸۳
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۴۴۰۰)	جلد ۲	صفحہ ۴۶۱
قال المحقق	صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۶۱۳)	جلد ۲	صفحہ ۲۶۸
قال الالبانی	صحیح		
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۱۰۴۴۳)	جلد ۹	صفحہ ۴۴۶

ترجمة الحديث،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

شیطان تم میں سے کسی کے پاس آتا ہے تو کہتا ہے: کس نے اِس کو اور اُس کو پیدا کیا؟ یہاں تک کہ وہ کہتا ہے:

کس نے تیرے رب کو پیدا کیا۔ جب شیطان یہاں تک پہنچ جائے یعنی یہاں تک وسوسہ اندازی کرے تو ایمان والے کو چاہیے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی پناہ و حفاظت مانگے اور اس خیال سے رک جائے۔

-☆-

صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۷۹۹۳)	جلد۲	صفحہ۱۳۳۲
قال الالبانی	صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۶۱)	جلد۱	صفحہ۸۵
قال الالبانی	متفق علیہ		

شیطان

کفر کی طرف دعوت دیتا ہے

كَمَثَلِ الشَّيْطٰنِ اِذْ قَالَ لِلْاِنْسَانِ اكْفُرْ فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّنْكَ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۝[1]

ترجمہ،

منافقین اور یہود کی مثال شیطان کی سی ہے جو (پہلے) انسان کو کہتا ہے انکار کردے اور جب وہ انکار کر دیتا ہے تو شیطان کہتا ہے:

میرا تجھ سے کوئی واسطہ نہیں، میں تو ڈرتا ہوں اللہ سے جو رب العلمین ہے۔

-☆-

(۱) حشر:۱۶

شیطان دین سے پھیرتا ہے اور شرک کا حکم دیتا ہے

عَنْ عِیَاضِ بْنِ حِمَارٍ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – : اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلِہٖ وَسَلَّمَ – قَالَ ذَاتَ یَوْمٍ فِیْ خُطْبَتِہٖ:

اَلَا اِنَّ رَبِّیْ اَمَرَنِیْ اَنْ اُعَلِّمَکُمْ مَا جَہِلْتُمْ مِمَّا عَلَّمَنِیْ فِیْ یَوْمِیْ ھٰذَا ، کُلُّ مَالٍ نَحَلْتُہٗ عَبْدًا حَلَالٌ ، وَاِنِّیْ خَلَقْتُ عِبَادِیْ حُنَفَاءَ کُلَّھُمْ ، وَاِنَّھُمْ اَتَتْھُمُ الشَّیَاطِیْنُ فَاجْتَالَتْھُمْ عَنْ دِیْنِھِمْ ، وَحَرَّمَتْ عَلَیْھِمْ مَا اَحْلَلْتُ لَھُمْ ، وَاَمَرَتْھُمْ اَنْ یُشْرِکُوْا بِیْ مَالَمْ اُنْزِلْ بِہٖ سُلْطَانًا.

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۸۶۵)	جلد۴	صفحہ ۲۱۹۷
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۷۲۰۷)	جلد۴	صفحہ ۳۳۳
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۷۲۰۸)	جلد۴	صفحہ ۳۳۴
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۶۵۳)	جلد۲	صفحہ ۴۲۲
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت عیاض بن حمار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک دن خطبہ میں ارشاد فرمایا:

سن لیجئے! بے شک میرے رب نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں تمہیں دین کی وہ باتیں سکھاؤں جن سے تم لاعلم ہو ان باتوں میں سے جو اس نے مجھے آج کے دن سکھائی ہیں۔ جو مال میں اپنے بندے کو دوں وہ حلال وطیب ہے۔ میں نے اپنے تمام بندوں کو ملت حنفیہ، اسلام پر پیدا فرمایا ہے۔ شیطان ان کے پاس آجاتے ہیں انہیں ان کے دین سے برگشتہ کر دیتے ہیں۔ اور ان پر وہ چیزیں حرام کر دیتے ہیں جو میں نے ان کیلئے حلال کی ہیں۔ وہ شیاطین انسانوں کو حکم دیتے ہیں کہ وہ میرے ساتھ شرک کریں جس کی میں نے کوئی سند، کوئی دلیل نازل نہیں فرمائی۔

-☆-

صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۶۵۴)	جلد۲	صفحہ۴۲۶
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ حسن		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۷۴۱۴)	جلد۱۳	صفحہ۳۸۵
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۸۴۵۴)	جلد۱۴	صفحہ۱۴۳
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۸۴۵۵)	جلد۱۴	صفحہ۱۴۳
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		

شیطان
گمراہ کرتا ہے

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ آمَنُوْا بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَحَاكَمُوْٓا اِلَى الطَّاغُوْتِ وَقَدْ اُمِرُوْٓا اَنْ يَّكْفُرُوْا بِهٖ وَيُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّضِلَّهُمْ ضَلٰلًا بَعِيْدًا ۝ (1)

ترجمہ:

کیا نہیں دیکھا آپ نے ان کی طرف جو دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ ایمان لائے اس (کتاب) کے ساتھ جو اتاری گئی آپ پر۔ اور جو اتارا گیا آپ سے پہلے۔ (اس کے باوجود) چاہتے ہیں کہ فیصلہ کرانے کے لئے (اپنے مقدمات) طاغوت کے پاس لے جائیں۔ حالانکہ انہیں حکم دیا گیا تھا کہ انکار کریں طاغوت کا۔ اور چاہتا ہے شیطان کہ بہکا دے انہیں بہت دور تک۔

-☆-

(1) سورۃ نساء ۶۰

شیطان

فریب دیتا ہے

إِنَّ الَّذِيْنَ ارْتَدُّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ مِّنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى الشَّيْطٰنُ سَوَّلَ لَهُمْ وَاَمْلٰى لَهُمْ ؀ [1]

ترجمہ:

بے شک جو لوگ پیٹھ پھیر کر پیچھے ہٹ گئے باوجود یہ کہ ان پر ہدایت (کی راہ) ظاہر ہو چکی تھی۔ شیطان نے انہیں فریب دیا اور انہیں لمبی زندگی کی آس دلائی۔

-☆-

(۱) محمد:۲۵

شیطان
گمراہ کرتا ہے سوائے
اللہ تعالٰی کے بندوں کے

قَالَ رَبِّ بِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاُزَيِّنَنَّ لَهُمْ فِي الْاَرْضِ وَلَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ o اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ o [1]

ترجمہ:

وہ بولا اے رب! اس وجہ سے کہ تو نے مجھے بھٹکا دیا میں (برے کاموں کو) ضرور خوشنما بنا دوں گا ان کیلئے زمین میں اور میں ضرور گمراہ کروں گا ان سب کو۔ سوائے تیرے ان بندوں کے جنہیں ان میں سے چن لیا گیا ہے۔

-☆-

(۱) الحجر: ۳۹، ۴۰

شیطان صراط مستقیم سے روکتا ہے

وَلَا يَصُدَّنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ o [1]

ترجمہ:

کہیں روک نہ دے تمہیں شیطان اس راہ سے بے شک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔

وَجَدْتُّهَا وَقَوْمَهَا يَسْجُدُوْنَ لِلشَّمْسِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ فَهُمْ لَا يَهْتَدُوْنَ o [2]

ترجمہ:

میں نے پایا ہے اسے اور اس کی قوم کو کہ وہ سب سجدہ کرتے ہیں سورج کو سوائے اللہ تعالیٰ کے اور آراستہ کر دیئے ہیں ان کیلئے شیطان نے انکے یہ مشرکانہ اعمال پس اس نے روک دیا ہے انہیں سیدھے راستہ سے پس وہ ہدایت قبول نہیں کرتے۔

(۱) سورۃ زخرف:۶۲

(۲) سورۃ نمل:۲۴

وَعَادًا وَثَمُودَا وَقَدْ تَبَيَّنَ لَكُمْ مِنْ مَّسٰكِنِهِمْ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ وَكَانُوْا مُسْتَبْصِرِيْنَ ۝ [1]

ترجمہ:

اورہم نے برباد کیا عاد و ثمود کو اور واضح ہیں تمہارے لئے ان کے مکانات۔ اور آراستہ کردیا تھا ان کیلئے شیطان نے ان کے برے عملوں کو اور روک لیا انہیں راہ راست سے حالانکہ وہ اچھے بھلے سمجھدار تھے۔

-☆-

(۱) سورۃ عنکبوت:۳۸

شیطان

اسلام لانے میں رکاوٹ ڈالتا ہے
ہجرت کرنے میں رکاوٹ ڈالتا ہے
جہاد کرنے میں رکاوٹ ڈالتا ہے

عَنْ سَبْرَةَ ابْنِ اَبِی فَاکِہٍ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – قَالَ : سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلِہٖ وَسَلَّمَ – یَقُوْلُ:

اِنَّ الشَّیْطَانَ قَعَدَ لِابْنِ آدَمَ بِاَطْرُقِہٖ فَقَعَدَ لَہٗ بِطَرِیْقِ الْاِسْلَامِ فَقَالَ :

تُسْلِمُ وَتَذَرُ دِیْنَکَ وَدِیْنَ آبَاءِ کَ وَآبَاءِ اَبِیْکَ فَعَصَاہُ فَاَسْلَمَ ، ثُمَّ قَعَدَ لَہٗ بِطَرِیْقِ الْھِجْرَۃِ فَقَالَ:

تُھَاجِرُ وَتَدَعُ اَرْضَکَ وَسَمَآءَ کَ وَاِنَّمَا مَثَلُ الْمُھَاجِرِ کَمَثَلِ الْفَرَسِ فِی الطُّوْلِ فَعَصَاہُ فَھَاجَرَ ثُمَّ قَعَدَ لَہٗ بِطَرِیْقِ الْجِھَادِ فَقَالَ:

تُجَاهِدُ فَهُوَ جَهْدُ النَّفْسِ وَالْمَالِ فَتُقَاتِلُ فَتُقْتَلُ فَتُنْكَحُ الْمَرْأَةُ وَيُقْسَمُ الْمَالُ فَعَصَاهُ فَجَاهَدَ . فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – :

مَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ اَنْ يُّدْخِلَهُ الْجَنَّةَ ، وَمَنْ قُتِلَ كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ اَنْ يُّدْخِلَهُ الْجَنَّةَ ، وَاِنْ غَرِقَ كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ اَنْ يُّدْخِلَهُ الْجَنَّةَ ، اَوْ وَقَصَتْهُ دَآبَّتُهُ كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ اَنْ يُّدْخِلَهُ الْجَنَّةَ.

ترجمة الحديث،

حضرت سبرہ بن ابی فاکہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے سنا حضور رسول اللہ۔صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ارشاد فرما رہے تھے:

شیطان انسان کی راہوں میں آ کر بیٹھ جاتا ہے، وہ اسے گمراہ کرنے کیلئے اسلام کے راستہ میں بیٹھ جاتا ہے اسے کہتا ہے:

کیا تو اسلام لائے گا اور اپنا دین، اپنے آباؤ اجداد کا دین اور اپنے باپ کا دین چھوڑ دے گا۔

وہ پختہ ارادہ کرنے والا خوش نصیب شیطان کی بات ماننے سے انکار کر دیتا ہے اور اسلام لے آتا ہے۔

صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۱۳۹۹)	جلد۲	صفحہ۱۰۱
قال الالبانی	صحیح		
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۱۹۵۴)	جلد۲	صفحہ۲۵۰
قال المحقق	ھذا حدیث حسن		
صحیح سنن النسائی	رقم الحدیث (۳۱۳۴)	جلد۲	صفحہ۳۸۰
قال الالبانی:	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۴۵۹۳)	جلد۱۰	صفحہ۴۵۳
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۶۵۵۸)	جلد۷	صفحہ۱۱۸
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۱۶۵۲)	جلد۱	صفحہ۳۳۹
قال الالبانی	صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۴۳۴۷)	جلد۴	صفحہ۴۸۳

شیطان مایوس نہیں ہوتا پھر اس کے ہجرت کے راستہ میں بیٹھ جاتا ہے کہتا ہے: تو ہجرت کر جائے گا، اپنی زمین، اپنا آسمان چھوڑ جائے گا مجاہد کی مثال تو گھوڑے کی مثال ہے لمبائی میں۔ پس وہ مسلمان اس کی بات ماننے سے انکار کر دیتا ہے اور ہجرت کر جاتا ہے۔

پھر شیطان اس کے جہاد کے راستہ میں آ کر بیٹھ جاتا ہے اسے کہتا ہے: تو جہاد کرے گا یہ جہاد تو جان اور مال کا جہاد ہے۔ تو جہاد کرے گا تو قتل کر دیا جائے گا پھر تیری بیوی کا نکاح کسی اور سے کر دیا جائیگا، تیرا مال تقسیم کر دیا جائے گا۔ وہ عظمت و ہمت والا مسلمان شیطان کی بات ماننے سے انکار کر دیتا ہے۔ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جس نے ایسا کیا تو اللہ تعالیٰ پر حق ہے کہ اسے جنت میں داخل فرمائے اور جو شہید کر دیا گیا تو اللہ عزوجل پر حق ہے کہ اسے جنت میں داخل کرے، اور اگر وہ غرق ہو جائے تو اللہ تعالیٰ پر حق ہے کہ اسے جنت میں داخل کرے۔ اگر اس کی سواری نے اسے گرا دیا اور وہ مر گیا تو اللہ تعالیٰ پر حق ہے کہ اسے جنت میں داخل کرے۔

-☆-

اللہ کے ذکر سے اندھا بننے والے
پر
شیطان مسلط ہو جاتا ہے

وَمَنْ يَعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَيِّضْ لَهُ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهُ قَرِيْنٌ ۝ [1]

ترجمہ:

اور جو شخص دانستہ اندھا بنتا ہے رحمان کے ذکر سے، تو ہم مقرر کر دیتے ہیں اس کیلئے شیطان، پس وہ ہر وقت اس کا رفیق رہتا ہے۔

-☆-

(۱) زخرف:۳۶

وَقَيَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَآءَ فَزَيَّنُوْا لَهُمْ مَّا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ
فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ○ [1]

ترجمہ:

اور ہم نے مقرر کر دیے ان کیلئے کچھ ساتھی پس انہوں نے آراستہ کر دکھایا انہیں اگلے اور پچھلے گناہوں کو اور ثابت ہو گیا ان پر فرمان عذاب ان قوموں کی طرح جو ان سے پہلے گزر چکی تھیں جنوں اور انسانوں سے، وہ سب اگلے اور پچھلے نقصان اٹھانے والے تھے۔

-☆-

(۱) حم السجدہ:۲۵

ہر انسان کے ساتھ شیطان ہے

عَنْ عَائِشَةَ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا – قَالَتْ:
خَرَجَ النَّبِيُّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – مِنْ عِنْدِی لَيْلًا ، فَغِرْتُ عَلَيْهِ ، فَجَاءَ ، فَرَاٰى مَا اَصْنَعُ ، فَقَالَ:
مَالَکِ يَا عَائِشَةُ ! اُغِرْتِ ؟ فَقُلْتُ :
وَمَا لِي لَا يَغَارُ مِثْلِيْ عَلَى مِثْلِکَ ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – :
لَقَدْ جَآءَکِ شَيْطَانُکِ .قُلْتُ :
يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ! اَوَ مَعِيَ شَيْطَانٌ ؟ قَالَ:
نَعَمْ . قُلْتُ : وَمَعَ كُلِّ اِنْسَانٍ شَيْطَانٌ ؟ قَالَ :
نَعَمْ . قُلْتُ : وَمَعَکَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ؟ قَالَ :
نَعَمْ وَلٰكِنْ رَبِّی اَعَانَنِيْ عَلَيْهِ فَاَسْلَمَ ، فَلَا يَاْمُرُنِی اِلَّا بِخَيْرٍ .

ترجمة الحديث،

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ -رضی اللہ عنہا- نے بیان فرمایا:

حضور نبی کریم -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- رات کے وقت میرے پاس سے نکل گئے تو مجھے آپ کے باہر جانے پر غیرت ہوئی ۔پھر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے اور آپ نے ملاحظہ فرمایا جو میں کر رہی تھی تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اے عائشہ! کیا بات ہے؟ کیا تو نے غیرت کی ہے؟ میں نے عرض کیا:

میں ایسا کیوں نہ کروں کیا میرے جیسی بیوی آپ جیسے خاوند پر غیرت نہ کرے۔حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

تیرے پاس تیرا شیطان آ گیا ۔میں نے عرض کیا:

یا رسول اللہ! کیا میرے ساتھ شیطان ہے؟حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

ہاں ۔میں نے عرض کیا: اور کیا ہر انسان کے ساتھ شیطان ہے؟حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

ہاں میں نے عرض کیا: اور کیا یا رسول اللہ! آپ کے ساتھ بھی ہے؟حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

ہاں لیکن میرے رب نے میری اعانت ومدد فرمائی پس وہ مسلمان ہوگیا اب وہ مجھ سے سوائے خیر و بھلائی کے کوئی بات نہیں کرتا۔

-☆-

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۸۱۵)	جلد ۴	صفحہ ۲۱۶۸
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۳۲۵۷)	جلد ۳	صفحہ ۳۲۶
جامع الاصول	رقم الحدیث (۲۱۹۵)	جلد ۸	صفحہ ۳۱۸
قال المحقق	صحیح		

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ - رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ - عَنِ النَّبِیِّ - صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ - قَالَ:

كُلُّ بَنِی آدَمَ یَطْعَنُ الشَّیْطَانُ فِیْ جَنْبَیْهِ بِاِصْبَعَیْهِ حِیْنَ یُوْلَدُ، غَیْرَ عِیْسَی ابْنِ مَرْیَمَ ذَهَبَ یَطْعَنُهُ فَطَعَنَ فِی الْحِجَابِ.

ترجمة الحديث،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جب بھی اولادِ آدم (انسانی بچے) میں سے کسی کی پیدائش ہوتی ہے تو شیطان اس کے دونوں پہلوؤں میں اپنی دو انگلیوں سے کچوکا مارتا ہے۔ سوائے حضرت مریم کے بیٹے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے۔ شیطان نے انہیں بھی مارنا چاہا لیکن وہ صرف پردے میں مار سکا۔

-☆-

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۳۲۸۶)	جلد ۲	صفحہ ۱۰۱
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۳۶۶)	جلد ۴	صفحہ ۱۸۳۸
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۴۵۱۶)	جلد ۲	صفحہ ۸۳۱
قال الالبانی	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۶۲۳۳)	جلد ۱۴	صفحہ ۱۲۸
قال شعیب الأرنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۵۶۵۶)	جلد ۵	صفحہ ۲۱۷
قال الالبانی	متفق علیہ		

شیطان
گمراہ کرنے کیلئے تاک میں بیٹھتا ہے

قَالَ فَبِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاَقْعُدَنَّ لَهُمْ صِرَاطَكَ الْمُسْتَقِيْمَ o ثُمَّ لَاٰتِيَنَّهُمْ مِّنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ وَعَنْ اَيْمَانِهِمْ وَعَنْ شَمَآئِلِهِمْ وَلَا تَجِدُ اَكْثَرَهُمْ شٰكِرِيْنَ o[1]

ترجمہ:

کہنے لگا اس وجہ سے کہ تو نے مجھے اپنی رحمت سے مایوس کیا میں ضرور تاک میں بیٹھوں گا ان کو گمراہ کرنے کیلئے تیرے سیدھے راستے پر۔ پھر میں ضرور آؤں گا ان کے پاس بہکانے کیلئے ان کے آگے اور ان کے پیچھے سے اور ان کے دائیں اور ان کے بائیں سے اور تو نہ پائے گا ان میں سے اکثر کو شکر گزار۔

-☆-

(۱) الاعراف: ۱۶، ۱۷

شیطان
آپس میں عداوت وبغض پیدا کرتا ہے
ذکر الٰہی سے روکتا ہے
نماز سے روکتا ہے

اِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ٥[1]

ترجمہ:

یہی تو چاہتا ہے شیطان کہ ڈال دے تمہارے درمیان عداوت اور بغض شراب اور جوے کے ذریعہ اور روک لے تمہیں یاد الٰہی سے اور نماز سے تو کیا تم باز آنے والے ہو؟

-☆-

(۱) سورہ مائدہ:۹۱

کفار کی سرگوشیاں
شیطان کا عمل ہیں

اِنَّمَا النَّجْوٰى مِنَ الشَّيْطٰنِ لِيَحْزُنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيْسَ بِضَآرِّهِمْ شَيْـًٔا اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝[1]

ترجمہ:

کفار کی سرگوشیاں تو شیطان کی طرف سے ہیں، تا کہ وہ غمزدہ کردے ایمان والوں کو حالانکہ وہ انہیں کچھ بھی ضرر نہیں پہنچا سکتا اللہ کے حکم کے بغیر اور اللہ تعالیٰ پر ہی توکل کرنا چاہئے۔

-☆-

(۱) مجادلہ: ۱۰

دو آدمی آپس میں سرگوشی نہ کریں

عَنْ عَبْدِاللّٰہِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلِہٖ وَسَلَّمَ:

اِذَا کُنْتُمْ ثَلَاثَۃً فَلَا یَتَنَاجٰی رَجُلَانِ دُوْنَ الْآخَرِ حَتّٰی تَخْتَلِطُوا بِالنَّاسِ ، فَاِنَّ ذٰلِکَ یُحْزِنُہٗ.

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۲۹۰)	جلد۴	صفحہ۱۹۸۰
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۱۸۴)	جلد۴	صفحہ۱۷۱۸
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۷۸۶)	جلد۱	صفحہ۱۹۸
قال الالبانی	صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۴۸۹۳)	جلد۴	صفحہ۴۴۳
قال الالبانی	متفق علیہ		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۳۷۷۵)	جلد۴	صفحہ۲۷۱
قال محمود محمد محمود	الحدیث متفق علیہ		
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۵۶۹۶)	جلد۳	صفحہ۴۲۷
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۲۸۵۱)	جلد۳	صفحہ۱۳۷
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن ابو داؤد	رقم الحدیث (۲۸۵۱)	جلد۳	صفحہ۱۹۱
قال الالبانی	صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جب تم تین آدمی ہو تو تم میں سے دو آدمی آپس میں سرگوشی نہ کریں تیسرے کو جدا کر کے یہاں تک کہ اور لوگ تم سے ملیں کیونکہ یہ بات تیرے ساتھی کو حزن وملال میں مبتلا کرے گی۔

-☆-

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۳۵۶۰)	جلد ۳	صفحہ ۴۸۶
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۴۰۳۹)	جلد ۴	صفحہ ۱۳۴
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۴۰۴۰)	جلد ۴	صفحہ ۱۳۴
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۴۰۹۳)	جلد ۴	صفحہ ۱۴۰
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۴۱۰۶)	جلد ۴	صفحہ ۱۴۵
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۴۲۰۷)	جلد ۴	صفحہ ۲۴۷
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۴۲۴۴)	جلد ۴	صفحہ ۲۵۴
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۸۳)	جلد ۲	صفحہ ۳۳۴
قال شعیب الأرنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۸۴)	جلد ۲	صفحہ ۳۳۵
قال شعیب الأرنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط البخاری		

شیطان جن پر اپنا گمان سچ کر دکھاتا ہے
وہ اس کے پیروکار بن جاتے ہیں
لیکن مومن شیطان کی پیروی نہیں کرتے

وَلَقَدْ صَدَّقَ عَلَيْهِمْ اِبْلِيْسُ ظَنَّهٗ فَاتَّبَعُوْهُ اِلَّا فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ○ وَمَا كَانَ لَهٗ عَلَيْهِمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يُّؤْمِنُ بِالْاٰخِرَةِ مِمَّنْ هُوَ مِنْهَا فِيْ شَكٍّ وَرَبُّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ○[1]

ترجمہ:

اور بے شک سچ کر دکھایا ان ناشکر گزاروں پر شیطان نے اپنا گمان سو وہ اس کی تابعداری کرنے لگے سوائے مومنوں کے ایک گروہ کے جو حق پر ڈٹا رہا۔ اور نہیں حاصل تھا شیطان کو ان پر ایسا قابو کہ وہ بے بس ہوں مگر یہ سب کچھ اس لئے ہوا کہ ہم دکھانا چاہتے تھے کہ کون آخرت پر ایمان رکھتا ہے اور کون اس کے متعلق شک میں مبتلا ہے، اور اے حبیب! آپ کا رب ہر چیز پر نگہبان ہے۔

(۱) سبا: ۲۰، ۲۱

ظلم کرنے والے قاضی - جج - کے ساتھ شیطان ہوتا ہے

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِی اَوْفٰی – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – عَنِ النَّبِیِّ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – قَالَ:

اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الْقَاضِی مَا لَمْ یَجُرْ ، فَاِذَا جَارَ تَخَلّٰی اللّٰهُ عَنْهُ وَلَزِمَهُ الشَّیْطَانُ .

مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (٣٦٦٩)	جلد٣	صفحہ٢٨٠
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (٢١٩٦)	جلد٢	صفحہ٥٢٣
قال الالبانی	حذا حدیث حسن		
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (٣٣٢٣)	جلد٣	صفحہ١٠٨
قال المحقق	حذا حدیث حسن بشواھدہ		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (٥٠٦٢)	جلد١١	صفحہ٤٤٨
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ حسن		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (١٨٢٧)	جلد١	صفحہ٣٤٢
قال الالبانی:	حذا حدیث حسن		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (٢٣١٢)	جلد٣	صفحہ١٠١
قال محمود محمد محمود	الحدیث حسن		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (١٣٣٠)	جلد٢	صفحہ٢٢
قال الالبانی	حذا حدیث حسن		

ترجمة الحديث،

حضرت عبداللہ بن ابی اوفی - رضی اللہ عنہ - سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم - صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم - نے ارشاد فرمایا:

بے شک اللہ تعالیٰ قاضی - جج - کے ساتھ ہوتا ہے جب تک کہ وہ ظلم نہ کرے۔ جب وہ ظلم کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے تنہا چھوڑ دیتا ہے اور شیطان اس کے ساتھ چمٹ جاتا ہے۔

-☆-

عَنْ اَبِی قَتَادَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ النَّبِیُّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – :

اَلرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ مِنَ اللّٰهِ ، وَالْحُلْمُ مِنَ الشَّيْطَانِ ، فَمَنْ رَاٰى شَيْئًا يَكْرَهُهُ فَلْيَنْفُثْ عَنْ شِمَالِهٖ ثَلَاثًا وَلْيَتَعَوَّذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ فَاِنَّهَا لَا تَضُرُّهُ.

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۳۲۹۲)	جلد۲	صفحہ۱۰۱۲
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۵۷۴۷)	جلد۴	صفحہ۱۸۳۵
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۹۸۴)	جلد۴	صفحہ۲۱۸۷
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۹۸۶)	جلد۴	صفحہ۲۱۸۷
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۹۹۵)	جلد۴	صفحہ۲۱۹۱
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۷۰۴۴)	جلد۴	صفحہ۲۲۰۴
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۷۰۰۵)	جلد۴	صفحہ۲۱۹۳
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۲۶۱)	جلد۴	صفحہ۱۷۷۱
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۵۹۰۲)	جلد۴	صفحہ۱۲
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۵۹۰۳)	جلد۴	صفحہ۱۲
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۵۰۲۱)	جلد۳	صفحہ۲۴۳
قال الالبانی:	صحیح		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۳۹۰۹)	جلد۴	صفحہ۳۴۳
قال محمود محمد محمود:	الحدیث صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۲۶۴۳)	جلد۱۶	صفحہ۳۲۱
قال حمزہ احمد الزین:	اسنادہ صحیح		

ترجمة الحديث:

حضرت ابوقتادہ -رضی اللہ عنہ- سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا:

نیک خواب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور برا خواب شیطان کی طرف سے ہے۔پس جو آدمی خواب میں ایسی کوئی چیز دیکھے جسے وہ ناپسند کرتا ہو تو اپنی بائیں جانب تین مرتبہ تھوک دے اور اللہ تعالیٰ کی پناہ وحفاظت مانگے شیطان کے شر سے پس یہ خواب اسے نقصان نہیں پہنچائے گا۔

-☆-

السنن الکبری	رقم الحدیث(۷۵۸۰)	جلد۷	صفحہ۱۰۵
مسند الامام احمد	رقم الحدیث(۲۲۳۸۲)	جلد۱۶	صفحہ۳۵۹
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث(۲۲۴۹۲)	جلد۱۶	صفحہ۳۶۲
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث(۲۲۴۹۷)	جلد۱۶	صفحہ۳۶۴
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث(۲۲۵۴۳)	جلد۱۶	صفحہ۳۷۷
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث(۲۲۵۳۴)	جلد۱۶	صفحہ۳۷۴
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث(۴۵۳۵)	جلد۲	صفحہ۳۰۰
قال الالبانی	متفق علیہ		
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث(۱۵۹۸)	جلد۲	صفحہ۲۶۰
قال الالبانی	صحیح		
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث(۴۳۸۳)	جلد۲	صفحہ۴۵۲
قال المحقق	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث(۶۰۵۸)	جلد۱۳	صفحہ۴۲۲
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط البخاری		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث(۶۰۵۹)	جلد۱۳	صفحہ۴۲۳
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		

صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (٣٥٣١)	جلد ١	صفحہ ٦٦٢
قال الالبانی:	صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (٦٠٨٧)	جلد ٧	صفحہ ١١٨
السنن الکبری	رقم الحدیث (١٠٦٦٣)	جلد ٩	صفحہ ٣٢٩
السنن الکبری	رقم الحدیث (١٠٦٦٧)	جلد ٩	صفحہ ٣٣٠
السنن الکبری	رقم الحدیث (١٠٦٦٨)	جلد ٩	صفحہ ٣٣٠
جامع الاصول	رقم الحدیث (٩٩٠)	جلد ٢	صفحہ ٣٣٥
قال المحقق	صحیح		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (٣٢٧٧)	جلد ٢	صفحہ ٥١٢
قال الالبانی	صحیح		

دین کے بارے میں اعتراضات

شیطان ڈالتا ہے

وَلَا تَاْكُلُوْا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَ اِنَّهٗ لَفِسْقٌ وَاِنَّ الشَّيٰطِيْنَ لَيُوْحُوْنَ
اِلٰٓى اَوْلِيٰٓئِهِمْ لِيُجَادِلُوْكُمْ وَاِنْ اَطَعْتُمُوْهُمْ اِنَّكُمْ لَمُشْرِكُوْنَ ○ [1]

ترجمہ:

اور مت کھاؤ اس جانور سے کہ نہیں لیا گیا اللہ کا نام اس پر اور اس کا کھانا نافرمانی ہے۔ اور بے شک شیطان ڈالتے ہیں اپنے دوستوں کے دلوں میں اعتراضات تا کہ وہ تم سے جھگڑیں۔ اور اگر تم نے ان کا کہنا مانا تو تم مشرک ہو جاؤ گے۔

-☆-

(۱) انعام:۱۲۱

شیطان
برائی اور بے حیائی کا حکم دیتا ہے

اِنَّمَا یَاْمُرُکُمْ بِالسُّوْٓءِ وَالْفَحْشَآءِ وَاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَی اللّٰہِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ [1]

ترجمہ:

وہ تو حکم دیتا ہے تمہیں برائی اور بے حیائی کا اور یہ کہ کہو اللہ پر جو تم نہیں جانتے۔

-☆-

شیطان

آپس میں لڑائی کرواتا ہے

عَنْ جَابِرٍ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : سَمِعْتُ النَّبِيَّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – يَقُوْلُ :

إِنَّ الشَّيْطَانَ قَدْ أَيِسَ أَنْ يَعْبُدَهُ الْمُصَلُّوْنَ فِي جَزِيْرَةِ الْعَرَبِ ، وَلٰكِنْ فِي التَّحْرِيْشِ بَيْنَهُمْ۔

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۸۱۲)	جلد ۴	صفحہ ۲۱۶۶
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۷۱۰۳)	جلد ۴	صفحہ ۳۱۰
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۷۱۰۴)	جلد ۴	صفحہ ۳۱۰
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۶۸)	جلد ۱	صفحہ ۸۷
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۴۹۵۸)	جلد ۴	صفحہ ۴۴۷
جامع الاصول	رقم الحدیث (۱۲۶۳)	جلد ۲	صفحہ ۵۲۵
قال المحقق	صحیح		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۲۹۷۸)	جلد ۹	صفحہ ۳۰۷
قال المحقق	صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے سنا حضور نبی کریم ۔صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ ارشاد فرما رہے تھے:

بے شک شیطان مایوس ہو چکا ہے کہ جزیرہ عرب میں نماز ادا کرنے والے اس کی عبادت کریں گے یعنی شرک کریں گے ۔لیکن شیطان ان نمازیوں کو بھڑکا کر آپس میں لڑائے گا۔

-☆-

صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۱۹۳۷)	جلد۲	صفحہ۳۵۶
قال الالبانی	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۱۶۵۱)	جلد۱	صفحہ۳۳۹
قال الالبانی	ھذا الحدیث حسن		
سلسلة الاحادیث الصحیحہ	رقم الحدیث (۱۶۰۸)	جلد۴	صفحہ۱۴۰
قال الالبانی	حدیث صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۷۶۳)	جلد۳	صفحہ۵۱
قال الالبانی	صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۳۰۷۳)	جلد۳	صفحہ۴۵۰
قال الالبانی	ھذا الحدیث حسن		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۴۳۰۳)	جلد۱۱	صفحہ۴۲۷
قال حمزة احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۴۸۷۸)	جلد۱۲	صفحہ۲۸
قال حمزة احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۵۰۵۶)	جلد۱۲	صفحہ۷۷
قال حمزة احمد الزین	اسنادہ صحیح		

بچے کی پیدائش کے وقت
شیطان کا حملہ

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – عَنِ النَّبِیِّ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – قَالَ :

مَا مِنْ مُوْلُوْدٍ یُوْلَدُ اِلَّا نَخَسَهُ – یَطْعَنُهُ فِی خَاصِرَتِهٖ – الشَّیْطَانُ فَیَسْتَهِلُّ صَارِخًا مِنْ نَخْسَةِ الشَّیْطَانِ اِلَّا ابْنَ مَرْیَمَ وَاُمَّهُ .

ثُمَّ قَالَ اَبُو هُرَیْرَةَ : اقْرَؤُا اِنْ شِئْتُمْ:

وَاِنِّیْٓ اُعِیْذُهَا بِکَ وَذُرِّیَّتَهَا مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِO

صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۵۷۸۵)	جلد ۲	صفحہ ۱۰۰۷
قال الالبانی	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۶۲۳۵)	جلد ۱۴	صفحہ ۱۲۹
قال شعیب الأرنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط البخاری		
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۳۴۳۱)	جلد ۲	صفحہ ۱۰۶۷
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۴۵۴۸)	جلد ۳	صفحہ ۱۳۷۸
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۳۶۶)	جلد ۴	صفحہ ۱۸۳۸

ترجمة الحديث،

حضرت ابو ہریرہ -رضی اللہ عنہ- سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا:

جب بھی کوئی بچہ پیدا ہوتا ہے تو شیطان اس کو چھوتا ہے، اس کے پہلو میں کچوکا لگاتا ہے۔شیطان کے چھونے سے بچہ چیخنے لگتا ہے سوائے حضرت مریم رضی اللہ عنہا اور ان کے بیٹے عیسی علیہا السلام کے۔حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ نے فرمایا:

اگر تم چاہو تو یہ آیت کریمہ تلاوت کرو۔

وَاِنِّیْٓ اُعِیْذُهَا بِکَ وَذُرِّیَّتَهَا مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

اور میں تیری پناہ میں دیتی ہوں اسے اور اسکی اولاد کو شیطان مردود کے شر سے۔

-☆-

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۷۱۸۲)	جلد ۷	صفحہ ۱۲۸
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۷۶۹۳)	جلد ۷	صفحہ ۴۲۱
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		

شیطان
موت کے وقت نعمت ایمان چھینا چاہتا ہے
شیطان سے بچنے کی دعا

عَنْ اَبِی الْیُسْرِ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلہٖ وَسَلَّمَ – کَانَ یَدْعُوْ:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْھَدْمِ ، وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ التَّرَدِّی ، وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْغَرَقِ ، وَالْحَرَقِ ، وَالْھَرَمِ ، وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ اَنْ یَتَخَبَّطَنِیَ الشَّیْطَانُ عِنْدَ الْمَوْتِ ، وَاَعُوْذُبِکَ اَنْ اَمُوْتَ فِیْ سَبِیْلِکَ مُدْبِرًا ، وَاَعُوْذُ بِکَ اَنْ اَمُوْتَ لَدِیْغًا۔

جامع الاصول	رقم الحدیث (۲۳۹۶)	جلد۴	صفحہ۳۰۴
السنن الکبری	رقم الحدیث (۷۹۱۹)	جلد۷	صفحہ۲۳۹
صحیح سنن ابوداؤد	رقم الحدیث (۱۵۵۲)	جلد۱	صفحہ۴۲۵
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن ابوداؤد	رقم الحدیث (۱۵۵۳)	جلد۱	صفحہ۴۲۵
قال الالبانی	صحیح		

ترجمۃ الحدیث،

حضرت ابی الیسر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا فرمایا کرتے تھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْھَدْمِ ، وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ التَّرَدِّی ، وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْغَرَقِ ، وَالْحَرَقِ ، وَالْھَرَمِ ، وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ اَنْ یَتَخَبَّطَنِیَ الشَّیْطَانُ عِنْدَ الْمَوْتِ ، وَاَعُوْذُبِکَ اَنْ اَمُوْتَ فِیْ سَبِیْلِکَ مُدْبِرًا ، وَاَعُوْذُ بِکَ اَنْ اَمُوْتَ لَدِیْغًا۔

اے اللہ! میں تیری پناہ وحفاظت چاہتا ہوں کہ کسی دیوار کے نیچے دب کر مر جاؤں اور تیری پناہ وحفاظت مانگتا ہوں کہ کسی بلند جگہ سے گر کر مر جاؤں۔میں تیری پناہ وحفاظت چاہتا ہوں غرق ہونے سے، جلنے سے، یا ازحد بوڑھا ہونے سے۔

میں تیری پناہ وحفاظت چاہتا ہوں اس سے کہ شیطان مجھے موت کے وقت خبط وبد حواسی میں مبتلا کر دے۔اور میں تیری پناہ حفاظت چاہتا ہوں کہ تیری راہ میں پیٹھ پھیر کر بھاگتے ہوئے مر جاؤں۔اور تیری پناہ وحفاظت چاہتا ہوں کہ کسی موذی جانور کے ڈسنے سے مر جاؤں۔

-☆-

صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۱۲۸۲)	جلد۲	صفحہ۲۷۵
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۵۴۶۲)	جلد۱۲	صفحہ۲۱۵
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۵۴۶۳)	جلد۱۲	صفحہ۲۱۶
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۷۹۱۷)	جلد۷	صفحہ۲۳۸
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۷۹۱۸)	جلد۷	صفحہ۲۳۹

شیطان رات انسان کو تھپکی دیتا ہے کہ وہ نماز ادا نہ کرے

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلہٖ وَسَلَّمَ قَالَ: يَعْقِدُ الشَّيْطَانُ عَلٰی قَافِيَةِ رَأْسِ اَحَدِكُمْ اِذَا هُوَ نَامَ ثَلَاثَ عُقَدٍ يَضْرِبُ عَلٰی كُلِّ عُقْدَةٍ: عَلَيْكَ لَيْلٌ طَوِيْلٌ فَارْقُدْ فَاِنِ اسْتَيْقَظَ فَذَكَرَ اللّٰهَ انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ فَاِنْ تَوَضَّاَ انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ فَاِنْ صَلّٰی انْحَلَّتْ عُقَدُهٗ كُلُّهَا فَاَصْبَحَ نَشِيْطًا طَيِّبَ النَّفْسِ وَاِلَّا اَصْبَحَ خَبِيْثَ النَّفْسِ كَسْلَانَ.

سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۱۳۲۹)	جلد ۲	صفحہ ۱۳۲
قال محمود محمد محمود	الحدیث متفق علیہ		
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۱۱۴۲)	جلد ۱	صفحہ ۳۳۱
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۳۲۶۹)	جلد ۲	صفحہ ۱۰۰۸
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۸۱۰۷)	جلد ۲	صفحہ ۱۳۲۷
قال الالبانی	صحیح		
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۷۷۶)	جلد ۱	صفحہ ۵۳۸
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۱۳۰۶)	جلد ۱	صفحہ ۳۵۷
قال الالبانی	صحیح		

ترجمۃ الحدیث،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جب تم میں سے کوئی شخص سوجاتا ہے تو شیطان اس کے سر کے پچھلے حصے پر تین گرہیں لگاتا ہے اور ہر گرہ کو ان لفظوں سے بند کرتا ہے۔ تیرے سامنے بہت لمبی رات ہے سو جا۔

پس جب وہ بیدار ہو تو وہ اللہ کا ذکر کرے تو ایک گرہ کھل جاتی ہے۔ اس کے بعد اگر وضو کرے تو ایک اور گرہ کھل جاتی ہے اور پھر اگر وہ نماز پڑھے تو اسکی تمام گرہیں کھل جاتی ہیں اور وہ صبح کو ہوشیار اور پاکیزہ نفس ہوتا ہے۔ ورنہ وہ صبح کو خبیث النفس اور سست ہوتا ہے۔

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (٧٣٠٦)	جلد٧	صفحہ١٣٢
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (١١٧٩)	جلد٥	صفحہ٣٩
قال الالبانی	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (٨٩٣)	جلد١	صفحہ٣٧٥
قال المحقق	صحیح		
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (٩٣٣)	جلد١	صفحہ٣٩٩
قال المحقق	صحیح		
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (٦١٣)	جلد١	صفحہ٣٩٥
قال الالبانی	صحیح		
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (٦٣٧)	جلد١	صفحہ٤٠٩
قال الالبانی	صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (١٢١٩)	جلد٢	صفحہ٣٣
قال الالبانی	متفق علیہ		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (٢٥٥٣)	جلد٦	صفحہ٢٩٣
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
صحیح سنن النسائی	رقم الحدیث (١٦٠٦)	جلد١	صفحہ٥٢٣
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (٧٣٣٣)	جلد٧	صفحہ٣٣٣
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		

شیطان رات انسان کے ناک میں بسر کرتا ہے

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ :عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:
اِذَا اسْتَیْقَظَ اَحَدُكُمْ مِنْ مَنَامِهٖ فَتَوَضَّأَ ، فَلْیَسْتَنْثِرْ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ، فَاِنَّ الشَّیْطَانَ یَبِیْتُ عَلٰی خِیَاشِیْمِهٖ.

صحیح البخاری	رقم الحدیث (٣٢٩٥)	جلد٢	صفحہ١٠١٣
صحیح مسلم	رقم الحدیث (٢٣٨)	جلد١	صفحہ٢١٢
جامع الاصول	رقم الحدیث (٥١٨٤)	جلد٧	صفحہ٢٠٧
قال المحقق	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (٣٣٠)	جلد١	صفحہ١٣١
قال الالبانی	صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (٩٦)	جلد١	صفحہ١٠٩
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (٣٧٦)	جلد١	صفحہ٢١٨
قال الالبانی	متفق علیہ		

ترجمة الحديث،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جب تم میں سے کوئی آدمی نیند سے بیدار ہو پس وہ وضو کرے تو اسے چاہئے کہ وہ تین بار ناک میں پانی ڈال کر اسے صاف کرے کیونکہ شیطان اس کے نتھنوں میں رات گزارتا ہے۔

-☆-

مسند الامام احمد　رقم الحدیث (۸۶۰۷)　جلد ۸　صفحہ ۳۶۸
قال احمد محمد شاکر　اسنادہ صحیح

شیطان کا کان میں پیشاب کرنا

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – قَالَ:

ذُکِرَ عِنْدَ النَّبِیِّ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلِہٖ وَسَلَّمَ رَجُلٌ نَامَ لَیْلَۃً حَتّٰی اَصْبَحَ قَالَ:

ذَاکَ رَجُلٌ بَالَ الشَّیْطَانُ فِیْ اُذُنَیْہِ اَوْقَالَ : اُذُنِہٖ۔

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۱۱۴۴)	جلد۱	صفحہ۳۴۱
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۳۲۷۰)	جلد۲	صفحہ۱۰۰۸
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۷۷۴)	جلد۱	صفحہ۵۳۷
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۱۳۳۰)	جلد۲	صفحہ۱۴۲
قال محمود محمد محمود	الحدیث متفق علیہ		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۳۰۴)	جلد۲	صفحہ۱۱۶
صحیح سنن النسائی	رقم الحدیث (۱۶۰۷)	جلد۱	صفحہ۵۲۴
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن النسائی	رقم الحدیث (۱۶۰۸)	جلد۱	صفحہ۵۲۴
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۴۰۵۹)	جلد۴	صفحہ۱۳۱
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		

ترجمة الحديث،

سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ایک آدمی کا ذکر کیا گیا جو ساری رات صبح تک سویا رہا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اس کے کانوں میں شیطان نے پیشاب کر دیا ہے۔ یا فرمایا: اس کے کان میں۔

-☆-

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۳۵۵۷)	جلد۳	صفحہ ۴۸۵
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
الترغیب والترهیب	رقم الحدیث (۹۳۱)	جلد۱	صفحہ ۴۹۸
قال المحقق	صحیح		
صحیح الترغیب والترهیب	رقم الحدیث (۶۳۳)	جلد۱	صفحہ ۴۰۹
قال الالبانی	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۵۶۲)	جلد۶	صفحہ ۳۰۲
قال شعیب الأرنؤوط	اسنادہ صحیح		

برا خواب شیطان کی طرف سے ہے

عَنْ جَابِرٍ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – قَالَ :

اِذَا رَأَی اَحَدُكُمُ الرُّؤْيَا يَكْرَهُهَا فَلْيَبْصُقْ عَنْ يَسَارِهٖ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ وَيَسْتَعِيْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ ثَلَاثًا وَلْيَتَحَوَّلْ عَنْ جَنْبِهِ الَّذِیْ كَانَ عَلَيْهِ.

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۲۶۲)	جلد۴	صفحہ۱۷۷۲
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۵۹۰۴)	جلد۴	صفحہ۱۳
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۴۵۳۶)	جلد۴	صفحہ۳۰۰
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۵۰۲۲)	جلد۳	صفحہ۲۳۳
قال الالبانی:	صحیح		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۳۹۰۸)	جلد۴	صفحہ۳۲۳
قال محمود محمد محمود:	الحدیث صحیح		
صحیح سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۳۱۷۱)	جلد۳	صفحہ۲۷۷
قال الالبانی:	صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت جابر -رضی اللہ عنہ- سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا:

جب تم میں سے کوئی ایسی خواب دیکھے جسے وہ ناپسند کرتا ہو تو اسے چاہیے کہ اپنی بائیں جانب تین مرتبہ تھوک دے اور تین مرتبہ پڑھے:

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْم

میں اللہ کی پناہ و حفاظت میں آتا ہوں مردود شیطان کے شر سے۔

اور جس پہلو پر وہ لیٹا ہو تو اس پہلو کو بدل لے۔

-☆-

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (١٤٧١٦)	جلد١١	صفحہ٥٣٩
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (١٥٩٧)	جلد٢	صفحہ٢٦٠
قال الالبانی	صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (٧٢٠٦)	جلد٧	صفحہ١١٧
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (٣٣٨١)	جلد٢	صفحہ٤٥١
قال المحقق	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (٦٠٦٠)	جلد١٣	صفحہ٤٤٣
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (٥٥١)	جلد١	صفحہ١٥٧
قال الالبانی:	صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (١٠٦٨١)	جلد٩	صفحہ٣٤٣
جامع الاصول	رقم الحدیث (٩٩٢)	جلد٢	صفحہ٣٤٧
قال المحقق	صحیح		

برے خواب
شیطان کی طرف سے ہیں

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – عَنِ النَّبِیِّ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلِہٖ وَسَلَّمَ – قَالَ:

اِذَا رَاٰی اَحَدُکُمْ رُؤْیَا یُحِبُّھَا ، فَاِنَّمَا ھِیَ مِنَ اللّٰہِ تَعَالٰی ، فَلْیَحْمَدِ اللّٰہِ عَلَیْھَا ، وَلْیُحَدِّثْ بِھَا ، وَاِذَا رَاٰی غَیْرَ ذٰلِکَ مِمَّا یَکْرَہُ ، فَاِنَّمَا ھِیَ مِنَ الشَّیْطَانِ ، فَلْیَسْتَعِذْ مِنْ شَرِّھَا ، وَلَا یَذْکُرْھَا لِاَحَدٍ ، فَاِنَّھَا لَا تَضُرُّہُ.

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۹۸۵)	جلد۴	صفحہ۲۱۸۷
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۷۰۴۵)	جلد۴	صفحہ۲۲۰۴
السنن الکبری	رقم الحدیث (۷۶۰۵)	جلد۷	صفحہ۱۱۷
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۶۶۳)	جلد۹	صفحہ۳۲۹
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۰۹۹۵)	جلد۱۰	صفحہ۲۹
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۱۵۹۸)	جلد۲	صفحہ۲۶۰
قال الالبانی	صحیح		

ترجمۃ الحدیث،

حضرت ابو سعید خدری -رضی اللہ عنہ- سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا:

جب تم میں سے کوئی آدمی اچھا خواب دیکھے تو وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے، پس وہ اس پر اللہ تعالیٰ کی حمد کرے، اس کا شکر ادا کرے اور اسے بیان کر دے۔ اور جب اس کے برعکس نامناسب خواب دیکھے جسے وہ پسند نہ کرتا ہو تو وہ شیطان کی طرف سے ہے۔ پس وہ اللہ تعالیٰ کی حفاظت و پناہ مانگے شیطان کے شر سے یعنی:

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم پڑھے اور کسی کے سامنے اسے بیان نہ کرے اس وجہ سے وہ اسے نقصان نہیں دے گا۔

-☆-

الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۲۳۸۲)	جلد۲	صفحہ۴۵۱
قال المحقق	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۵۴۹)	جلد۱	صفحہ۱۵۶
قال الالبانی:	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۵۵۰)	جلد۱	صفحہ۱۵۶
قال الالبانی:	صحیح		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۹۹۱)	جلد۲	صفحہ۳۴۷
قال المحقق	صحیح		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۳۴۵۳)	جلد۳	صفحہ۴۴۲
قال الالبانی	صحیح		

شیطان

نماز میں سہو پیدا کرتا ہے

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – عَنِ النَّبِیِّ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – قَالَ:

اِذَا شَکَّ اَحَدُکُمْ فِی صَلَاتِهٖ ، فَلَمْ یَدْرِکَمْ صَلّٰی ثَلَاثًا اَمْ اَرْبَعًا ؟ فَلْیَطْرَحِ الشَّکَّ وَلْیَبْنِ عَلٰی مَا اسْتَیْقَنَ ، ثُمَّ یَسْجُدُ سَجْدَتَیْنِ قَبْلَ اَنْ یُسَلِّمَ ، فَاِنْ کَانَ صَلّٰی خَمْسًا ، شَفَعْنَ لَهٗ صَلَاتَهٗ ، وَاِنْ کَانَ صَلّٰی اِتْمَامًا لِاَرْبَعٍ ، کَانَتَا تَرْغِیْمًا لِلشَّیْطٰنِ.

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۱۲۷۲)	جلد۱	صفحہ۳۶۱
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۵۷۱)	جلد۱	صفحہ۴۰۰
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۱۲۱۰)	جلد۲	صفحہ۸۲
قال محمود محمد محمود	الحدیث حسن صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۶۳۲)	جلد۱	صفحہ۱۷۰
قال الالبانی	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۶۶۳)	جلد۶	صفحہ۳۸۶
قال شعیب الأرنؤوط	الحدیث صحیح		

ترجمة الحدیث:

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جب تم میں سے کسی کو اپنی نماز میں شک گزرے اور اسے معلوم نہ ہو سکے کہ اس نے تین

صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۶۶۴)	جلد۶	صفحہ ۳۸۷
قال شعیب الأرنؤوط	اسنادہ قوی علی شرط مسلم		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۶۶۷)	جلد۶	صفحہ ۳۸۹
قال شعیب الأرنؤوط	اسنادہ قوی علی شرط مسلم		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۶۶۹)	جلد۶	صفحہ ۳۹۱
قال شعیب الأرنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط البخاری		
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۱۰۲۴)	جلد۱	صفحہ ۲۸۳
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۹۳۹)	جلد۲	صفحہ ۱۸۱
قال الالبانی	اسنادہ حسن صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۵۸۸)	جلد۱	صفحہ ۳۰۷
السنن الکبری	رقم الحدیث (۵۸۹)	جلد۱	صفحہ ۳۰۷
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۱۶۲)	جلد۲	صفحہ ۵۱
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۱۶۳)	جلد۲	صفحہ ۵۱
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۱۶۳۹)	جلد۱۰	صفحہ ۲۲۷
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۱۷۳۱)	جلد۱۰	صفحہ ۲۶۰
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۱۷۶۹)	جلد۱۰	صفحہ ۲۷۶
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
الارواء الغلیل	رقم الحدیث (۴۱۱)	جلد۲	صفحہ ۱۳۴
قال الالبانی	اسنادہ صحیح		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۳۷۶۱)	جلد۵	صفحہ ۵۵۷
قال المحقق	صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۹۷۳)	جلد۱	صفحہ ۳۵۱

رکعت پڑھی ہیں یا چار رکعت تو اسے چاہئے کہ شک کو پھینک دے اور یقین پر قائم رہے یعنی چوتھی رکعت میں شک ہے اسے شمار نہ کرے تین رکعت کا یقین ہے اس پر قائم رہے۔

پھر سلام پھیرنے سے پہلے سہو کے دو سجدے کرے پس اگر اس نے پانچ رکعات پڑھی ہیں تو یہ دو سجدے چھ رکعات بنا دیں گے۔ اور اگر اس نے چار رکعات پوری پڑھی ہیں تو یہ دو سجدے شیطان کے منہ میں خاک ڈالیں گے یعنی اسے رسوا کریں گے۔

-☆-

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – عَنِ النَّبِیِّ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – قَالَ:

اِنَّ اَحَدَکُمْ اِذَا قَامَ یُصَلِّی، جَاءَهُ الشَّیْطَانُ فَلَبَّسَ عَلَیْهِ حَتّٰی لَا یَدْرِیْ کَمْ صَلّٰی، فَاِذَا وَجَدَ اَحَدُکُمْ ذٰلِکَ، فَلْیَسْجُدْ سَجْدَتَیْنِ وَهُوَ جَالِسٌ.

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۱۲۳۲)	جلد ۱	صفحہ ۳۶۷
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۳۸۹)	جلد ۱	صفحہ ۳۹۸
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۱۲۶۵)	جلد ۱	صفحہ ۳۵۹
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۱۲۶۶)	جلد ۱	صفحہ ۳۵۹
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۱۲۱۶)	جلد ۲	صفحہ ۸۵
قال محمود محمد محمود	الحدیث حسن صحیح		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۱۲۱۷)	جلد ۲	صفحہ ۸۵
قال محمود محمد محمود	الحدیث حسن صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۱۵۳۹)	جلد ۱	صفحہ ۳۲۰
قال الالبانی	صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۹۷۲)	جلد ۱	صفحہ ۲۵۱
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۶۸۳)	جلد ۶	صفحہ ۴۰۱
قال شعیب الأرنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرطھما		
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۱۰۳۰)	جلد ۱	صفحہ ۲۸۵
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۱۰۳۱)	جلد ۱	صفحہ ۲۸۵
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۱۰۳۲)	جلد ۱	صفحہ ۲۸۵
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۹۴۳)	جلد ۴	صفحہ ۸۷
قال الالبانی	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۵۹۵)	جلد ۱	صفحہ ۳۰۹
السنن الکبری	رقم الحدیث (۵۹۶)	جلد ۱	صفحہ ۳۱۰

ترجمة الحديث،

حضرت ابو ہریرہ-رضی اللہ عنہ- سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا:

جب تم میں سے کوئی ایک نماز ادا کرنے کیلئے کھڑا ہوتا ہے تو اس کے پاس شیطان آتا ہے اور اس پر اس کی رکعتیں ملتبس کر دیتا ہے یعنی شک ڈال دیتا ہے کہ کتنی رکعتیں ادا کی ہیں۔ حتی کہ اسے معلوم نہیں رہتا کہ کس قدر نماز پڑھی ہے۔ جب تم میں سے کوئی ایسا پائے تو اسے چاہئے کہ وہ جب آخری قعدہ بیٹھا ہو تو دو سجدے کر لے۔

السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۱۷۶)	جلد۲	صفحہ۵۵
جامع الاصول	رقم الحدیث (۳۷۷۲)	جلد۵	صفحہ۵۷۵
قال المحقق	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۷۶۸۰)	جلد۷	صفحہ۴۱۱
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۷۸۰۹)	جلد۷	صفحہ۴۹۳
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۳۹۷)	جلد۱	صفحہ۲۲۸
قال الالبانی	صحیح		

نماز میں وسوسہ ڈالنے والا

خنزب شیطان ہے

عَنْ اَبِی الْعَلَاءِ ، اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ اَبِی الْعَاصِ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – اَتَی النَّبِیَّ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلِہٖ وَسَلَّمَ – فَقَالَ:

یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ! اِنَّ الشَّیْطَانَ قَدْ حَالَ بَیْنِیْ وَبَیْنَ صَلَاتِیْ وَقِرَاَتِیْ یُلَبِّسُھَا عَلَیَّ

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلِہٖ وَسَلَّمَ –:

ذَاکَ شَیْطَانٌ یُقَالُ لَہٗ خِنْزَبٌ ، فَاِذَا اَحْسَسْتَہٗ فَتَعَوَّذْ بِاللّٰہِ مِنْہُ ، وَاتْفِلْ عَلٰی یَسَارِکَ ثَلَاثًا ، قَالَ:

فَفَعَلْتُ ذٰلِکَ فَاَذْھَبَہُ اللّٰہُ عَنِّی .

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۲۰۳)	جلد ۴	صفحہ ۱۷۳۸
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۵۷۳۸)	جلد ۳	صفحہ ۳۵۶
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۵۷۳۹)	جلد ۳	صفحہ ۳۵۶
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۵۷۴۰)	جلد ۳	صفحہ ۳۵۶

ترجمۃ الحدیث،

حضرت ابو العلاء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے اور عرض کی:

یا رسول اللہ! شیطان میرے اور میری نماز اور میری قرات کے درمیان حائل ہو گیا وہ قرآت میں شبہ ڈال رہا تھا۔ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

یہ شیطان ہے جسے خنزب کہا جاتا ہے جب تم ایسا محسوس کرو تو اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم پڑھو اور اپنی بائیں جانب تین دفعہ تھوک دو۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشاد گرامی پر عمل کیا تو اللہ تعالی نے اسے مجھ سے دور کر دیا۔

-☆-

مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۷۴)	جلد ۱	صفحہ ۸۹
جامع الاصول	رقم الحدیث (۴۳۷۶)	جلد ۶	صفحہ ۳۶۵
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۸۳۶۶)	جلد ۹	صفحہ ۵۲
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۴۰۲)	جلد ۲	صفحہ ۴۶۲
قال المحقق	صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۶۱۵)	جلد ۲	صفحہ ۳۶۹
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۷۸۴۳)	جلد ۱۳	صفحہ ۵۴۰
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۷۸۴۴)	جلد ۱۳	صفحہ ۵۴۰
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۸۳۶۷)	جلد ۹	صفحہ ۵۳
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۸۳۶۸)	جلد ۹	صفحہ ۵۳

شیطان

وسوسے پیدا کرتا ہے

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ o مَلِكِ النَّاسِ o اِلٰهِ النَّاسِ o مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ o اَلَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ o مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ o [1]

ترجمہ:

اے حبیب! عرض کیجیے میں پناہ لیتا ہوں سب انسانوں کے پروردگار کی، سب انسانوں کے بادشاہ کی، سب انسانوں کے معبود کی۔ بار بار وسوسہ ڈالنے والے، بار بار پسپا ہونے والے کے شر سے جو وسوسہ ڈالتا رہتا ہے لوگوں کے دلوں میں، خواہ وہ جنات میں سے ہو یا انسانوں میں سے۔

-☆-

فَوَسْوَسَ اِلَیْهِ الشَّیْطٰنُ قَالَ یٰاٰدَمُ هَلْ اَدُلُّكَ عَلٰی شَجَرَةِ الْخُلْدِ وَمُلْكٍ لَّا یَبْلٰی o [2]

(۱) سورۃ الناس

(۲) طٰہٰ: ۱۲۰

پس شیطان نے ان کے دل میں وسوسہ ڈالا ۔ اس نے کہا اے آدم! کیا میں آگاہ کروں تمہیں ہمیشگی کے درخت پر اور ایسی بادشاہی پر جو کبھی زائل نہ ہوا ۔

-☆-

فَوَسْوَسَ لَهُمَا الشَّيْطٰنُ لِيُبْدِيَ لَهُمَا مَا وٗرِيَ عَنْهُمَا مِنْ سَوْاٰتِهِمَا وَقَالَ مَا نَهٰكُمَا رَبُّكُمَا عَنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ اِلَّاۤ اَنْ تَكُوْنَا مَلَكَيْنِ اَوْ تَكُوْنَا مِنَ الْخٰلِدِيْنَ○۲

پھر وسوسہ ڈالا ان کے دلوں میں شیطان نے تاکہ بے پردہ کردے ان کیلئے جو ڈھانپا گیا تھا ان کی شرم گاہوں سے اور انہیں کہا کہ نہیں منع کیا تمہارے رب نے اس درخت سے مگر اس لئے کہ کہیں نہ بن جاؤ تم دونوں فرشتے یا کہیں نہ ہو جاؤ ہمیشہ زندہ رہنے والوں سے ۔

-☆-

(۲) اعراف ۲۰

اللہ تعالیٰ کی پناہ وحفاظت شیطان کے وسوسوں سے

وَقُلْ رَّبِّ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّیٰطِیْنِ ٥ ۔[1]

اور عرض کیجئے اے میرے رب! میں تیری پناہ وحفاظت طلب کرتا ہوں شیطانوں کے وسوسوں سے۔

-☆-

وَاِمَّا یَنْزَغَنَّکَ مِنَ الشَّیْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ اِنَّهٗ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ٥ [2]

اور اگر پہنچے آپ کو شیطان کی طرف سے ذرا سا وسوسہ تو فوراً پناہ وحفاظت کا سوال کیجئے اللہ سے بے شک وہ سب کچھ سننے والا جاننے والا ہے۔

(۱) مؤمنون: ۹۷

(۲) الاعراف: ۲۰۰

جب شیطان وسوسہ اندازی کرے
تو فوراً
اللہ تعالیٰ کی پناہ وحفاظت میں آ جایئے

وَاِمَّا یَنْزَغَنَّکَ مِنَ الشَّیْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰہِ اِنَّہٗ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ۝ اِنَّ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّھُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّیْطٰنِ تَذَکَّرُوْا فَاِذَا ھُمْ مُّبْصِرُوْنَ ۝[1]

ترجمہ:

اور اگر پہنچے آپ کو شیطان کی طرف سے ذرا سا وسوسہ تو فوراً پناہ مانگئے اللہ سے بے شک وہ سب کچھ سننے والا جاننے والا ہے۔ بے شک وہ لوگ جو تقوی اختیار کیے ہیں جب چھوتا ہے انہیں کوئی خیال شیطان کی طرف سے تو وہ خدا کو یاد کرنے لگتے ہیں تو فوراً ان کی آنکھیں کھل جاتی ہیں۔

-☆-

(۱) الاعراف: ۲۰۰، ۲۰۱

وَاِمَّا یَنۡزَغَنَّکَ مِنَ الشَّیۡطٰنِ نَزۡغٌ فَاسۡتَعِذۡ بِاللّٰہِ اِنَّہٗ ھُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ○[1]

ترجمہ:

اور اے سننے والے اگر شیطان کی طرف سے تیرے دل میں کوئی وسوسہ پیدا ہو تو اس کے شر سے اللہ کی پناہ مانگ۔ یقیناً وہی سب کچھ سننے والا، سب کچھ جاننے والا ہے۔

-☆-

(۱)حٰم السجدہ:۳۶

شیطان سے نجات
ذکر الٰہی میں

فَاذْكُرُوْنِیْ اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِیْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ ۝ ۱؎

سوتم مجھے یاد کرو میں تمہیں یاد کروں گا اور شکر کرو میرا، میری ناشکری نہ کیا کرو۔

-☆-

جسے اللہ تعالیٰ یاد کرے شیطان اس کے نزدیک کیسے آ سکتا ہے۔ رب تعالیٰ کی یاد جیتنے کیلئے اپنی زبان قلب و قالب کو ذکر الٰہی سے تر و تازہ رکھیے۔

-☆-

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِیْرًا ۝ وَّسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِیْلًا ۝ ۲؎

اے ایمان والو! یاد کرو اللہ تعالیٰ کو کثرت سے اور اس کی تسبیح بیان کرو صبح و شام۔

(۱) سورۃ البقرۃ ۲:۱۵۲

(۲) سورۃ الاحزاب ۳۳:۴۱،۴۲

ہمیشہ زبان کا ذکر الٰہی سے تروتازہ رہنا شیطان کے وسوسے اور حملے سے بچاتا ہے

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – اَنَّ رَجُلًا قَالَ:

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! اِنَّ شَرَائِعَ الْاِسْلَامِ قَدْ كَثُرَتْ عَلَيَّ فَاَخْبِرْنِيْ بِشَيْءٍ اَتَشَبَّثُ بِهٖ قَالَ:

لَا يَزَالُ لِسَانُكَ رَطْبًا مِنْ ذِكْرِ اللّٰهِ.

الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۳۰۰)	جلد۲	صفحہ۳۶۶
قال المحقق	ھذا الحدیث حسن		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۴۹۱)	جلد۲	صفحہ۲۰۳
قال الالبانی:	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۷۷۰۰)	جلد۲	صفحہ۱۲۷۳
قال الالبانی:	صحیح		
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۱۸۲۲)	جلد۲	صفحہ۶۹۲
قال الحاکم	ھذا الحدیث صحیح الاسناد ولم یخرجاہ		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۲۵۶۱)	جلد۴	صفحہ۴۲۹

ترجمة الحديث،

حضرت عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

ایک آدمی نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ! اسلام کے احکام میرے لئے بہت زیادہ ہیں۔ مجھے کوئی ایسی چیز بتادیجئے جسے میں مضبوطی سے لازم پکڑوں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

تیری زبان ہمیشہ ذکر الٰہی سے تروتازہ رہے۔

مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۲۲۱۹)	جلد۲	صفحہ ۲۲۵
قال الالبانی:	صحیح الاسناد		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۳۷۹۳)	جلد۴	صفحہ ۲۸۰
قال محمود محمد محمود	الحدیث صحیح		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۳۳۷۵)	جلد۳	صفحہ ۳۸۵
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۷۶۱۱)	جلد۱۳	صفحہ ۲۶۲
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ حسن		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۸۱۴)	جلد۳	صفحہ ۹۶
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ قوی		

عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ:

کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – یَسِیْرُ فِیْ طَرِیْقِ مَکَّةَ، فَمَرَّ عَلٰی جَبَلٍ یُقَالُ لَهٗ: جُمْدَانُ، فَقَالَ:

سِیْرُوْا هٰذَا جُمْدَانُ، سَبَقَ الْمُفَرِّدُوْنَ. قَالُوْا: وَمَا الْمُفَرِّدُوْنَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ:

اَلذَّاکِرُوْنَ اللّٰهَ کَثِیْرًا وَالذَّاکِرَاتِ.

ترجمة الحديث:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا:

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۶۷۶)	جلد۴	صفحہ۲۰۶۲
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۲۱۲)	جلد۲	صفحہ۳۷۲
قال المحقق	صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۵۰۱)	جلد۲	صفحہ۲۰۷
قال الالبانی:	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۳۶۵۵)	جلد۱	صفحہ۶۸۲
قال الالبانی:	صحیح		
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۱۸۲۳)	جلد۲	صفحہ۶۹۶
قال الحاکم	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین ولم یخرجاہ		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۹۳۰۳)	جلد۹	صفحہ۱۷۷
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۸۵۸)	جلد۳	صفحہ۱۴۰
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۲۵۶۴)	جلد۴	صفحہ۴۳۰
قال المحقق	صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۲۲۰۲)	جلد۲	صفحہ۳۱۹

حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ مکرمہ کے راستہ میں سفر کر رہے تھے کہ آپ کا گزر ایک پہاڑ پر ہوا جسے جُمدان کہتے ہیں۔حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

تیز چلو، یہ جُمدان پہاڑ ہے،مفرد سب سے آگے نکل گئے۔صحابہ کرام -رضی اللہ عنہم- نے عرض کی:

یارسول اللہ! صلی اللہ علیک وسلم! مفرد کون لوگ ہیں؟حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اللہ تعالیٰ کا کثرت سے ذکر کرنے والے مرد اور ذکر کرنے والی عورتیں۔

-☆-

شیطان حق بات سننے سے روکتا ہے

وَاِنِّیْ کُلَّمَا دَعَوْتُهُمْ لِتَغْفِرَ لَهُمْ جَعَلُوْٓا اَصَابِعَهُمْ فِیْٓ اٰذَانِهِمْ وَاسْتَغْشَوْا ثِیَابَهُمْ وَاَصَرُّوْا وَاسْتَكْبَرُوا اسْتِكْبَارًا ۝ ا؎

ترجمہ:

اور جب بھی میں نے انہیں بلایا تا کہ تو ان کو بخش دے تو ہر بار انہوں نے اپنی انگلیاں اپنے کانوں میں ٹھونس لیں اور اپنے اوپر لپیٹ لئے اپنے کپڑے اور اڑ گئے کفر پر اور پرلے درجے کے متکبر بن گئے۔

-☆-

(۱) سورۃ نوح:۷

اللہ اور قیامت پر ایمان رکھنے والا
اچھی بات کہے یا
خاموش رہے

عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – :

مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيُحْسِنْ اِلٰى جَارِهٖ ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهٗ ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا أَوْ لِيَسْكُتْ.

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۰۱۸)	جلد۴	صفحہ۱۹۰۳
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۱۳۶)	جلد۴	صفحہ۱۹۳۳
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۱۳۸)	جلد۴	صفحہ۱۹۳۳
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۴۷۵)	جلد۴	صفحہ۲۰۳۲
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۴۷)	جلد۱	صفحہ۶۸

ترجمة الحديث:

حضرت ابو ہریرہ -رضی اللہ عنہ- سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا:

جو اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہے وہ اپنے پڑوسی کے ساتھ اچھا سلوک کرے۔ اور جو اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہے اسے چاہئے کہ مہمان کی عزت کرے۔ جو اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہے اسے چاہئے کہ وہ بھلائی کی بات کرے ورنہ خاموش رہے۔

-☆-

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۱۷۳)	جلد ۱	صفحہ ۸۲
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۱۷۴)	جلد ۱	صفحہ ۸۲
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۲۵۰۰)	جلد ۴	صفحہ ۲۰۴
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۶۶۲۱)	جلد ۶	صفحہ ۱۸۳
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۷۶۱۵)	جلد ۷	صفحہ ۳۶۴
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۹۵۶۱)	جلد ۹	صفحہ ۲۵۴
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۰۶)	جلد ۲	صفحہ ۲۵۹
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۱۶)	جلد ۲	صفحہ ۲۷۳
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۳۶۹۴)	جلد ۳	صفحہ ۳۰۳
قال المحقق	صحیح		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۳۷۵۱)	جلد ۳	صفحہ ۳۲۶
قال المحقق	صحیح		
السنن الکبری للنسائی	رقم الحدیث (۱۱۷۸۳)	جلد ۱۰	صفحہ ۳۸۲
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۳۹۷۱)	جلد ۴	صفحہ ۳۸۱
قال محمود محمد محمود	الحدیث متفق علیہ		

جامع الاصول	رقم الحدیث (۴۹۱۹)	جلد۶	صفحہ۷۳۸
قال المحقق	صحیح		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۹۴۰۶)	جلد۱۱	صفحہ۶۸۵
قال المحقق	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۶۵۰۱)	جلد۲	صفحہ۱۱۰۸
قال الالبانی:	صحیح		
التیسیر شرح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۸۹۷۹)	جلد۶	صفحہ۲۶۸
قال الالبانی:	صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۴۱۷۱)	جلد۴	صفحہ۱۶۷
قال الالبانی:	متفق علیہ		
صحیح سنن ابو داؤد	رقم الحدیث (۵۱۵۴)	جلد۳	صفحہ۲۶۴
قال الالبانی	صحیح		
السنن الکبری للنسائی	رقم الحدیث (۱۱۷۸۲)	جلد۱۰	صفحہ۳۸۱

شیطان

ایمان والوں کے دلوں میں وسوسے ڈالتا ہے

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ:

جَاءَ نَاسٌ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ و آلِهٖ وَسَلَّمَ – فَسَاَلُوْهُ : اِنَّا نَجِدُ فِی اَنْفُسِنَا مَا یَتَعَاظَمُ اَحَدُنَا اَنْ یَتَکَلَّمَ بِهٖ ، قَالَ:

وَقَدْ وَجَدْتُمُوْهُ ؟ قَالُوْا : نَعَمْ . قَالَ :

ذَاکَ صَرِیْحُ الْاِیْمَانِ.

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۱۳۲)	جلد ۱	صفحہ ۱۱۹
صحیح سنن ابی داود	رقم الحدیث (۵۱۱۱)	جلد ۳	صفحہ ۲۵۶
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۹۱۲۹)	جلد ۹	صفحہ ۱۲۲
قال حمزة احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۹۸۳۷)	جلد ۹	صفحہ ۳۳۷
قال حمزة احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مشکاة المصابیح	رقم الحدیث (۶۰)	جلد ۱	صفحہ ۸۵

ترجمة الحديث،

حضرت ابو ہریرہ -رضی اللہ عنہ- سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- کے صحابہ کرام -رضی اللہ عنہم- میں سے کچھ لوگ آپ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کیا:

ہم اپنے دلوں میں کچھ ایسے خیالات محسوس کرتے ہیں جن کو بیان کرنا ہم میں سے کسی کے لئے بھی آسان نہیں ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

کیا تم ایسی کیفیت پاتے ہو؟ تو انہوں نے جواب دیا: ہاں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

یہ صریح ایمان ہے۔

-☆-

السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۴۲۶)	جلد۹	صفحہ ۴۲۶
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۴۲۷)	جلد۹	صفحہ ۴۲۷
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۴۲۸)	جلد۹	صفحہ ۴۲۷
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۴۲۹)	جلد۹	صفحہ ۴۲۷
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۴۳۰)	جلد۹	صفحہ ۴۲۷
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۱۴۸)	جلد۱	صفحہ ۳۶۱
قال شعیب الأرنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الصحیح		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۳۳)	جلد۱	صفحہ ۱۶۷
قال المحقق	صحیح		

شیطان انبیاء کرام کو وسوسہ ڈالنے سے باز نہیں آتا

وَمَا اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِکَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِیٍّ اِلَّا اِذَا تَمَنّٰی اَلْقَی الشَّیْطٰنُ فِیْ اُمْنِیَّتِهٖ فَیَنْسَخُ اللّٰهُ مَا یُلْقِی الشَّیْطٰنُ ثُمَّ یُحْکِمُ اللّٰهُ اٰیٰتِهٖ وَاللّٰهُ عَلِیْمٌ حَکِیْمٌ o لِیَجْعَلَ مَا یُلْقِی الشَّیْطٰنُ فِتْنَةً لِّلَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْقَاسِیَةِ قُلُوْبُهُمْ وَاِنَّ الظّٰلِمِیْنَ لَفِیْ شِقَاقٍ بَعِیْدٍ o [1]

اور نہیں بھیجا ہم نے آپ سے پہلے کوئی رسول اور نہ کوئی نبی مگر اس کے ساتھ یہ ہوا کہ جب اس نے کچھ پڑھا تو ڈال دیئے شیطان نے اس کے پڑھنے میں شکوک پس مٹا دیتا ہے اللہ تعالیٰ جو دخل اندازی کرتا ہے شیطان۔ پھر پختہ کر دیتا ہے اللہ تعالیٰ اپنی آیتوں کو۔ اور اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والا بہت دانا ہے۔ یہ سب اس لئے تا کہ اللہ تعالیٰ بنا دے جو وسوسہ ڈالتا ہے شیطان ایک آزمائش ان لوگوں کیلئے جن کے دلوں میں بیماری ہے اور جن کے دل بہت سخت ہیں۔ اور بے شک ظالم لوگ مخالفت میں بہت دور نکل جاتے ہیں۔

(۱) سورۃ حج ۵۲، ۵۳

شیطان کی وسوسہ اندازی
اور
سبز باغ دکھانا

فَوَسْوَسَ لَهُمَا الشَّيْطٰنُ لِيُبْدِيَ لَهُمَا مَا وٗرِيَ عَنْهُمَا مِنْ سَوْاٰتِهِمَا وَقَالَ مَا نَهٰكُمَا رَبُّكُمَا عَنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَا مَلَكَيْنِ اَوْتَكُوْنَا مِنَ الْخٰلِدِيْنَ o وَقَاسَمَهُمَآ اِنِّيْ لَكُمَا لَمِنَ النّٰصِحِيْنَ o (1)

ترجمہ:

پھر وسوسہ ڈالا ان کے دلوں میں شیطان نے تا کہ بے پردہ کردے ان کیلئے جو ڈھانپا گیا تھا ان کی شرم گاہوں سے اور انہیں کہا کہ نہیں منع کیا تمہارے رب نے اس درخت سے مگر اس لئے کہ کہیں نہ بن جاؤ تم دونوں فرشتے یا کہیں نہ ہو جاؤ ہمیشہ زندہ رہنے والوں سے۔ اور قسم اٹھائی ان کے سامنے کہ میں تم دونوں کا خیر خواہ ہوں۔

(۱) اعراف ۲۰، ۲۱

شراب اور جوا شیطانی اعمال ہیں
اس میں بغض وعداوت پیدا کرنا
شیطان کی کارستانی ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ اِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ۝[1]

ترجمہ:

اے ایمان والو! یہ شراب اور جوا اور بت اور جوئے کے تیر سب ناپاک ہیں شیطان کی کارستانیاں ہیں۔سو بچو ان سے تاکہ تم فلاح پا جاؤ۔

یہی تو چاہتا ہے شیطان کہ ڈال دے تمہارے درمیان عداوت اور بغض شراب اور جوئے کے ذریعہ۔اور روک لے تمہیں یاد الٰہی سے اور نماز سے تو کیا تم باز آنے والے ہو؟

(۱) سورۃ المائدہ:۹۰، ۹۱

جب شیطان کی طرف سے وسوسہ ہو تو
اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم پڑھے گا

وَاِمَّا یَنۡزَغَنَّکَ مِنَ الشَّیۡطٰنِ نَزۡغٌ فَاسۡتَعِذۡ بِاللّٰہِ اِنَّہٗ سَمِیۡعٌ عَلِیۡمٌ ٥ اِنَّ الَّذِیۡنَ اتَّقَوۡا اِذَا مَسَّہُمۡ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّیۡطٰنِ تَذَکَّرُوۡا فَاِذَا ہُمۡ مُّبۡصِرُوۡنَ ٥[1]

ترجمہ:

اور اگر پہنچے آپ کو شیطان کی طرف سے ذرا سا وسوسہ تو فوراً پناہ مانگئے اللہ سے بے شک وہ سب کچھ سننے والا جاننے والا ہے۔ بے شک وہ لوگ جو تقوی اختیار کئے ہیں جب چھوتا ہے انہیں کوئی خیال شیطان کی طرف سے تو وہ خدا کو یاد کرنے لگتے ہیں تو فوراً ان کی آنکھیں کھل جاتی ہیں۔

-☆-

(۱) الاعراف: ۲۰۰، ۲۰۱

شیطان

انسان کی رگوں میں دوڑ جاتا ہے

عَنْ اَنَسٍ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلہٖ وَسَلَّمَ – :

اِنَّ الشَّیْطَانَ یَجْرِیْ مِنَ الْاِنْسَانِ مَجْرَی الدَّمِ ۔

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۱۷۴)	جلد۴	صفحہ۱۷۱۲
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۴۷۱۹)	جلد۳	صفحہ۱۵۵
قال الالبانی	ھذا الحدیث حسن		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۹۳۹۹)	جلد۱۱	صفحہ۶۸۴
قال المحقق	صحیح		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۴۹۶۴)	جلد۶	صفحہ۷۶۸
قال المحقق	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۱۶۵۸)	جلد۱	صفحہ۳۴۱
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۲۵۳۰)	جلد۱۰	صفحہ۵۰۶
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت انس بن مالک -رضی اللہ عنہ- سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا:

بے شک شیطان انسان کے خون کی رگوں میں چلتا ہے۔

-☆-

مسند الامام احمد رقم الحدیث (۱۳۹۷۵) جلد ۱۱ صفحہ ۳۳۶

قال حمزۃ احمد الزین اسنادہ صحیح

عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ حُيَيٍّ ، زَوْجِ النَّبِيِّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهِ وَسَلَّمَ – قَالَتْ :

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهِ وَسَلَّمَ – مُعْتَكِفًا ، فَاَتَيْتُهُ اَزُوْرُهُ لَيْلًا ، فَحَدَّثْتُهُ ، ثُمَّ قُمْتُ لِاَنْقَلِبَ ، فَقَامَ مَعِيَ لِيَقْلِبَنِيْ – وَكَانَ مَسْكَنُهَا فِي دَارِ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ – فَمَرَّ رَجُلَانِ مِنَ الْاَنْصَارِ فَلَمَّا رَاَيَا رَسُوْلَ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهِ وَسَلَّمَ – اَسْرَعَا ، فَقَالَ النَّبِيُّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهِ وَسَلَّمَ – :

عَلَى رِسْلِكُمَا اِنَّهَا صَفِيَّةُ بِنْتُ حُيَيٍّ ، فَقَالَا :

سُبْحَانَ اللّٰهِ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ! قَالَ :

اِنَّ الشَّيْطَانَ يَجْرِي مِنِ ابْنِ آدَمَ مَجْرَى الدَّمِ ، فَخَشِيْتُ اَنْ يَقْذِفَ فِي قُلُوْبِكُمَا شَيْئًا ، اَوْ قَالَ : شَرًّا .

صحیح البخاری	رقم الحدیث (٢٠٣٥)	جلد٢	صفحہ٦٠٣
صحیح البخاری	رقم الحدیث (٣١٠١)	جلد٢	صفحہ٩٥٥
صحیح البخاری	رقم الحدیث (٣٢٨١)	جلد٢	صفحہ١٠١٠
صحیح البخاری	رقم الحدیث (٦٢١٩)	جلد٤	صفحہ١٩٥٥
صحیح البخاری	رقم الحدیث (٧١٧١)	جلد٤	صفحہ٢٢٣٢
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (١٧٧٩)	جلد٢	صفحہ٣٧٥
قال محمود محمد محمود	الحدیث متفق علیہ		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (١٦٥٨)	جلد١	صفحہ٣٣١
قال الالبانی	صحیح		
مشکوۃ المصابیح	رقم الحدیث (٦٣)	جلد١	صفحہ٨٦
قال الالبانی	متفق علیہ		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (٣٦٧١)	جلد٨	صفحہ٤٢٨
قال شعیب الأرنؤوط	الحدیث صحیح		
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (٢٤٧٠)	جلد٢	صفحہ٨٦
قال الالبانی	صحیح		

ترجمة الحديث،

ام المؤمنین حضرت صفیہ بنت حُیَی - رضی اللہ عنہا - جو کہ حضور نبی کریم - صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم - کی اہلیہ ہیں انہوں نے بیان فرمایا:

حضور رسول اللہ - صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم - مسجد میں اعتکاف بیٹھے تھے میں رات کو آپ کی زیارت کیلئے حاضر ہوئی ۔ میں نے آپ سے کچھ دیر باتیں کیں پھر میں جانے کیلئے اٹھی تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی اٹھے مجھے الوداع کہنے کیلئے ۔ ان دنوں ہمارا مسکن دار اسامہ بن زید میں تھا ۔

اس دوران دو انصاری مسلمان گزرے جب انہوں نے حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا تو انہوں نے تیز تیز چلنا شروع کیا حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

ٹھہر جاؤ! یہ میری اہلیہ صفیہ بنت حُیَی ہے ۔ ان دونوں نے کہا:

سبحان اللہ! یا رسول اللہ! حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

بے شک شیطان آدم کے بیٹے انسان کے خون کی رگوں میں دوڑ جاتا ہے ۔ مجھے ڈر ہوا کہ کہیں تمہارے دل میں کوئی وسوسہ نہ ڈال دے ۔ یا فرمایا:

کوئی بری بات نہ ڈال دے ۔

-☆-

صحیح سنن ابی داود	رقم الحدیث (۲۹۹۴)	جلد ۳	صفحہ ۲۴۷
قال الالبانی	صحیح		
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۱۷۵)	جلد ۴	صفحہ ۱۷۱۲

جو اسلامی تعلیمات سننے سے گریز کرے
شیطان اس کے پیچھے لگ جاتا ہے

وَاتْلُ عَلَیْهِمْ نَبَاَ الَّذِیْٓ اٰتَیْنٰهُ فَانْسَلَخَ مِنْهَا فَاَتْبَعَهُ الشَّیْطٰنُ فَکَانَ مِنَ الْغٰوِیْنَ o
وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنٰهُ بِهَا وَلٰکِنَّهٗٓ اَخْلَدَ اِلَی الْاَرْضِ وَاتَّبَعَ هَوٰهُ فَمَثَلُهٗ کَمَثَلِ الْکَلْبِ اِنْ
تَحْمِلْ عَلَیْهِ یَلْهَثْ اَوْ تَتْرُکْهُ یَلْهَثْ ذٰلِکَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِیْنَ کَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا فَاقْصُصِ
الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ یَتَفَکَّرُوْنَ o ؎1

ترجمہ،

اور پڑھ سنایئے انہیں حال اس کا جسے ہم نے دیا علم اپنی آیتوں کا تو وہ کترا کر نکل گیا ان سے ،تب پیچھے لگ گیا اسکے شیطان تو ہو گیا وہ گمراہوں میں۔

اور اگر ہم چاہتے تو بلند کر دیتے اس کا رتبہ ان آیتوں کے باعث لیکن وہ تو جھک گیا پستی کی طرف اور پیروی کرنے لگا اپنی خواہش کی تو اس کی مثال کتے جیسی ہے۔اگر تو حملہ کرے اس پر تب بھی

(۱)اعراف ۱۷۵،۱۷۶

ہانپے اور اگر تو اسے چھوڑ دے تب بھی ہانپے۔

یہ حال ہے ان لوگوں کا جنہوں نے جھٹلایا ہماری آیتوں کو۔ آپ سنائیں انہیں یہ قصہ شاید وہ غور وفکر کرنے لگیں۔

-☆-

کفار کی سرگوشیاں شیطان کی طرف سے ہیں

اِنَّمَا النَّجْوٰی مِنَ الشَّیْطٰنِ لِیَحْزُنَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَلَیْسَ بِضَآرِّھِمْ شَیْئًا اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰہِ وَعَلَی اللّٰہِ فَلْیَتَوَکَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝[1]

ترجمہ:

کفار کی سرگوشیاں تو شیطان کی طرف سے ہیں، تا کہ وہ غمزدہ کردے ایمان والوں کو حالانکہ وہ انہیں کچھ بھی ضرر نہیں پہنچا سکتا اللہ کے حکم کے بغیر۔ اور اللہ تعالیٰ پر ہی توکل کرنا چاہیے۔

-☆-

(1) مجادلہ: ۱۰

شیطان بہکاتا ہے
اور
حیران وپریشان کرتا ہے

قُلْ اَنَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُنَا وَلَا يَضُرُّنَا وَنُرَدُّ عَلٰٓى اَعْقَابِنَا بَعْدَ اِذْ هَدٰىنَا
اللّٰهُ كَالَّذِى اسْتَهْوَتْهُ الشَّيٰطِيْنُ فِى الْاَرْضِ حَيْرَانَ لَهٗٓ اَصْحٰبٌ يَّدْعُوْنَهٗٓ اِلَى الْهُدَى ائْتِنَا
قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ■وَ اُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ o [1]

آپ فرمایئے کیا ہم پوجیں اللہ تعالیٰ کے سوا جو نہ نفع پہنچا سکتا ہے ہمیں اور نہ ہمیں نقصان پہنچا سکتا ہے۔ اور کیا ہم پھر جائیں الٹے پاؤں اس کے بعد کہ ہدایت دی ہے ہمیں اللہ نے؟ مثل اس شخص کے کہ بھٹکا دیا ہو اسے جنوں نے زمین میں اور وہ حیران وپریشان ہو۔ اس کے ساتھی ہوں جو اسے بلا رہے ہوں ہدایت کی طرف کہ ہمارے پاس آجا۔ آپ فرمایئے اللہ کی رہنمائی ہی حقیقی رہنمائی ہے۔ اورہمیں حکم دیا گیا ہے کہ ہم گردن جھکا دیں سارے جہانوں کے رب کے سامنے۔

(۱) انعام: ۷۱

شیطان
برے اعمال کو آراستہ کر کے پیش کرتا ہے

وَاِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ وَقَالَ لَا غَالِبَ لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ النَّاسِ وَاِنِّيْ جَارٌ لَّكُمْ فَلَمَّا تَرَآءَتِ الْفِئَتٰنِ نَكَصَ عَلٰى عَقِبَيْهِ وَقَالَ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّنْكُمْ اِنِّيْٓ اَرٰى مَا لَا تَرَوْنَ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ وَاللّٰهُ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ؀ (1)

ترجمہ:

اور یاد کرو جب آراستہ کر دیئے ان کیلئے شیطان نے ان کے اعمال اور انہیں کہا کہ کوئی غالب نہیں آسکتا تم پر ان لوگوں میں سے اور میں نگہبان ہوں تمہارا۔ تو جب آمنے سامنے ہوئیں دونوں فوجیں تو وہ الٹے پاؤں بھاگا اور بولا میں بری الذمہ ہوں تم سے، میں دیکھ رہا ہوں وہ جو تم نہیں دیکھ رہے، میں تو ڈرتا ہوں اللہ سے اور اللہ تعالیٰ سخت سزا دینے والا ہے۔

(1) الانفال:۴۸

تَاللّٰهِ لَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓی اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِکَ فَزَیَّنَ لَهُمُ الشَّیْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَهُوَ وَلِیُّهُمُ الْیَوْمَ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ۝۱

بخدا ہم نے بھیجا ہے رسولوں کو مختلف قوموں کی طرف آپ سے پہلے پس آراستہ کر دیا ان کیلئے شیطان نے ان کے برے اعمال کو پس وہی ان کا دوست ہے آج بھی اور ان کیلئے عذاب الیم ہے۔

-☆-

فَلَوْلَآ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَا تَضَرَّعُوْا وَ لٰکِنْ قَسَتْ قُلُوْبُهُمْ وَ زَیَّنَ لَهُمُ الشَّیْطٰنُ مَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ۝۲

تو کیوں ایسا نہ ہوا کہ جب آیا ان پر ہمارا عذاب تو وہ توبہ کرتے اور گڑگڑاتے۔ لیکن سخت ہو گئے ان کے دل اور آراستہ کر دیا ان کیلئے شیطان نے جو وہ کیا کرتے تھے۔

-☆-

وَجَدْتُّهَا وَقَوْمَهَا یَسْجُدُوْنَ لِلشَّمْسِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَزَیَّنَ لَهُمُ الشَّیْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِیْلِ فَهُمْ لَا یَهْتَدُوْنَ ۝۳

میں نے پایا ہے اسے اور اس کی قوم کو کہ وہ سب سجدہ کرتے ہیں سورج کو سوائے اللہ تعالیٰ کے اور آراستہ کر دیے ہیں ان کیلئے شیطان نے انکے یہ مشرکانہ اعمال پس اس نے روک دیا ہے انہیں سیدھے راستہ سے پس وہ ہدایت قبول نہیں کرتے۔

-☆-

(۱) النحل:۶۳

(۲) انعام:۴۳

(۳) سورۃ نمل:۲۴

بدگمانی شیطان کی طرف سے ہے

يَـاَيُّهَا الَّـذِيْـنَ اٰمَنُوْا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَّلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا يَـغْتَـبْ بَـعْـضُكُمْ بَعْضًا اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِيْمٌO[1]

ترجمہ:

اے ایمان والو! دور رہا کرو بکثرت بدگمانیوں سے، بے شک بعض بدگمانیاں گناہ ہیں اور نہ جاسوسی کیا کرو اور ایک دوسرے کی غیبت بھی نہ کیا کرو۔ کیا پسند کرتا ہے تم میں سے کوئی شخص کہ اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھائے تم اسے تو مکروہ سمجھتے ہو اور ڈرتے رہا کرو اللہ سے۔ بے شک اللہ تعالیٰ بہت توبہ قبول کرنے والا ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

-☆-

(۱) حجرات:۱۲

اہل ایمان
بدگمانی سے بچیے

عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلهٖ وَسَلَّمَ – :

اِيَّاكُمْ وَالظَّنَّ ، فَاِنَّ الظَّنَّ اَكْذَبُ الْحَدِيْثِ ، وَلَا تَحَسَّسُوْا ، وَلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا تَنَاجَشُوْا ، وَلَا تَحَاسَدُوْا ، وَلَا تَنَافَسُوْا ، وَلَا تَبَاغَضُوْا ، وَلَا تَدَابَرُوْا ، وَكُوْنُوْا عِبَادَ اللّٰهِ اِخْوَانًا .

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۰۶۴)	جلد ۴	صفحہ ۱۹۱۵
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۰۶۶)	جلد ۴	صفحہ ۱۹۱۶
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۷۲۴)	جلد ۴	صفحہ ۲۱۰۲
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۵۳۶)	جلد ۴	صفحہ ۱۷۵
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۴۲۵۱)	جلد ۳	صفحہ ۵۴۲
قال المحقق	ھذا الحدیث صحیح		
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۴۹۱۷)	جلد ۳	صفحہ ۲۰۵
قال الالبانی:	صحیح		

ترجمة الحدیث:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

بدگمانی سے بچیے، کیونکہ بدگمانی سب سے زیادہ جھوٹی بات ہے۔ کسی کی باتوں پر کان نہ لگایئے اور ٹوہ نہ لگایئے، پس آپس میں لین دین کے وقت ایک دوسرے کو دھوکہ نہ دیجئے، آپس میں حسد نہ کیجئے، خودغرضی میں ایک دوسرے سے آگے نہ بڑھیے، آپس میں بغض نہ کیجئے اور ایک دوسرے سے پیٹھ نہ پھیریے۔ اے اللہ کے بندو! بھائی بھائی بن جایئے۔

-☆-

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۷۸۳۵)	جلد ۷	صفحہ ۵۰۸
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۸۱۰۳)	جلد ۸	صفحہ ۱۹۵
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۸۳۸۵)	جلد ۸	صفحہ ۳۳۳
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۰۰۳۴)	جلد ۹	صفحہ ۳۸۶
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۰۲۰۰)	جلد ۹	صفحہ ۴۲۷
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۰۳۳۳)	جلد ۹	صفحہ ۴۵۹
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۰۶۳۹)	جلد ۹	صفحہ ۵۴۳
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۰۸۹۱)	جلد ۹	صفحہ ۶۱۴
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۲۶۷۹)	جلد ۱	صفحہ ۵۴۱
قال الالبانی:	صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۴۹۵۵)	جلد ۴	صفحہ ۴۳۶
قال الالبانی:	ھذا الحدیث متفق علیہ		
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۵۶۳)	جلد ۴	صفحہ ۱۹۸۵

بھائیوں میں جدائی
شیطانی عمل ہے

وَرَفَعَ اَبَوَیْهِ عَلَی الْعَرْشِ وَخَرُّوْا لَهٗ سُجَّدًا وَقَالَ یٰاَبَتِ هٰذَا تَاْوِیْلُ رُءْیَایَ مِنْ
قَبْلُ قَدْ جَعَلَ رَبِّیْ حَقًّا وَقَدْ اَحْسَنَ بِیْٓ اِذْ اَخْرَجَنِیْ مِنَ السِّجْنِ وَجَآءَ بِكُمْ مِّنَ الْبَدْوِ
مِنْ بَعْدِ اَنْ نَّزَغَ الشَّیْطٰنُ بَیْنِیْ وَبَیْنَ اِخْوَتِیْ اِنَّ رَبِّیْ لَطِیْفٌ لِّمَا یَشَآءُ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِیْمُ
الْحَكِیْمُ o [1]

ترجمہ،

اور جب شاہی دربار میں پہنچے تو آپ نے اوپر بٹھایا اپنے والدین کو تخت پر اور وہ گر پڑے آپ کے لئے سجدہ کرتے ہوئے اور یہ منظر دیکھ کر یوسف نے کہا:

اے میرے پدر بزرگوار! یہ تعبیر ہے میرے خواب کی جو پہلے عرصہ ہوا میں نے دیکھا تھا۔ میرے پروردگار نے اسے سچا کر دکھایا ہے اور اس نے بڑا کرم فرمایا مجھ پر جب اس نے نکالا مجھے

(۱) یوسف: ۱۰۰

قید خانہ سے اور لے آیا تمہیں صحرا سے اس کے بعد کہ ناچاقی ڈال دی تھی شیطان نے میرے درمیان اور میرے بھائیوں کے درمیان۔

بے شک میرا رب لطف وکرم فرمانے والا ہے جس کیلئے چاہتا ہے۔ یقیناً وہی سب کچھ جاننے والا بڑا دانا ہے۔

-☆-

ضرورت سے زائد سامان
شیطان کا سامان ہے
جس بستر پر کوئی نہ سوئے
شیطان سو جاتا ہے

عَنْ جَابِرٍ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – عَنِ النَّبِيِّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهِ وَسَلَّمَ – قَالَ:
فِرَاشٌ لِلرَّجُلِ ، وَفِرَاشٌ لِاِمْرَأَتِهِ ، وَفِرَاشٌ لِلضَّيْفِ ، وَالرَّابِعُ لِلشَّيْطَانِ۔

مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۴۳۱۱)	جلد۲	صفحہ۱۹۴
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۰۸۴)	جلد۳	صفحہ۱۶۵۱
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۴۱۹۸)	جلد۲	صفحہ۷۷۲
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۴۰۵۶)	جلد۱۱	صفحہ۳۶۰
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۴۳۱۴)	جلد۱۱	صفحہ۳۵۹
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت جابر -رضی اللہ عنہ- سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا:

ایک بستر آدمی کا اور ایک اس کی بیوی کا اور ایک بستر مہمان کا اور چوتھا شیطان کیلئے ہے۔

-☆-

صحیح سنن النسائی	رقم الحدیث (۳۳۸۵)	جلد ۲	صفحہ ۴۶۲
قال الالبانی	صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۵۵۴۷)	جلد ۵	صفحہ ۴۴۳
صحیح سنن ابوداؤد	رقم الحدیث (۴۱۴۲)	جلد ۲	صفحہ ۵۲۹
قال الالبانی	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۶۷۳)	جلد ۲	صفحہ ۴۴۸
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح		

غصہ

شیطان کی طرف سے ہے

عَنْ اَبِی وَائِلٍ الْقَاصّ قَالَ :

دَخَلْنَا عَلٰی عُرْوَةَ بْنِ مُحَمَّدٍ السَّعْدِیِّ فَکَلَّمَهُ رَجُلٌ فَاَغْضَبَهُ فَقَامَ فَتَوَضَّاَ ثُمَّ رَجَعَ وَقَدْ تَوَضَّاَ فَقَالَ :

حَدَّثَنِیْ اَبِیْ عَنْ جَدِّیْ عَطِیَّةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ و آلِهٖ وَسَلَّمَ – :

اِنَّ الْغَضَبَ مِنَ الشَّیْطَانِ ، وَاِنَّ الشَّیْطَانَ خُلِقَ مِنَ النَّارِ ، وَاِنَّمَا تُطْفَاُ النَّارُ بِالْمَاءِ ، فَاِذَا غَضِبَ اَحَدُکُمْ فَلْیَتَوَضَّاْ.

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۷۹۰۸)	جلد ۱۴	صفحہ ۲۷
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۵۰۳۰)	جلد ۳	صفحہ ۴۷۴
جامع الاصول	رقم الحدیث (۶۳۰۱)	جلد ۸	صفحہ ۴۴۳
قال المحقق	حسن		

ترجمة الحديث،

حضرت ابو وائل القاص نے بیان کیا کہ ہم جناب عروہ بن محمد سعدی رحمہ اللہ کے ہاں گئے۔ ایک آدمی نے ان سے کوئی بات کی تو انہیں غصہ آ گیا تو وہ اٹھے اور وضو کیا پھر وضو کر کے واپس آئے اور بیان کیا کہ مجھے میرے والد نے میرے دادا حضرت عطیہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

بے شک غصہ شیطان کی طرف سے ہوتا ہے اور شیطان کو آگ سے پیدا کیا گیا ہے اور آگ کو بجھایا جاتا ہے پانی سے۔ سو جب تم میں سے کسی کو غصہ آ جائے تو اسے چاہئے کہ وہ وضو کر لے۔

-☆-

الترغیب والترہیب　رقم الحدیث (٣٠٦٣)　جلد٣　صفحہ٤٤٦

قال المحقق　حذا حدیث صحیح

عَنْ اَبِی هُرَیْرَۃَ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ –:
اَنَّ رَجُلًا قَالَ لِلنَّبِيِّ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلہٖ وَسَلَّمَ – : اَوْصِنِی ، قَالَ:
لا تَغْضَبْ ، فَرَدَّدَ مِرارًا ، قَالَ :
لا تَغْضَبْ.

ترجمة الحديث،

حضرت ابوہریرہ – رضی اللہ عنہ – سے روایت ہے کہ:
ایک آدمی نے حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی:
یا رسول اللہ! مجھے وصیت فرمایئے حضور صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
غصہ نہ کیا کرو۔ اس نے کئی مرتبہ اپنی درخواست دہرائی تو حضور نے ہر مرتبہ فرمایا:
غصہ نہ کیا کرو۔

صحیح البخاری	رقم الحدیث (٦١١٦)	جلد۴	صفحہ۱۹۲۸
سنن الترمذی	رقم الحدیث (۲۰۲۰)	جلد۳	صفحہ۵۴٦
قال الترمذی	ھذا الحدیث حسن صحیح غریب		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۲۰۲۰)	جلد۲	صفحہ۳۸٦
قال الالبانی:	صحیح		
السنن الکبری للبیہقی	رقم الحدیث (۲۰۲۷۹)	جلد۱۰	صفحہ۱۸۵
قال البیہقی:	رواہ البخاری فی الصحیح		
شرح السنۃ للبغوی	رقم الحدیث (۳۵۸۵)	جلد۱۳	صفحہ۱۵۹
قال البغوی:	ھذا الحدیث صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۸۷۲۹)	جلد۸	صفحہ۲۵٦
قال احمد محمد شاکر:	اسنادہ صحیح		

لقمہ گر جائے تو اسے شیطان کیلئے نہ چھوڑیئے

عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلہٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

إِذَا وَقَعَتْ لُقْمَةُ أَحَدِكُمْ فَلْيَأْخُذْهَا فَلْيُمِطْ مَا كَانَ بِهَا مِنْ أَذًى ، وَلْيَأْكُلْهَا وَلَا يَدَعْهَا لِلشَّيْطَانِ ، وَلَا يَمْسَحْ يَدَهُ بِالْمِنْدِيْلِ حَتّٰى يَلْعَقَ أَصَابِعَهُ ؛ فَإِنَّهُ لَا يَدْرِي فِي أَيِّ طَعَامِهِ الْبَرَكَةُ.

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۰۳۳)	جلد ۳	صفحہ ۱۶۰۶
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۲۵۳)	جلد ۱۲	صفحہ ۵۷
قال شعیب الارنووط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۴۱۵۵)	جلد ۱۱	صفحہ ۳۸۷
قال حمزة احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۴۲۲۵)	جلد ۱۱	صفحہ ۴۳۳
قال حمزة احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۴۲۲۷)	جلد ۱۱	صفحہ ۴۳۳
قال حمزة احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۴۲۸۸)	جلد ۱۱	صفحہ ۴۸۱
قال حمزة احمد الزین	اسنادہ صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت جابر-رضی اللہ عنہ-سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ-صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم-نے ارشاد فرمایا:

جب تم میں سے کسی کا لقمہ گر جائے تو اسے چاہئے کہ اسے پکڑ لے-زمین سے اٹھا لے-اور اس میں لگی ہوئی گرد کو صاف کر کے کھا لے اور اسے شیطان کیلئے نہ چھوڑے۔اور کھانا کھانے کے بعد اپنے ہاتھ کو رومال کے ساتھ نہ پونچھے یہاں تک کہ پہلے اپنی انگلیاں چاٹ لے۔اس لئے کہ وہ نہیں جانتا کہ اس کے کون سے کھانے میں برکت ہے۔

-☆-

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (١٢٥٦٣)	جلد ١١	صفحہ ٤٩٩
قال حمزة احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مشکاة المصابیح	رقم الحدیث (٤٠٩٣)	جلد ٢	صفحہ ١٤٢
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (١٣٨٧٦)	جلد ١٢	صفحہ ٤٨
قال حمزة احمد الزین	اسنادہ صحیح		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (٣٢٧٩)	جلد ٤	صفحہ ١٢
قال المحقق:	الحدیث صحیح		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (١٨٠٢)	جلد ٢	صفحہ ٣٠٠
قال الالبانی:	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (١٦٥٩)	جلد ١	صفحہ ٣٣١
قال الالبانی	صحیح		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (٣١٨٩)	جلد ٣	صفحہ ٨٣
قال المحقق	صحیح		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (٣١٩٠)	جلد ٣	صفحہ ٨٣
قال المحقق	صحیح		

بائیں ہاتھ سے کھانا پینا شیطان کا عمل ہے

عَنِ ابْنِ عُمَرَ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْهُمَا – اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – قَالَ:

لَا یَاْکُلَنَّ اَحَدٌ مِنْکُمْ بِشِمَالِهٖ ، وَلَا یَشْرَبَنَّ بِهَا ، فَاِنَّ الشَّیْطَانَ یَاْکُلُ بِشِمَالِهٖ وَیَشْرَبُ بِهَا قَالَ : وَکَانَ نَافِعٌ یَزِیْدُ فِیْهَا :

وَلَا یَاْخُذُ بِهَا وَلَا یُعْطِی بِهَا

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۰۲۰)	جلد ۳	صفحہ ۱۵۹۸
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۵۲۶۷)	جلد ۳	صفحہ ۳۵۶
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۳۸۳)	جلد ۱	صفحہ ۱۲۹
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۴۵۳۷)	جلد ۲	صفحہ ۲۹۸
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۴۸۸۶)	جلد ۲	صفحہ ۴۴۱
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت ابن عمر -رضی اللہ عنہما- سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا:

تم میں سے کوئی بائیں ہاتھ سے نہ کھائے اور نہ بائیں ہاتھ سے پیئے کیونکہ شیطان اپنے بائیں ہاتھ سے کھاتا اور بائیں ہاتھ سے پیتا ہے۔

حضرت نافع کی روایت میں اتنا زیادہ ہے کہ

نہ بائیں ہاتھ سے لے اور نہ بائیں ہاتھ سے دے۔

-☆-

مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۴۰۹۱)	جلد ۴	صفحہ ۱۳۴
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۵۵۱۴)	جلد ۵	صفحہ ۹۴
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
السنن الکبری للنسائی	رقم الحدیث (۶۷۱۵)	جلد ۶	صفحہ ۲۵۹
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۱۸۰۰)	جلد ۲	صفحہ ۳۰۰
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن ابوداؤد	رقم الحدیث (۳۷۷۶)	جلد ۲	صفحہ ۴۳۴
قال الالبانی	صحیح		
السنن الکبری للنسائی	رقم الحدیث (۶۷۱۷)	جلد ۶	صفحہ ۲۵۹
السنن الکبری للنسائی	رقم الحدیث (۶۷۱۸)	جلد ۶	صفحہ ۲۶۰
السنن الکبری للنسائی	رقم الحدیث (۶۸۶۲)	جلد ۶	صفحہ ۳۰۷
السنن الکبری للنسائی	رقم الحدیث (۶۸۶۳)	جلد ۶	صفحہ ۳۰۷
السنن الکبری للنسائی	رقم الحدیث (۶۸۶۴)	جلد ۶	صفحہ ۳۰۷
السنن الکبری للنسائی	رقم الحدیث (۶۸۶۵)	جلد ۶	صفحہ ۳۰۷
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۲۲۶)	جلد ۱۲	صفحہ ۳۰
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۲۲۹)	جلد ۱۲	صفحہ ۳۴
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۱۷۹۹)	جلد ۲	صفحہ ۲۹۹
قال الالبانی	صحیح		

نماز پڑھنے والے کے آگے سے نہ گزریئے جو زبردستی گزرتا ہے وہ شیطان ہے

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – عَنِ النَّبِیِّ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلِہٖ وَسَلَّمَ – قَالَ :

اِذَا صَلّٰی اَحَدُکُمْ اِلٰی شَیْیءٍ یَسْتُرُہُ مِنَ النَّاسِ فَاَرَادَ اَحَدٌ اَنْ یَجْتَازَ بَیْنَ یَدَیْہِ ، فَلْیَدْفَعْہُ ، فَاِنْ اَبٰی فَلْیُقَاتِلْہُ ، فَاِنَّمَا ھُوَ شَیْطَانٌ .

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۵۰۹)	جلد ۱	صفحہ ۱۷۲
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۵۰۵)	جلد ۱	صفحہ ۳۶۲
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۷۷۲)	جلد ۱	صفحہ ۲۵۹
قال الالبانی	متفق علیہ		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۶۳۸)	جلد ۱	صفحہ ۱۷۱
قال الالبانی	صحیح		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۷۹۲)	جلد ۱	صفحہ ۲۳۰
قال المحقق	صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۵۶۰)	جلد ۱	صفحہ ۳۶۲
قال الالبانی	صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت ابو سعید خدری -رضی اللہ عنہ- سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا:

جب تم میں سے کوئی کسی چیز کو سترہ بناتے ہوئے نماز پڑھ رہا ہو اور کوئی اس کے آگے سے گزرنا چاہے تو نماز پڑھنے والے کو چاہئے کہ اسے روکے اور اگر وہ نہ رکے تو نمازی اس سے لڑ پڑے کیونکہ وہ شیطان ہے۔

-☆-

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (١١٥٥٠)	جلد١٠	صفحہ٢٠٠
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (٢٣٦٧)	جلد٦	صفحہ١٣١
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
صحیح سنن ابو داؤد	رقم الحدیث (٦٩٧)	جلد١	صفحہ٢٠٢
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن ابو داؤد	رقم الحدیث (٦٩٨)	جلد١	صفحہ٢٠٢
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن ابو داؤد	رقم الحدیث (٧٠٠)	جلد١	صفحہ٢٠٢
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن ابو داؤد	رقم الحدیث (٦٩٧)	جلد٣	صفحہ٢٨٢
قال الالبانی	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		

نماز میں ادھر ادھر دیکھنا
درحقیقت
شیطان کا بندے کو اچکنا ہے

عَنْ عَائِشَةَ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا – قَالَتْ:

سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – عَنِ الْاِلْتِفَاتِ فِي الصَّلَاةِ، فَقَالَ:

هُوَ اخْتِلَاسٌ يَخْتَلِسُهُ الشَّيْطَانُ مِنْ صَلَاةِ الْعَبْدِ.

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۷۵۱)	جلد ۱	صفحہ ۲۳۲
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۳۲۹۱)	جلد ۲	صفحہ ۱۰۱۲
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۹۸۳)	جلد ۱	صفحہ ۳۲۰
السنن الکبری	رقم الحدیث (۵۳۰)	جلد ۱	صفحہ ۳۱۵
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۷۰۴۷)	جلد ۲	صفحہ ۱۱۸۴
قال الالبانی	صحیح		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۷۷۳)	جلد ۱	صفحہ ۳۴۱
قال المحقق	صحیح		

ترجمة الحديث،

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے بیان فرمایا:

کہ میں نے حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا کہ نماز میں ادھر ادھر دیکھنا کیسا ہے؟ تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

یہ اچکنا ہے، شیطان بندے کی نماز سے اُچکتا ہے۔

-☆-

السنن الکبری	رقم الحدیث (۵۳۱)	جلد۱	صفحہ۲۸۶
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۵۵۳)	جلد۱	صفحہ۳۶۰
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۴۲۹۳)	جلد۱۷	صفحہ۳۴۲
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۴۶۲۷)	جلد۱۷	صفحہ۴۱۹
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۲۸۷)	جلد۶	صفحہ۶۴
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
صحیح سنن ابوداؤد	رقم الحدیث (۹۱۰)	جلد۱	صفحہ۲۵۵
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۵۹۰)	جلد۱	صفحہ۳۲۵
قال الالبانی	صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۱۲۰)	جلد۲	صفحہ۳۷
صحیح سنن النسائی	رقم الحدیث (۱۱۹۶)	جلد۱	صفحہ۳۸۸
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن ابوداؤد	رقم الحدیث (۸۱۰)	جلد۴	صفحہ۲۶
قال الالبانی	اسنادہ صحیح علی شرط البخاری		
الارواء الغلیل	رقم الحدیث (۳۷۰)	جلد۲	صفحہ۹۰
قال الالبانی	اسنادہ صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۱۲۱)	جلد۲	صفحہ۳۷
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۱۲۲)	جلد۲	صفحہ۳۷
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۱۲۳)	جلد۲	صفحہ۳۷
جامع الاصول	رقم الحدیث (۳۷۰۰)	جلد۵	صفحہ۵۱۰
قال المحقق	صحیح		

عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وآلہٖ وَسَلَّمَ – :

لَا یَزَالُ اللّٰهُ مُقْبِلًا عَلَی الْعَبْدِ فِیْ صَلَاتِهٖ مَا لَمْ یَلْتَفِتْ ، فَاِذَا صَرَفَ وَجْهَهٗ انْصَرَفَ عَنْهُ.

ترجمة الحديث:

حضرت ابو ذر – رضی اللہ عنہ – سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ – صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم – نے ارشاد فرمایا:

اللہ تعالیٰ بندے کی طرف متوجہ رہتا ہے جب تک بندہ اپنی نماز میں کسی اور طرف متوجہ نہ ہو اور جب بندہ اپنا چہرہ پھیر لے تو اللہ تعالیٰ بھی اس سے پھیر جاتا ہے۔

–☆–

مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۹۵۴)	جلد ۱	صفحہ ۴۴۵
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۵۳۲)	جلد ۱	صفحہ ۲۸۶
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۷۷۴)	جلد ۱	صفحہ ۴۴۲
قال المحقق	حسن		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۵۵۴)	جلد ۱	صفحہ ۳۶۰
قال الالبانی	حسن لغیرہ		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۱۴۰۰)	جلد ۱۵	صفحہ ۵۵۱
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۱۱۱۹)	جلد ۲	صفحہ ۳۶
جامع الاصول	رقم الحدیث (۳۶۹۹)	جلد ۵	صفحہ ۵۰۹
قال المحقق	صحیح		

نماز میں سرین دونوں ایڑیوں پر رکھنا شیطانی عمل ہے

عَنْ عَائِشَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا – قَالَتْ :

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – يَفْتَتِحُ الصَّلَاةَ بِالتَّكْبِيْرِ ، وَالْقِرَاْةَ بِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ، وَ كَانَ اِذَا رَكَعَ لَمْ يُشْخِصْ رَاْسَهٗ وَلَمْ يُصَوِّبْهُ وَلٰكِنْ بَيْنَ ذٰلِكَ ، وَكَانَ اِذَا رَفَعَ رَاْسَهٗ مِنَ الرُّكُوْعِ لَمْ يَسْجُدْ حَتّٰى يَسْتَوِیَ قَائِمًا ، وَكَانَ اِذَا رَفَعَ رَاْسَهٗ مِنَ السُّجُوْدِ لَمْ يَسْجُدْ حَتّٰى يَسْتَوِیَ قَاعِدًا،

وَكَانَ يَقُوْلُ فِیْ كُلِّ رَكْعَتَيْنِ التَّحِيَّاتُ ، وَكَانَ اِذَا جَلَسَ يَفْرُشُ رِجْلَهُ الْيُسْرٰى وَيَنْصِبُ رِجْلَهُ الْيُمْنٰى ، وَكَانَ يَنْهٰى عَنْ عُقْبِ الشَّيْطَانِ وَعَنْ فِرْشَةِ السَّبُعِ ، وَكَانَ يَخْتِمُ الصَّلَاةَ بِالتَّسْلِيْمِ.

ترجمة الحديث،

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے بیان فرمایا:

کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز کی ابتدا اللہ اکبر سے اور قرات کی ابتدا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ سے کیا کرتے تھے۔اور جب رکوع کرتے تو اپنا سر نہ اونچا رکھتے اور نہ جھکاتے بلکہ ان کے بین بین ہوتا۔اور جب رکوع سے سر اٹھاتے تو اس وقت تک سجدہ نہ کرتے جب تک کہ صحیح سیدھے کھڑے نہ ہو جاتے۔اور جب سجدے سے سر اٹھاتے تو دوسرا سجدہ اس وقت تک نہ کرتے جب تک کہ درست انداز میں بیٹھ نہ جاتے۔

اور ہر دو رکعت کے بعد التحیات تشھد پڑھتے اور جب بیٹھتے تو اپنا بایاں پاؤں بچھا لیتے اور دائیں کو کھڑا کرتے۔اور شیطان کی طرح دونوں سرینیں دونوں ایڑیوں پر رکھنے اور درندے کی مانند بیٹھنے سے منع فرماتے اور نماز کو سلام پر ختم کرتے۔

-☆-

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۴۹۸)	جلد۱	صفحہ۳۵۷
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۱۷۶۸)	جلد۵	صفحہ۶۴
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۳۹۱۲)	جلد۱۷	صفحہ۲۱۰
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
صحیح سنن ابوداؤد	رقم الحدیث (۷۸۳)	جلد۱	صفحہ۲۲۳
قال الالبانی	صحیح		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۳۵۸۲)	جلد۵	صفحہ۴۳۹
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۸۶۹)	جلد۱	صفحہ۲۶۷
قال محمود محمد محمود	الحدیث صحیح		

نماز میں جمائی
شیطان کی طرف سے ہے

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ - رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ - عَنِ النَّبِیِّ - صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ - قَالَ:

اَلتَّثَاؤُبُ فِی الصَّلَاةِ مِنَ الشَّیْطَانِ ، فَاِذَا تَثَاءَبَ اَحَدُکُمْ فَلْیَکْظِمْ مَا اسْتَطَاعَ .

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۹۹۴)	جلد۴	صفحہ۲۲۹۳
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۷۴۹۰)	جلد۴	صفحہ۴۰۵
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۳۰۱۲)	جلد۱	صفحہ۵۷۸
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۹۱۳۵)	جلد۹	صفحہ۱۳۳
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۰۶۴۳)	جلد۹	صفحہ۵۴۲
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۳۵۷)	جلد۶	صفحہ۱۴۱
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ قوی علی شرط مسلم		

ترجمة الحديث،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

نماز میں جمائی شیطان کی طرف سے ہے پھر جب تم میں سے کسی کو جمائی آئے تو اس کو روکے جہاں تک ہو سکے۔

-☆-

صحیح سنن الترمذی رقم الحدیث (۳۷۰) جلد۱ صفحہ ۲۱۵
قال الالبانی صحیح

دوران جمائی اگر ھا کہا
تو شیطان ہنستا ہے

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – عَنِ النَّبِیِّ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – قَالَ:

اَلتَّثَاؤُبُ مِنَ الشَّیْطَانِ ، فَاِذَا تَثَاءَ بَ اَحَدُکُمْ فَلْیَرُدَّهُ مَا اسْتَطَاعَ فَاِنَّ اَحَدُکُمْ اِذَا قَالَ : هَا ضَحِکَ الشَّیْطَانُ.

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۳۲۸۹)	جلد۲	صفحہ۱۰۱۲
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۲۲۳)	جلد۴	صفحہ۱۹۵۶
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۲۲۶)	جلد۴	صفحہ۱۹۵۷
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۳۰۱۳)	جلد۱	صفحہ۵۷۸
قال الالبانی	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۳۵۸)	جلد۶	صفحہ۱۲۲
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ حسن		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۳۵۹)	جلد۶	صفحہ۱۲۳
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ قوی		

ترجمة الحديث،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جمائی شیطان کی طرف سے ہے پھر جب تم میں سے کسی کو جمائی آئے تو اس کو جتنا روک سکتا ہے روکے اور جب کوئی جمائی کے وقت ہا کہتا ہے تو شیطان ہنستا ہے۔

-☆-

صحیح سنن الترمذی رقم الحدیث (۲۷۴۷) جلد۳ صفحہ ۹۷
قال الالبانی صحیح
صحیح سنن ابو داؤد رقم الحدیث (۵۰۲۸) جلد۳ صفحہ ۲۳۵
قال الالبانی صحیح

اونٹوں کے باڑے میں نماز نہ پڑھو
کیونکہ یہاں شیاطین کے اثرات ہیں

عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ :
سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – عَنِ الصَّلَاةِ فِیْ مَبَارِكِ الْإِبِلِ ، فَقَالَ:
لَا تُصَلُّوْا فِی مَبَارِكِ الْإِبِلِ فَإِنَّهَا مِنَ الشَّيَاطِيْنِ ، وَسُئِلَ عَنِ الصَّلَاةِ فِیْ مَرَابِضِ الْغَنَمِ ، فَقَالَ:
صَلُّوْا فِيْهَا فَإِنَّهَا بَرَكَةٌ.

صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۷۳۵۱)	جلد۲	صفحہ۱۳۲۷
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن ابوداؤد	رقم الحدیث (۱۸۴)	جلد۱	صفحہ۵۸
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن ابوداؤد	رقم الحدیث (۴۹۳)	جلد۱	صفحہ۱۴۴
قال الالبانی	صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت براء بن عازب -رضی اللہ عنہ- سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- سے اونٹوں کے باڑے میں نماز کے بارے میں دریافت کیا گیا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

ان میں نماز نہ پڑھا کرو کیونکہ یہاں شیطانی اثرات ہیں اور بکریوں کے باڑوں کے متعلق دریافت کیا گیا تو ارشاد فرمایا:

ان میں نماز پڑھ لیا کرو بے شک یہ بابرکت ہوتی ہیں۔

-☆-

نماز کی صف میں خالی جگہ شیطان کیلئے نہ چھوڑیئے

عَنِ ابْنِ عُمَرَ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا – اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلِہٖ وَسَلَّمَ – قَالَ:

اَقِیْمُوْا الصُّفُوْفَ، وَحَاذُوْا بَیْنَ الْمَنَاکِبِ، وسُدُّوا الْخَلَلَ، وَلِیْنُوْا بِاَیْدِیْ اِخْوَانِکُمْ، وَلَا تَذَرُوْا فُرُجَاتٍ لِلشَّیْطَانِ، وَمَنْ وَصَلَ صَفًّا وَصَلَہُ اللّٰہُ، وَمَنْ قَطَعَ صَفًّا قَطَعَہُ اللّٰہُ.

مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۱۰۵۹)	جلد۱	صفحہ۲۸۰
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۱۱۸۷)	جلد۱	صفحہ۲۶۰
قال الالبانی	صحیح		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۹۲)	جلد۱	صفحہ۳۸۶
قال المحقق	صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۴۹۵)	جلد۱	صفحہ۳۳۲
قال الالبانی	صحیح		

ترجمة الحديث،

سیدنا عبد اللہ بن عمر - رضی اللہ عنہما - سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ - صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم - نے ارشاد فرمایا:

صفوں کو بالکل درست رکھئے، کندھوں کو آپس میں ملائیے، صف کے درمیان خالی رہ جانے والی جگہ مکمل کیجئے، اپنے بھائیوں کے لئے نرمی پیدا کیجئے، شیطان کے لئے جگہ نہ چھوڑیئے۔ جو صف کو ملائے گا اللہ اسے ملائے گا اور جو صف کاٹے گا اللہ اسے کاٹ دے گا۔

-☆-

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۵۷۲۴)	جلد ۵	صفحہ ۲۱۵
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
صحیح سنن ابو داؤد	رقم الحدیث (٦٦٦)	جلد ۱	صفحہ ۱۹۷
قال الالبانی	صحیح		

ذکر الٰہی سے اعراض کرنے والے
پر
شیطان مسلط ہو جاتا ہے

وَمَنْ يَعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ o وَاِنَّهُمْ لَيَصُدُّوْنَهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ o (1)

ترجمہ:

اور جو شخص دانستہ اندھا بنتا ہے رحمان کے ذکر سے تو ہم مقرر کر دیتے ہیں اس کیلئے شیطان ، پس وہ ہر وقت اس کا رفیق رہتا ہے۔

اور شیاطین روکتے ہیں ان اندھوں کو راہ ہدایت سے اور یہ لوگ خیال کرتے ہیں کہ وہ ہدایت یافتہ ہیں۔

-☆-

(1) زخرف:۳۶

گالی دے کر
شیطان کے مددگار نہ بنئے

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ :

اَتَی النَّبِیُّ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – بِرَجُلٍ قَدْ شَرِبَ ، فَقَالَ:

اِضْرِبُوْهُ . قَالَ اَبُوْ هُرَیْرَةَ:

فَمِنَّا الضَّارِبُ بِیَدِهٖ وَالضَّارِبُ بِنَعْلِهٖ وَالضَّارِبُ بِثَوْبِهٖ ، فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ :

اَخْزَاکَ اللّٰهُ ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ و آلِهٖ وَسَلَّمَ –:

لَا تَقُوْلُوْا هٰکَذَا ، لَا تُعِیْنُوْا عَلَیْهِ الشَّیْطَانَ .

ترجمة الحديث،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ایک آدمی لایا گیا جس نے شراب پی تھی تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اسے ضرب لگاؤ۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

ہم میں سے کوئی ہاتھ سے مارنے والا، کوئی جوتے سے مارنے والا اور کوئی کپڑے سے مارنے والا تھا۔ جب وہ آدمی واپس جانے لگا تو کسی نے کہا:

اللہ تجھے رسوا کرے۔ پس حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اس طرح مت کہیے، اس کے خلاف شیطان کی مدد مت کیجیے۔

-☆-

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (٧٩٧٣)	جلد ٨	صفحہ ١٠٤
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (٣٥٥٣)	جلد ٣	صفحہ ٤٤٢
صحیح البخاری	رقم الحدیث (٦٧٧٧)	جلد ٤	صفحہ ٢١٦
صحیح البخاری	رقم الحدیث (٦٧٨١)	جلد ٤	صفحہ ٢١٧
جامع الاصول	رقم الحدیث (١٩٢٣)	جلد ٣	صفحہ ٥٠٧
قال المحقق	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (٥٧٣٠)	جلد ١٣	صفحہ ٣٧
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح		
صحیح سنن ابوداؤد	رقم الحدیث (٤٤٧٧)	جلد ٣	صفحہ ٧٨
قال الالبانی	صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (٥٢٦٨)	جلد ٥	صفحہ ١٣٧

زیادہ پیٹ بھر کر کھانا شیطانی عمل ہے

عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – :

اَلْمُسْلِمُ یَاْکُلُ فِیْ مِعًی وَّاحِدٍ ، وَالْکَافِرُ یَاْکُلُ فِیْ سَبْعَةِ اَمْعَآءٍ۔

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۵۳۹۶)	جلد۲	صفحہ۱۷۳۷
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۵۳۹۷)	جلد۲	صفحہ۱۷۳۷
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۵۳۷۲)	جلد۳	صفحہ۳۸۱
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۵۳۷۷)	جلد۳	صفحہ۳۸۲
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۵۳۷۹)	جلد۳	صفحہ۳۸۲
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۰۶۲)	جلد۳	صفحہ۱۶۳۲
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۰۶۳)	جلد۳	صفحہ۱۶۳۲
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۳۲۵۶)	جلد۲	صفحہ۵
قال محمود محمد محمود	الحدیث متفق علیہ		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۱۸۱۹)	جلد۲	صفحہ۳۰۶
قال الالبانی:	صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مسلمان ایک آنت سے کھاتا ہے اور کافر سات آنتوں سے کھاتا ہے۔

-☆-

عَنْ أَبِی هُرَيْرَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ:

مَا شَبِعَ آلُ مُحَمَّدٍ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – مِنْ طَعَامٍ ثَلاثَةَ اَيَّامٍ حَتّٰی قُبِضَ ۔[1]

السنن الکبری	رقم الحدیث (۲۷۴۱)	جلد ۶	صفحہ ۲۶۹
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۸۲۱۰)	جلد ۸	صفحہ ۲۲۲
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۱۶۱)	جلد ۱	صفحہ ۳۷۸
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۱۶۲)	جلد ۱	صفحہ ۳۷۹
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۳۱۵۶)	جلد ۳	صفحہ ۶۸
قال المحقق	صحیح		
(۱) صحیح البخاری	رقم الحدیث (۵۳۷۴)	جلد ۴	صفحہ ۱۷۳۱
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۳۳۴۳)	جلد ۴	صفحہ ۵۰
قال محمود محمد محمود	الحدیث صحیح		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۲۳۵۸)	جلد ۲	صفحہ ۵۴۶
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۹۵۷۷)	جلد ۹	صفحہ ۲۵۹
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۶۳۴۶)	جلد ۱۴	صفحہ ۲۵۶
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		

ترجمة الحديث،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

کہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل -ازواج مطہرات- رضی اللہ عنھن -نے تین دن متواتر کھانا سیر ہو کر نہیں کھایا یہاں تک کہ آپ کا وصال مبارک ہو گیا۔

-☆-

الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۴۷۵۵)	جلد ۴	صفحہ ۸۶
قال المحقق	صحیح		
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۹۷۶)	جلد ۴	صفحہ ۲۲۸۴
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۳۲۶۳)	جلد ۳	صفحہ ۳۷۴
قال الالبانی	صحیح		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۴۷۹۳)	جلد ۴	صفحہ ۲۱۹
قال المحقق	صحیح		
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۷۳۵۷)	جلد ۴	صفحہ ۳۹۹

کھانا کھاتے وقت اللہ تعالیٰ کا ذکر ورنہ شیطان شریک ہو جاتا ہے

عَنْ حُذَیْفَةَ بْنِ یَمانٍ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – قَالَ :

کُنَّااِذَا حَضَرْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلِہٖ وَسَلَّمَ – طَعَامًا ، لَمْ نَضَعْ اَیْدِیَنَا حَتّٰی یَبْدَأَ رَسُوْلُ اللّٰہِ– صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ و آلِہٖ وَسَلَّمَ – فَیَضَعَ یَدَہٗ ، وَاِنَّا حَضَرْنَا مَعَہٗ مَـرَّۃً طَعَامًا فَجَاءَ ت جَارِیَةٌ کَاَنَّھَا تُدْفَعُ ، فَذَھَبَتْ لِتَضَعَ یَدَھَا فِی الطَّعَامِ ، فَاَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰـہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلِہٖ وَسَلَّمَ – بِیَدِھَا ، ثُمَّ جَاءَ اَعْرَابِیٌّ کَاَنَّمَا یُدْفَعُ ، فَاَخَذَ بِیَدِہٖ ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلِہٖ وَسَلَّمَ – :

اِنَّ الشَّیْطَانَ یَسْتَحِلُّ الطَّعَامَ اَنْ لَا یُذْکَرَ اسْمُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ ، وَاِنَّہٗ جَاءَ بِھٰذِہِ الْجَارِیَةِ لِیَسْتَحِلَّ بِھَا ، فَاَخَذْتُ بِیَدِھَا ، فَجَاءَ بِھٰذَا الْاَعْرَابِیِّ لِیَسْتَحِلَّ بِہٖ ، فَاَخَذْتُ بِیَدِہٖ ، وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ اِنَّ یَدَہٗ فِیْ یَدِیْ مَعَ یَدَیْھِمَا ، ثُمَّ ذَکَرَ اسْمَ اللّٰہِ تَعَالٰی وَاَکَلَ۔

ترجمة الحديث،

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب ہم حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ کسی کے کھانے میں شریک ہوتے تو ہم کھانے میں اس وقت تک ہاتھ نہ ڈالتے تھے جب تک کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنا ہاتھ ڈال کر پہل نہ فرماتے۔

ایک مرتبہ ہم کھانے میں آپ کے ساتھ تھے کہ اچانک ایک لڑکی آئی گویا کہ اسے دھکیلا جا رہا ہے یعنی تیزی سے آئی اور کھانے میں اپنا ہاتھ ڈالنے لگی تو حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا۔ پھر ایک دیہاتی آیا اور وہ بھی اتنی تیزی سے آیا گویا کہ اسے دھکیلا جا رہا ہے۔ پس آپ نے اس کا ہاتھ بھی پکڑ لیا۔ پس حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جس کھانے پر اللہ تعالیٰ کا نام نہ لیا جائے تو شیطان اس کو اپنے لئے حلال سمجھتا ہے اور وہی شیطان اس بچی کو لایا تھا تا کہ اس کے ذریعے سے وہ اس کھانے کو کھا سکے تو میں نے اس بچی کا ہاتھ پکڑ لیا۔ پھر وہ اس دیہاتی کو لایا تا کہ اس کے ذریعے سے کھانا کھا سکے تو میں نے اس کا ہاتھ بھی پکڑ لیا۔

قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! بے شک شیطان کا ہاتھ ان دونوں ہاتھوں سمیت میرے ہاتھ میں ہے۔ پھر آپ نے اللہ تعالیٰ کا نام لیا اور کھانا تناول فرمایا۔

-☆-

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۰۱۷)	جلد۳	صفحہ۱۵۹۷
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۵۲۵۹)	جلد۳	صفحہ۳۵۵
مشکوٰۃ المصابیح	رقم الحدیث (۴۰۸۸)	جلد۴	صفحہ۱۴۱
مشکوٰۃ المصابیح	رقم الحدیث (۴۱۶۵)	جلد۴	صفحہ۱۶۵
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۱۲۵۳)	جلد۱	صفحہ۳۴۰
قال الالبانی	صحیح		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۳۱۲۵)	جلد۳	صفحہ۵۵
قال المحقق	صحیح		

صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۱۰۹)	جلد۲	صفحہ۴۹۰
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۳۱۴۲)	جلد۱۶	صفحہ۵۶۷
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۳۲۶۶)	جلد۱۶	صفحہ۲۰۷
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
صحیح سنن ابو داؤد	رقم الحدیث (۳۷۶۶)	جلد۲	صفحہ۴۴۱
قال الالبانی	صحیح		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۵۴۳۶)	جلد۷	صفحہ۴۷۴
قال المحقق	صحیح		

شیطان
بائیں ہاتھ سے کھاتا ہے
بائیں ہاتھ سے پیتا ہے

عَنِ ابْنِ عُمَرَ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا – اَنَّ النَّبِيَّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – قَالَ:

اِذَا اَكَلَ اَحَدُكُم فَلْيَأْكُلْ بِيَمِيْنِهٖ وَاِذَا شَرِبَ فَلْيَشْرَبْ بِيَمِيْنِهٖ ، فَاِنَّ الشَّيْطَانَ يَأْكُلُ بِشِمَالِهٖ وَيَشْرَبُ بِشِمَالِهٖ.

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۰۲۰)	جلد ۳	صفحہ ۱۵۹۸
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۳۸۳)	جلد ۱	صفحہ ۱۳۹
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۴۵۳۷)	جلد ۴	صفحہ ۲۹۸
قال محمود محمد محمود	الحدیث متفق علیہ		
صحیح سنن النسائی	رقم الحدیث (۱۶۰۷)	جلد ۱	صفحہ ۵۲۴
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن النسائی	رقم الحدیث (۱۶۰۸)	جلد ۱	صفحہ ۵۲۴
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۴۰۵۹)	جلد ۴	صفحہ ۱۳۱
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		

ترجمة الحديث،

سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ایک آدمی کا ذکر کیا گیا جو ساری رات صبح تک سویا رہا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اس کے کانوں میں شیطان نے پیشاب کر دیا ہے۔یا فرمایا: اس کے کان میں۔

-☆-

السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۱۳۰۴)	جلد۲	صفحہ۱۱۶
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۳۵۵۷)	جلد۳	صفحہ۴۸۵
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۹۴۱)	جلد۱	صفحہ۴۹۸
قال المحقق	صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۶۴۴)	جلد۱	صفحہ۴۰۹
قال الالبانی	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۵۶۲)	جلد۶	صفحہ۳۰۲
قال شعیب الأرنؤوط	اسنادہ صحیح		

اللہ تعالیٰ کو بھول جانے والوں کے بچوں پر شیطان مسلط ہوتا ہے

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا – عَنِ النَّبِيِّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلہٖ وَسَلَّمَ – قَالَ:

لَوْ اَنَّ اَحَدَكُمْ إِذَا اَرَادَ اَنْ يَأْتِيَ اَهْلَهُ قَالَ:

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ! جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا، ثُمَّ قُدِّرَ اَنْ يَكُوْنَ بَيْنَهُمَا وَلَدٌ فِي ذٰلِكَ لَمْ يَضُرَّهُ شَيْطَانٌ اَبَدًا.

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۱۴۱)	جلد ۱	صفحہ ۴۷
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۳۲۷۱)	جلد ۲	صفحہ ۱۰۰۹
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۳۲۸۳)	جلد ۲	صفحہ ۱۰۱۱
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۵۱۶۵)	جلد ۳	صفحہ ۱۶۶۲
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۳۸۸)	جلد ۴	صفحہ ۲۰۰۶
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۷۳۹۶)	جلد ۴	صفحہ ۲۳۰۹
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۱۴۳۴)	جلد ۲	صفحہ ۱۰۵۸
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۱۰۹۲)	جلد ۱	صفحہ ۵۵۴
قال الالبانی:	صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

تم میں سے کوئی جب اپنی اہلیہ کے پاس جانے کا ارادہ کرے تو کہے:

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ ! جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا

اللہ کے نام سے، اے اللہ! ہم کو شیطان سے دور رکھنا اور شیطان کو اس سے بھی دور رکھنا جو تو اولاد ہمیں عطا فرمائے۔

پھر اگر ان کے مقدر میں اولاد ہوئی تو اسے شیطان ساری زندگی ضرر و نقصان نہ دے سکے گا۔

-☆-

مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۲۴۵۲)	جلد ۳	صفحہ ۳
صحیح سنن ابی داود	رقم الحدیث (۲۱۶۱)	جلد ۱	صفحہ ۶۰۱
قال الالبانی	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۵۲۴۱)	جلد ۲	صفحہ ۹۳۰
قال الالبانی:	صحیح		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۱۹۱۹)	جلد ۲	صفحہ ۴۵۴
قال محمود محمد محمود	الحدیث متفق علیہ		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۹۸۳)	جلد ۳	صفحہ ۲۶۳
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۸۹۸۱)	جلد ۸	صفحہ ۲۰۵
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۸۹۸۳)	جلد ۸	صفحہ ۲۰۶
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۱۰۰۲۴)	جلد ۹	صفحہ ۱۰۹
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۱۰۰۲۵)	جلد ۹	صفحہ ۱۰۹
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۱۰۰۲۷)	جلد ۹	صفحہ ۱۰۹
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۱۰۰۲۸)	جلد ۹	صفحہ ۱۰۹
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۱۰۰۲۹)	جلد ۹	صفحہ ۱۱۰
الارواء الغلیل	رقم الحدیث (۲۰۱۲)	جلد ۷	صفحہ ۷۵
قال الالبانی	صحیح		

مسند الامام احمد قال احمد محمد شاکر	رقم الحدیث (۱۸۶۷) اسنادہ صحیح	جلد ۲	صفحہ ۴۳۲
مسند الامام احمد قال احمد محمد شاکر	رقم الحدیث (۱۹۰۸) اسنادہ صحیح	جلد ۲	صفحہ ۴۴۷
مسند الامام احمد قال احمد محمد شاکر	رقم الحدیث (۲۱۷۸) اسنادہ صحیح	جلد ۳	صفحہ ۵
مسند الامام احمد قال احمد محمد شاکر	رقم الحدیث (۲۵۵۵) اسنادہ صحیح	جلد ۳	صفحہ ۱۵۶
مسند الامام احمد قال احمد محمد شاکر	رقم الحدیث (۲۵۹۷) اسنادہ صحیح	جلد ۳	صفحہ ۱۶۹

برے خواب شیطان کی طرف سے ہیں
اللہ کی پناہ و حفاظت مانگنی چاہیے اس خواب کے شر سے اور
اسکا ذکر کسی سے نہ کرنا چاہیے

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – عَنِ النَّبِیِّ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وآلِه وَسَلَّمَ – قَالَ:

اِذَا رَاٰی اَحَدُکُمْ رُؤْیَا یُحِبُّهَا ، فَاِنَّمَا هِیَ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰی ، فَلْیَحْمَدِ اللّٰهَ عَلَیْهَا ، وَلْیُحَدِّثْ بِهَا ، وَاِذَا رَاٰی غَیْرَ ذٰلِکَ مِمَّا یَکْرَهُ ، فَاِنَّمَا هِیَ مِنَ الشَّیْطَانِ ، فَلْیَسْتَعِذْ مِنْ شَرِّهَا ، وَلَا یَذْکُرْهَا لِاَحَدٍ ، فَاِنَّهَا لَا تَضُرُّهُ.

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۹۸۵)	جلد۴	صفحہ ۲۱۸۷
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۷۰۴۵)	جلد۴	صفحہ ۲۲۰۴
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۷۶۰۵)	جلد۷	صفحہ ۱۱۷
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۱۰۶۶۳)	جلد۹	صفحہ ۳۲۹
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۰۹۹۵)	جلد۱۰	صفحہ ۲۹
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت ابو سعید خدری -رضی اللہ عنہ- سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا:

جب تم میں سے کوئی آدمی اچھا خواب دیکھے تو وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے، پس وہ اس پر اللہ تعالیٰ کی حمد کرے، اس کا شکر ادا کرے اور اسے بیان کردے۔ اور جب اس کے برعکس نامناسب خواب دیکھے جسے وہ پسند نہ کرتا ہو تو وہ شیطان کی طرف سے ہے۔ پس وہ اللہ تعالیٰ کی حفاظت و پناہ مانگے شیطان کے شر سے یعنی:

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْم پڑھے اور کسی کے سامنے اسے بیان نہ کرے اس وجہ سے وہ اسے نقصان نہیں دے گا۔

-☆-

صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (١٥٩٨)	جلد٢	صفحہ٢٦٠
قال الالبانی	صحیح		
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (٢٣٨٢)	جلد٢	صفحہ٣٥١
قال المحقق	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (٥٤٩)	جلد١	صفحہ١٥٦
قال الالبانی:	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (٥٥٠)	جلد١	صفحہ١٥٦
قال الالبانی:	صحیح		
جامع الاصول	رقم الحدیث (٩٩١)	جلد٢	صفحہ٣٢٧
قال المحقق	صحیح		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (٣٢٥٣)	جلد٣	صفحہ٣٢٢
قال الالبانی	صحیح		

برے خواب شیطان کی طرف سے ہیں
اس وقت تین مرتبہ بائیں تھوکنا چاہئے اور
اللہ تعالیٰ کی پناہ وحفاظت مانگنی چاہئے شیطان کے شر سے

عَنْ اَبِی قَتَادَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ النَّبِیُّ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – :

اَلرُّؤْیَا الصَّالِحَةُ مِنَ اللّٰهِ ، وَالْحُلْمُ مِنَ الشَّیْطَانِ ، فَمَنْ رَاٰی شَیْئًا یَكْرَهُهٗ فَلْیَنْفُثْ عَنْ شِمَالِهٖ ثَلَاثًا وَلْیَتَعَوَّذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطَانِ فَاِنَّهَا لَا تَضُرُّهٗ.

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۳۲۹۲)	جلد۲	صفحہ۱۰۱۲
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۵۷۴۷)	جلد۴	صفحہ۱۸۳۵
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۹۸۴)	جلد۴	صفحہ۲۱۸۷
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۹۸۶)	جلد۴	صفحہ۲۱۸۷
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۹۹۵)	جلد۴	صفحہ۲۱۹۱
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۷۰۴۴)	جلد۴	صفحہ۲۲۰۴
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۷۰۰۵)	جلد۴	صفحہ۲۱۹۳
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۲۶۱)	جلد۴	صفحہ۱۷۷۱

ترجمة الحديث،

حضرت ابوقتادہ -رضی اللہ عنہ- سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا:

نیک خواب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور برا خواب شیطان کی طرف سے ہے۔پس جو آدمی خواب میں ایسی کوئی چیز دیکھے جسے وہ ناپسند کرتا ہو تو اپنی بائیں جانب تین مرتبہ تھوک دے اور اللہ تعالیٰ کی پناہ وحفاظت مانگے شیطان کے شر سے پس یہ خواب اسے نقصان نہیں پہنچائے گا۔

-☆-

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۵۹۰۲)	جلد ۴	صفحہ ۱۲
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۵۹۰۳)	جلد ۴	صفحہ ۱۲
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۵۰۲۱)	جلد ۳	صفحہ ۲۳۲
قال الالبانی:	صحیح		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۳۹۰۹)	جلد ۴	صفحہ ۳۴۳
قال محمود محمد محمود:	الحدیث صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۲۴۲۴)	جلد ۱۶	صفحہ ۳۴۱
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۷۵۸۰)	جلد ۷	صفحہ ۱۰۵
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۲۴۸۴)	جلد ۱۶	صفحہ ۳۵۹
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۲۴۹۴)	جلد ۱۶	صفحہ ۳۶۲
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۲۴۹۷)	جلد ۱۶	صفحہ ۳۶۴
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۲۵۴۳)	جلد ۱۶	صفحہ ۳۷۷
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۲۵۴۴)	جلد ۱۶	صفحہ ۳۷۴
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۴۵۳۵)	جلد ۲	صفحہ ۳۰۰
قال الالبانی	متفق علیہ		

صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۵۹۸)	جلد ۲	صفحہ ۲۶۰
قال الالبانی	صحیح		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۳۳۸۳)	جلد ۲	صفحہ ۴۵۲
قال المحقق	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۶۰۵۸)	جلد ۱۳	صفحہ ۴۲۲
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط البخاری		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۶۰۵۹)	جلد ۱۳	صفحہ ۴۲۳
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۳۵۳۱)	جلد ۱	صفحہ ۶۶۲
قال الالبانی:	صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۷۶۰۸)	جلد ۷	صفحہ ۱۱۸
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۶۶۴)	جلد ۹	صفحہ ۳۲۹
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۶۶۷)	جلد ۹	صفحہ ۳۳۰
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۶۶۸)	جلد ۹	صفحہ ۳۳۰
جامع الاصول	رقم الحدیث (۹۹۰)	جلد ۲	صفحہ ۳۳۵
قال المحقق	صحیح		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۲۳۷۷)	جلد ۲	صفحہ ۵۱۲
قال الالبانی	صحیح		

شیطان جو خواب میں کھیلے
اس کا لوگوں سے ذکر نہ کیجئے

عَنْ جَابِرٍ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ :

جَاءَ اَعْرَابِیٌّ اِلَی النَّبِیِّ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِه وَسَلَّمَ – فَقَالَ :

يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ! رَاَيْتُ فِی الْمَنَامِ كَاَنَّ رَاْسِی ضُرِبَ فَتَدَحْرَجَ فَاشْتَدَدْتُ عَلٰی اَثَرِهٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِه وَسَلَّمَ – لِلْاَعْرَابِیِّ :

لَا تُحَدِّثِ النَّاسَ بِتَلَعُّبِ الشَّيْطَانِ بِكَ فِی مَنَامِكَ . وَقَالَ : سَمِعْتُ النَّبِیَّ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – بَعْدُ يَخْطُبُ فَقَالَ:

لَا يُحَدِّثَنَّ اَحَدُكُمْ بِتَلَعُّبِ الشَّيْطَانِ بِهٖ فِیْ مَنَامِهٖ.

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۲۶۸)	جلد۴	صفحہ۱۷۷۶
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۷۶۱۰)	جلد۷	صفحہ۱۱۹
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۱۰۶۸۴)	جلد۹	صفحہ۳۳۵
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۴۳۳۰)	جلد۱۱	صفحہ۴۳۴
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		

ترجمۃ الحدیث،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک اعرابی حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور عرض کی:

یا رسول اللہ! میں نے خواب میں دیکھا کو یا میرے سر پر ضربیں لگائی جا رہی ہیں پھر وہ کٹ کر لڑھکنے لگا تو میں اس کے پیچھے تیزی سے جا رہا ہوں۔ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اعرابی سے فرمایا:

لوگوں سے بیان نہ کرو جو خواب میں شیطان تیرے ساتھ کھیلتا ہے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

میں نے اس کے بعد سنا حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خطبہ ارشاد فرما رہے تھے:
تم میں سے کوئی بھی بیان نہ کرے جو خواب میں شیطان اس سے کھیلے۔

-☆-

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۴۷۱۵)	جلد ۱۱	صفحہ ۵۳۹
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۶۰۵۶)	جلد ۱۳	صفحہ ۴۲۰
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۳۹۱۲)	جلد ۴	صفحہ ۳۴۴
قال محمود محمد محمود	الحدیث صحیح		

غصے کے وقت

شیطان مسلط ہو جاتا ہے

عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – :

اَنَّ رَجُلًا قَالَ لِلنَّبِيِّ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – : اَوْصِنِی ، قَالَ: لا تَغْضَبْ ، فَرَدَّدَ مِرارًا ، قَالَ : لا تَغْضَبْ.

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۱۱۶)	جلد۴	صفحہ۱۹۲۸
سنن الترمذی	رقم الحدیث (۲۰۲۰)	جلد۳	صفحہ۵۴۶
قال الترمذی:	ھذا حدیث حسن صحیح غریب		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۲۰۲۰)	جلد۲	صفحہ۳۸۶
قال الالبانی:	صحیح		
السنن الکبری للبیہقی	رقم الحدیث (۲۰۲۷۹)	جلد۱۰	صفحہ۱۸۵
قال البیہقی:	رواہ البخاری فی الصحیح		
شرح السنۃ للبغوی	رقم الحدیث (۳۵۸۵)	جلد۱۳	صفحہ۱۵۹
قال البغوی:	ھذا حدیث صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۸۷۴۹)	جلد۸	صفحہ۴۵۶
قال احمد محمد شاکر:	اسنادہ صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت ابو ہریرہ –رضی اللہ عنہ– سے روایت ہے:

ایک آدمی نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی:

یا رسول اللہ! مجھے وصیت فرمایئے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

غصہ نہ کیا کرو۔اس نے کئی مرتبہ اپنی درخواست دہرائی تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہر مرتبہ فرمایا:

غصہ نہ کیا کرو۔

-☆-

غصہ کے وقت

گالیاں دینا، چہرہ سرخ ہو جانا اور

رگیں پھول جانا

شیطان کے اثر سے ہے

عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدٍ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ:

كُنْتُ جَالِسًا مَعَ النَّبِيِّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ – وَرَجُلَانِ يَسْتَبَّانِ، وَاَحَدُهُمَا قَدِ احْمَرَّ وَجْهُهُ، وَانْتَفَخَتْ اَوْدَاجُهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ –:

اِنِّي لَأَعْلَمُ كَلِمَةً لَوْ قَالَهَا لَذَهَبَ عَنْهُ مَا يَجِدُ لَو قَالَ:

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ، ذَهَبَ مِنْهُ مَا يَجِدُ، فَقَالُوا لَهُ:

اِنَّ النَّبِيَّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ – قَالَ:

تَعَوَّذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ.

ترجمة الحديث ،

حضرت سلیمان بن صرد رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا:

میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی معیت میں بیٹھا تھا اور دو آدمی ایک دوسرے کو گالیاں دے رہے تھے۔ ان میں سے ایک کا چہرہ سرخ ہو گیا اور اس کی رگیں پھول گئیں تو حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

بیشک میں ایک کلمہ جانتا ہوں اگر یہ اسے پڑھ لیتا تو اس کا غصہ جاتا رہتا کاش کہ وہ پڑھ لے۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ.

میں اللہ کی پناہ و حفاظت میں آتا ہوں مردود شیطان کے شر سے۔ تو اس کا غضب و غصہ دور ہو جائے گا۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اس آدمی سے کہا:

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں:

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ. پڑھئے

-☆-

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۱۱۵)	جلد ۴	صفحہ ۱۹۲۸
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۶۱۰)	جلد ۴	صفحہ ۱۹۷
فتح الباری	رقم الحدیث (۶۱۱۵)	جلد ۱۰	صفحہ ۵۱۸
سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۴۷۸۰)	جلد ۴	صفحہ ۹۱
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۴۷۸۱)	جلد ۵	صفحہ ۹۲
جامع الاصول	رقم الحدیث (۲۲۰۳)	جلد ۸	صفحہ ۳۲۲
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۳۴۵۲)	جلد ۳	صفحہ ۴۲۳
قال الالبانی:	ھذا حدیث صحیح (بالفاظ مختلف)		

جمائی لینا شیطان کی طرف سے ہے
جب کسی کو جمائی آتی ہے تو شیطان ہنستا ہے

عَنْ أَبِی هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:
إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْعُطَاسَ ، وَيَكْرَهُ التَّثَاؤُبَ ، فَإِذَا عَطَسَ أَحَدُكُمْ وَحَمِدَ اللّٰهَ تَعَالٰى كَانَ حَقًّا عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ سَمِعَهُ أَنْ يَقُوْلَ لَهُ :
يَرْحَمُكَ اللّٰهُ ، وَأَمَّا التَّثَاؤُبُ فَإِنَّمَا هُوَ مِنَ الشَّيْطَانِ ، فَإِذَا تَثَاءَبَ أَحَدُكُمْ فَلْيَرُدَّهُ مَا اسْتَطَاعَ فَإِنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا تَثَاءَبَ ضَحِكَ مِنْهُ الشَّيْطَانُ .

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۳۲۸۹)	(۶۲۲۳)	(۶۲۲۶)
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۱۸۸۴)	جلد۱	صفحہ۳۸۳
قال الالبانی	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۹۸)	جلد۲	صفحہ۳۵۹
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۳۵۸)	جلد۶	صفحہ۱۲۲
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ حسن		

ترجمة الحدیث،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

بے شک اللہ تعالیٰ چھینک کو پسند فرماتا ہے اور جمائی کو ناپسند فرماتا ہے تو جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے اور وہ کہے:

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ تو ہر مسلمان کیلئے جو اسے سنے یہ کہنا ضروری ہے:

یَرْحَمُکَ اللّٰہُ اللہ تجھ پر رحم فرمائے۔ اور جمائی شیطان کی طرف سے ہے پھر جب تم میں سے کسی کو جمائی آئے تو اس کو اپنی طاقت کے مطابق روکے اور جب کوئی جمائی لیتا ہے تو شیطان خوشی سے ہنستا ہے۔

صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۲۷۴۶)	جلد۳	صفحہ۹۷
قال الالبانی	حسن صحیح		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۲۷۴۷)	جلد۳	صفحہ۹۷
قال الالبانی	حسن صحیح		
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۹۹۷۱)	جلد۹	صفحہ۹۰
صحیح سنن ابو داؤد	رقم الحدیث (۵۰۲۸)	جلد۳	صفحہ۲۳۵
قال الالبانی	صحیح		
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۹۹۷۲)	جلد۹	صفحہ۹۱
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۹۹۷۳)	جلد۹	صفحہ۹۱
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۹۹۷۴)	جلد۹	صفحہ۹۱
جامع الاصول	رقم الحدیث (۴۸۸۷)	جلد۶	صفحہ۷۲۰
قال المحقق	صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۴۶۶۰)	جلد۴	صفحہ۳۴۷
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۹۴۹۷)	جلد۹	صفحہ۲۳۷
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۰۶۴۳)	جلد۹	صفحہ۵۴۲
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		

جب جمائی آئے تو ہاتھ منہ پر رکھ کر اسے روکیئے کیونکہ ایسی صورت میں شیطان داخل ہو جاتا ہے

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّمَ – :

اِذَا تَثَاءَ بَ اَحَدُکُمْ فَلْیُمْسِکْ بِیَدِہٖ عَلٰی فِیْہِ ، فَاِنَّ الشَّیْطَانَ یَدْخُلُ.

ترجمة الحديث،

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جب تم میں سے کسی کو جمائی آئے تو اسے چاہئے کہ اپنے منہ پر ہاتھ رکھ کر اسے روکے کیونکہ شیطان داخل ہو جاتا ہے۔

صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۴۲۶)	جلد۱	صفحہ۱۳۶
قال الالبانی	صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۴۲۶۵)	جلد۳	صفحہ۳۳۹
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۹۹۵)	جلد۴	صفحہ۳۳۵ے
صحیح سنن ابوداؤد	رقم الحدیث (۵۰۲۶)	جلد۳	صفحہ۲۳۵
قال الالبانی	صحیح		

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ:
إِذَا تَثَاءَبَ اَحَدُكُمْ فِي الصَّلَاةِ فَلْيَكْظِمْ مَا اسْتَطَاعَ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَدْخُلُ.

ترجمة الحديث،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جب تم میں سے کسی کو نماز میں جمائی آئے تو جتنا وہ اسے روک سکے روکے کیونکہ شیطان داخل ہو جاتا ہے۔

-☆-

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۹۹۴)	جلد۴	صفحہ۲۲۹۳
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۷۴۹۰)	جلد۴	صفحہ۴۰۵
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۳۰۱۲)	جلد۱	صفحہ۵۷۸
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۹۱۳۵)	جلد۹	صفحہ۱۳۳
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۰۶۴۳)	جلد۹	صفحہ۵۴۲
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۳۵۷)	جلد۶	صفحہ۱۲۱
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ قوی علی شرط مسلم		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۳۷۰)	جلد۱	صفحہ۲۱۵
قال الالبانی	صحیح		

فضول خرچی کرنے والے شیطان کے بھائی ہیں
شیطان اپنے رب کا ناشکرا ہے

اِنَّ الْمُبَذِّرِیْنَ کَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّیٰطِیْنِ وَکَانَ الشَّیْطٰنُ لِرَبِّہٖ کَفُوْرًا ۝ (1)

ترجمہ:

بے شک فضول خرچی کرنے والے شیطانوں کے بھائی ہیں اور شیطان اپنے رب کا بڑا ناشکرگزار ہے۔

-☆-

(1) بنی اسرائیل:۲۷

قَالَ الشَّافِعِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ:

اَلتَّبْـذِيْـرُ : هُـوَ اِنْفَاقُ الْمَالِ فِيْ غَيْرِ حَقِّهٖ ، وَلَا تَبْذِيْرَ فِيْ عَمَلِ الْخَيْرِ ، وَهٰذَا قَوْلُ الْجَمْهُوْرِ.

حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

فضول خرچی مال کو غیر حق میں خرچ کرنا ہے اور نیک عمل میں مال خرچ کرنا فضول خرچی نہیں اور یہی جمہور کا قول ہے

-☆-

خطایا الشیطان: صفحہ ۸۰

شیطان ڈراتا ہے کہ
اگر اللہ کی راہ میں مال خرچ کرو گے تو
تنگ دست ہو جاؤ گے

اَلشَّیْطَانُ یَعِدُکُمُ الْفَقْرَ وَیَامُرُکُم بِالْفَحْشَآءِ وَاللّٰہُ یَعِدُکُم مَّغْفِرَۃً مِّنْہُ وَفَضْلًا وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ○[1]

ترجمہ:

شیطان ڈراتا ہے تمہیں تنگ دستی سے اور حکم کرتا ہے تم کو بے حیائی کا۔اور اللہ تعالیٰ وعدہ فرماتا ہے تم سے اپنی بخشش کا اور فضل کا۔اور اللہ بڑی وسعت والا سب کچھ جاننے والا ہے۔

-☆-

(۱) البقرۃ:۲۶۸

صدقہ دینا

ستر شیطانوں کے جبڑے توڑ دیتا ہے

عَنْ بُرَيْدَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ :
لَا يُخْرِجُ رَجُلٌ شَيْئًا مِنَ الصَّدَقَةِ حَتّٰى يَفُكَّ عَنْهَا لَحْيَي سَبْعِيْنَ شَيْطَانًا .

ترجمة الحديث،

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشادفرمایا:

جب آدمی کوئی چیز بطور صدقہ نکالتا ہے تو اس صدقہ سے وہ ستر شیطانوں کے جبڑے توڑ دیتا ہے۔

الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۱۲۸۲)	جلد۱	صفحہ ۲۶۹
قال المحقق	حسن		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۲۹۶۲)	جلد۳۸	صفحہ ۶۰
قال شعیب الارنؤوط	رجالہ ثقات رجال الشیخین		
المستدرک	رقم الحدیث (۱۵۲۱)	جلد۲	صفحہ ۵۸۷
قال الحاکم	ھذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین ولم یخرجاہ		
قال الذھبی	علی شرطھما		

شیطان صدقہ دینے سے روکتا ہے

عَنْ اَبِی ذَرٍّ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – مَوْقُوْفًا عَلَیْہِ قَالَ:

مَا خَرَجَتْ صَدَقَةٌ حَتّٰی یُفَکَّ عَنْهَا لَحْيَي سَبْعِیْنَ شَیْطَانًا کُلُّهُمْ یَنْهٰی عَنْهَا.

حضرت ابو ذر غفاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

جب صدقہ دینے کیلئے مال نکالا جاتا ہے تو اس سے ستر شیطانوں کے جبڑے توڑ دیئے جاتے ہیں وہ سارے شیاطین صدقہ دینے سے روکتے ہیں۔

-☆-

ضحایا الشیطان: صفحہ ۸۱

شیطان

عورت کی صورت میں حملہ کرتا ہے

عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

اِنَّ الْمَرْأَةَ تُقْبِلُ فِيْ صُوْرَةِ شَيْطَانٍ ، وَتُدْبِرُ فِيْ صُوْرَةِ شَيْطَانٍ ، فَاِذَا اَبْصَرَ اَحَدُكُمْ امْرَأَةً فَلْيَأْتِ اَهْلَهُ ، فَاِنَّ ذٰلِكَ يَرُدُّ مَا فِيْ نَفْسِهٖ.

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۱۴۰۳)	جلد۲	صفحہ۱۰۲۱
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۳۴۰۷)	جلد۲	صفحہ۳۷۰
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۳۴۰۸)	جلد۲	صفحہ۳۷۰
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۳۰۱۱)	جلد۳	صفحہ۲۵۰
جامع الاصول	رقم الحدیث (۸۹۶۶)	جلد۱۱	صفحہ۳۹۳
قال المحقق	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۴۴۷۴)	جلد۱۱	صفحہ۴۷۷
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
صحیح سنن ابو داود	رقم الحدیث (۲۱۵۱)	جلد۱	صفحہ۵۸۹
قال الالبانی	صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

عورت جب سامنے آتی ہے تو شیطان کی صورت میں سامنے آتی ہے اور جب جاتی ہے تو شیطان کی صورت میں جاتی ہے۔ پس جب کوئی کسی عورت کو دیکھے تو اس کو چاہئے کہ اپنی بیوی کے پاس آئے یعنی اس سے صحبت کرے۔ اس عمل سے اس کے دل کا خیال جاتا رہے گا۔

-☆-

صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۵۷۲)	جلد۱۲	صفحہ۳۸۲
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۹۰۷۲)	جلد۸	صفحہ۲۳۵
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۱۹۳۹)	جلد۱	صفحہ۳۹۲
قال الالبانی:	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۱۹۳۰)	جلد۱	صفحہ۳۹۲
قال الالبانی:	صحیح		
سلسلة الاحادیث الصحیحة	رقم الحدیث (۲۳۵)	جلد۱	صفحہ۲۱۸
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۱۱۵۸)	جلد۱	صفحہ۵۹۲
قال الالبانی:	صحیح		

مردوں کے لئے
عورتیں خطرناک فتنہ ہیں

عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا – عَنِ النَّبِيِّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ – قَالَ:

مَا تَرَكْتُ بَعْدِي فِتْنَةً أَضَرَّ عَلَى الرِّجَالِ مِنَ النِّسَاءِ.

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۵۰۹۶)	جلد۳	صفحہ۱۶۴۰
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۷۴۰)	جلد۴	صفحہ۲۰۹۷
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۶۹۴۵)	جلد۴	صفحہ۲۶۰
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۶۹۴۶)	جلد۴	صفحہ۲۶۰
السنن الکبری للنسائی	رقم الحدیث (۹۱۰۸)	جلد۸	صفحہ۲۵۵
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۲۷۸۰)	جلد۳	صفحہ۱۰۹
قال الالبانی	صحیح		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۳۹۹۸)	جلد۴	صفحہ۳۹۷
قال محمود محمد محمود	الحدیث صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۱۶۴۳)	جلد۱۶	صفحہ۸۲
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		

ترجمۃ الحدیث،

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

میں نے اپنے بعد مردوں کے حق میں عورتوں سے زیادہ خطرناک فتنہ کوئی اور نہیں چھوڑا۔

-☆-

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۱۷۳۶)	جلد۱۶	صفحہ۱۰۸
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۳۰۲۱)	جلد۳	صفحہ۲۲۲
قال الالبانی	متفق علیہ		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۹۶۷)	جلد۱۳	صفحہ۳۰۶
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۹۶۹)	جلد۱۳	صفحہ۳۰۸
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۹۷۰)	جلد۱۳	صفحہ۳۰۸
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
التیسیر شرح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۷۸۷۱)	جلد۵	صفحہ۵۱۲
قال المحقق	صحیح		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۷۴۳۶)	جلد۶	صفحہ۵۹۵
قال المحقق	صحیح		
الجامع لشعب الایمان	رقم الحدیث (۵۰۲۷)	جلد۷	صفحہ۲۹۲
قال المحقق	اسنادہ صحیح		
الجامع لشعب الایمان	رقم الحدیث (۵۰۲۸)	جلد۷	صفحہ۲۹۳
قال المحقق	اسنادہ صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۵۵۹۷)	جلد۲	صفحہ۹۸۰
قال الالبانی:	صحیح		
السنن الکبری للنسائی	رقم الحدیث (۹۲۲۵)	جلد۸	صفحہ۳۰۲

کوئی مرد کسی غیر محرم عورت سے تنہائی میں نہ ملے ورنہ تیسرا شیطان ہوگا

عَنْ عُمَرَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – عَنِ النَّبِيِّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – قَالَ:
لَا يَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِامْرَأَةٍ إِلَّا كَانَ ثَالِثَهُمَا الشَّيْطَانُ.

صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۲۱۶۵)		جلد۲	صفحہ۴۵۷
قال الالبانی	صحیح	طویلا		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۱۴)		جلد۱	صفحہ۲۶۸
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح رجالہ ثقات رجال الشیخین	طویلا		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۷۷)		جلد۱	صفحہ۳۱۰
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح رجالہ ثقات رجال الشیخین	طویلا		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۷۴۵۴)		جلد۱۶	صفحہ۴۴۰
قال شعیب الأرنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین	طویلا		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۷۲۱۰)		جلد۱۰	صفحہ۳۰۴
قال الالبانی	صحیح	طویلا		

ترجمة الحديث،

سیدنا عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
کوئی مرد کسی اجنبی عورت کے ساتھ تنہائی میں نہ ملے ورنہ ان میں تیسرا شیطان ہوگا۔

-☆-

السنن الکبری للنسائی	رقم الحدیث (۹۱۷۴)	جلد ۸	صفحہ ۲۸۳	عن ابن عباس
الجامع الکبیر للترمذی	رقم الحدیث (۱۱۷۱)	جلد ۲	صفحہ ۴۶۲	
الجامع الکبیر للترمذی	رقم الحدیث (۱۲۰۵)	جلد ۳	صفحہ ۲۸	
قال الدکتور بشار عواد معروف	ھذا حدیث حسن غریب			
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۳۰۵۴)	جلد ۳	صفحہ ۲۵۵	
قال الالبانی	اسنادہ صحیح			
المستدرک	رقم الحدیث (۳۸۷)	جلد ۱	صفحہ ۱۲۵	
قال الحاکم	ھذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین ولم یخرجاہ	طویلا		

عورتوں کے پاس تنہائی میں مت جایئے

عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – قَالَ:

اِيَّاكُمْ وَالدُّخُوْلَ عَلَى النِّسَاءِ ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ : اَفَرَاَيْتَ الْحَمْوَ ؟ قَالَ : الْحَمْوُ الْمَوْتُ.

صحیح البخاری	رقم الحدیث (٥٢٣٢)	جلد٣	صفحہ١٦٨٢
صحیح مسلم	رقم الحدیث (٢١٧٢)	جلد٤	صفحہ١٢
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (١١٧١)	جلد١	صفحہ٥٩٧
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (١٧٣٩٦)	جلد٢٨	صفحہ٦١٨
قال شعیب الأرنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (١٧٣٤٧)	جلد٢٨	صفحہ٥٨٠
قال شعیب الأرنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (٥٥٨٨)	جلد١٢	صفحہ٤٠١
قال شعیب الأرنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم رجالہ ثقات رجال الشیخین		

ترجمة الحديث،

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

عورتوں کے پاس تنہائی میں داخل ہونے سے بچیئے۔ایک انصاری نے عرض کی:
اگر دیور ہو تو کیا حکم ہے؟ ! حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:
دیور تو موت ہے۔

-☆-

السنن الکبری للنسائی	رقم الحدیث (۹۱۷۲)	جلد۸	صفحہ ۲۸۲
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۵۹۱)	جلد۸	صفحہ ۱۳۹
قال الالبانی	صحیح		
الجامع الکبیر للترمذی	رقم الحدیث (۱۱۷۱)	جلد۲	صفحہ ۴۶۲
قال شعیب الأرنؤوط	صحیح		
الجامع الکبیر للترمذی	رقم الحدیث (۱۳۰۵)	جلد۳	صفحہ ۲۸
قال الدکتور بشار عواد معروف	ھذا حدیث حسن صحیح		

دنیا بڑی میٹھی ہے سرسبز ہے

دنیا سے بچیے! اور عورتوں سے بچیے!

عَنْ اَبِی سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ – قَالَ:

اِنَّ الدُّنْیَا حُلْوَۃٌ خَضِرَۃٌ وَاِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی مُسْتَخْلِفُکُمْ فِیْھَا، فَیَنْظُرُ کَیْفَ تَعْمَلُوْنَ، فَاتَّقُوْا الدُّنْیَا، وَاتَّقُوْا النِّسَاءَ فَاِنَّ اَوَّلَ فِتْنَۃِ بَنِی اِسْرَائِیْلَ کَانَتْ فِی النِّسَاءِ.

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۷۴۲)	جلد ۴	صفحہ ۲۰۹۸
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۷۵۱)	جلد ۳	صفحہ ۴۷
قال الالبانی	صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۳۲۱۶)	جلد ۳	صفحہ ۲۵۴
قال الالبانی	صحیح		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۷۰۵)	جلد ۴	صفحہ ۲۰
قال المحقق	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۳۲۲۱)	جلد ۸	صفحہ ۱۵
قال شعیب الارنووط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		

ترجمة الحديث،

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

بے شک دنیا میٹھی اور سرسبز ہے جسے تم جمع کر رہے ہو حالانکہ اللہ تعالیٰ اس میں تمہارے بعد والوں کو پیدا فرمانے والا ہے جو تمہاری جگہ اس سے نفع اٹھائیں گے لہٰذا تم دنیا کو بلا ضرورت جمع کرنے سے اجتناب کرو اور عورتوں سے بچتے رہو کہ دنیوی آزمائشوں میں ایک آزمائش عورتیں بھی ہیں۔ پس بے شک پہلا فتنہ بنی اسرائیل میں عورتوں کا تھا۔

-☆-

صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۵۹۱)	جلد ۱۲	صفحہ ۴۰۳
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۳۰۲۲)	جلد ۳	صفحہ ۲۲۲
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۱۱۲)	جلد ۱۰	صفحہ ۳۷
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۱۳۶۴)	جلد ۱۰	صفحہ ۱۳۶
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		

عورت چھپانے کی چیز ہے
جب یہ نکلتی ہے تو شیطان اسے جھانکتا ہے

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – عَنِ النَّبِیِّ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ – قَالَ:

اَلْمَرْأَۃُ عَوْرَۃٌ ، فَإِذَا خَرَجَتِ اسْتَشْرَفَھَا الشَّیْطَانُ۔

صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۱۱۷۳)	جلد ۱	صفحہ ۵۹۸
قال الالبانی	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۵۹۸)	جلد ۱۲	صفحہ ۴۱۲
قال شعیب الارنؤوط	رجالہ ثقات رجال الصحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۵۹۹)	جلد ۱۲	صفحہ ۴۱۳
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۶۶۹۰)	جلد ۲	صفحہ ۱۱۴۳
قال الالبانی:	صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۳۰۴۵)	جلد ۳	صفحہ ۲۵۴
قال الالبانی	اسنادہ صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۳۴۶)	جلد ۱	صفحہ ۲۶۰
قال الالبانی	صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت عبداللہ بن مسعود -رضی اللہ عنہما- سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا:

عورت چھپا کر رکھنے کی چیز ہے جب وہ باہر نکلتی ہے تو شیطان اس کو جھانکتا ہے۔

-☆-

عَنْ اَنَسٍ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ :

جَاءَ ثَلَاثَةُ رَهْطٍ اِلَى بُيُوْتِ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – يَسْاَلُوْنَ عَنْ عِبَادَةِ النَّبِيِّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – فَلَمَّا اُخْبِرُوْا كَاَنَّهُمْ تَقَالُّوْهَا وَقَالُوْا : اَيْنَ نَحْنُ مِنَ النَّبِيِّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – قَدْ غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ وَمَا تَاَخَّرَ ، قَالَ اَحَدُهُمْ :

اَمَّا اَنَا فَاُصَلِّي اللَّيْلَ اَبَدًا ، وَقَالَ الْآخَرُ : وَاَنَا اَصُوْمُ الدَّهْرَ وَلَا اُفْطِرُ ، وَقَالَ الْآخَرُ : وَاَنَا اَعْتَزِلُ النِّسَاءَ فَلَا اَتَزَوَّجُ اَبَدًا ، فَجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – اِلَيْهِمْ فَقَالَ :

اَنْتُمُ الَّذِيْنَ قُلْتُمْ كَذَا وَكَذَا ؟ اَمَا وَاللّٰهِ اِنِّي لَاَخْشَاكُمْ لِلّٰهِ وَاَتْقَاكُمْ لَهٗ لٰكِنِّي اَصُوْمُ وَاُفْطِرُ ، وَاُصَلِّي وَاَرْقُدُ ، وَاَتَزَوَّجُ النِّسَاءَ ، فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِي فَلَيْسَ مِنِّي.

یہ حوالہ جات پچھلی حدیث کے ہیں اس حدیث کے حوالہ جات اس حدیث کے اختتام پر ہیں

الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۵۰۹)	جلد۱	صفحہ۳۰۵
قال المحقق	حسن		
الارواء الغلیل	رقم الحدیث (۲۷۳)	جلد۱	صفحہ۳۰۳
قال الالبانی	اسنادہ صحیح		

ترجمة الحديث:

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

تین آدمی حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن کے گھر آئے اور ان سے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عبادت کے متعلق پوچھنے لگے۔ جب ان کو اس کی تفصیل بتلائی گئی تو گویا انہوں نے اسے کم سمجھا اور کہا:

ہمارا اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کیا مقابلہ؟ آپ کے سبب سے تو آپ کے اگلوں اور پچھلوں کے تمام گناہ معاف کر دیے گئے ہیں۔ اس لئے ہمیں تو آپ سے زیادہ عبادت کرنے کی ضرورت ہے۔ چنانچہ ان میں سے ایک نے کہا:

میں تو ہمیشہ ساری رات نماز پڑھا کروں گا۔ دوسرے نے کہا: میں ہمیشہ روزے رکھوں گا۔ کبھی روزے کا ناغہ نہیں کروں گا۔ تیسرے نے کہا:

جامع الاصول	رقم الحدیث (۴۹۲۳)	جلد۶	صفحہ۷۶۸
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۵۰۶۳)	جلد۳	صفحہ۱۶۳۱
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۱۴۰۱)	جلد۲	صفحہ۱۰۲۰
صحیح سنن النسائی	رقم الحدیث (۳۲۱۷)	جلد۲	صفحہ۴۱۰
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۳۴۶۸)	جلد۱۱	صفحہ۲۰۶
قال حمزة احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۳۶۶۲)	جلد۱۱	صفحہ۲۵۷
قال حمزة احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۳۹۷۸)	جلد۱۱	صفحہ۳۳۷
قال حمزة احمد الزین	اسنادہ صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۱۴)	جلد۱	صفحہ۱۹۰
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۵۳۰۵)	جلد۵	صفحہ۱۵۲
ارواء الغلیل	رقم الحدیث (۱۷۸۲)	جلد۶	صفحہ۱۹۳

میں عورتوں سے کنارہ کش رہوں گا اور کبھی نکاح نہیں کروں گا۔حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جب یہ باتیں پہنچیں تو آپ ان کے پاس تشریف لائے اور ان سے پوچھا:

تم نے اس اس طرح کہا ہے؟جب اس کا جواب انہوں نے اثبات میں دیا تو آپ نے ارشاد فرمایا:

خبردار!اللہ کی قسم!میں تم میں سے سب سے زیادہ اللہ سے ڈرنے والا اور اس کا سب سے زیادہ دل میں خوف رکھنے والا ہوں۔لیکن میں روزے رکھتا بھی ہوں اور چھوڑ بھی دیتا ہوں۔رات کو نماز بھی پڑھتا ہوں اور سوتا بھی ہوں اور میں عورتوں سے شادی بھی کرتا ہوں۔پس یہ سارے کام ہی میری سنت ہیں۔اور جس نے میری سنت سے اعراض کیا،پس وہ مجھ میں سے نہیں۔

-☆-

گانے بجانے کا بیوپار کرنے والے
شیطانی وصف سے متصف ہیں اور
لوگوں کو صراط مستقیم سے گمراہ کرتے ہیں

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِیْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّيَتَّخِذَهَا هُزُوًا اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝ [1]

ترجمہ:

اور کئی ایسے لوگ بھی ہیں جو بیوپار کرتے ہیں مقصد حیات سے غافل کر دینے والی باتوں کا تا کہ بھٹکاتے رہیں راہ خدا سے اس کے نتائج بد سے بے خبر ہو کر۔ اور اس کا مذاق اڑاتے رہیں یہ لوگ ہیں جن کیلئے رسوا کن عذاب ہے۔

-☆-

(۱) لقمان:۶

گھنٹا

شیطان کا باجا ہے

عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – :

اَلْجَرَسُ مَزَامِيْرُ الشَّيْطَانِ.

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۱۱۴)	جلد ۳	صفحہ ۱۶۷۲
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۵۵۴۸)	جلد ۴	صفحہ ۳۹۹
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۸۷۶۹)	جلد ۸	صفحہ ۴۱۸
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۸۸۳۷)	جلد ۹	صفحہ ۲۳
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۸۷۶۱)	جلد ۸	صفحہ ۱۱۱
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۴۷۰۴)	جلد ۱۰	صفحہ ۵۵۵
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۴۵۶۰)	جلد ۳	صفحہ ۲۵۸
قال المحقق	صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

گھنٹا شیطان کا باجا ہے۔

-☆-

صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۳۱۱۶)	جلد۳	صفحہ۲۰۶
قال الالبانی	صحیح		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۳۰۱۵)	جلد۵	صفحہ۴۳
قال المحقق	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۳۱۰۷)	جلد۱	صفحہ۵۹۶
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۲۵۵۶)	جلد۲	صفحہ۱۱۲
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۲۳۰۲)	جلد۷	صفحہ۳۰۸
قال الالبانی	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۳۸۱۸)	جلد۲	صفحہ۳۸

دینی امور میں
اپنی طرف سے سختی کرنے والے برباد ہو جاتے ہیں

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ:
هَلَكَ الْمُتَنَطِّعُوْنَ ، قَالَهَا : ثَلاثًا۔

ترجمة الحديث،

حضرت عبداللہ ابن مسعود۔ رضی اللہ عنہ۔ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم۔صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔نے ارشاد فرمایا:

اپنی طرف سے دین میں سختی کرنے والے ہلاک ہو گئے۔آپ نے تین مرتبہ یہ فرمایا۔

صحیح مسلم	رقم الحدیث(٢٦٧٠)	جلد٤	صفحہ٢٠٥٥
صحیح الجامع الصغیر والزیادۃ	رقم الحدیث(٧٠٣٩)	جلد٢	صفحہ١١٨٣
قال الالبانی	صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث(٤٧١٤)	جلد٤	صفحہ٣٦٤
صحیح سنن ابوداؤد	رقم الحدیث(٤٦٠٨)	جلد٣	صفحہ١١٩
قال الالبانی	صحیح		
غایۃ الاحکام	رقم الحدیث(٣٧٠٧)	جلد٢	صفحہ٥٤٤

اے اہل اسلام
میانہ روی اختیار کیجئے
اگر پوری طرح نہیں کر سکتے تو قریب قریب رہئے اور
بشارتیں دیجئے خوشخبریاں سنایئے

عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

اِنَّ الدِّیْنَ یُسْرٌ وَلَنْ یُشَادَّ الدِّیْنَ اَحَدٌ اَلَّا غَلَبَهٗ فَسَدِّدُوا وَقَارِبُوا وَاَبْشِرُوا وَاسْتَعِیْنُوْا بِالْغَدْوَةِ وَالرَّوْحَةِ وَشَیْءٍ مِنَ الدُّلْجَةِ.

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۳۹)	جلد ۱	صفحہ ۳۷
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۱۲۰۲)	جلد ۲	صفحہ ۵۱
صحیح سنن النسائی	رقم الحدیث (۵۰۴۹)	جلد ۳	صفحہ ۳۵۴
قال الالبانی	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۳۵۱)	جلد ۲	صفحہ ۶۳
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط البخاری		
غایۃ الاحکام	رقم الحدیث (۳۷۱۰)	جلد ۲	صفحہ ۵۴۵

ترجمة الحديث،

حضرت ابو ہریرہ -رضی اللہ عنہ- سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا۔

بیشک یہ دین اسلام بہت آسان ہے اور جو شخص دین میں سختی کرے گا تو دین اس پر غالب آجائے گا۔اس لئے میانہ روی اختیار کیجئے اگر پوری طرح میانہ روی اختیار نہیں کرسکتے تو میانہ روی کے قریب رہئے اور خوش خبریاں سنائیے۔اور مدد حاصل کیجئے صبح، دوپہر کے بعد اور کچھ رات میں عبادت کرنے سے۔

-☆-

صحیح الجامع الصغیر وزیادۃ　　رقم الحدیث (۱۶۱۱)　　جلد ۱　　صفحہ ۳۳۳
قال الالبانی　　صحیح

غلط اور لمبی امیدیں شیطان کی طرف سے ہیں

يَعِدُهُمْ وَيُمَنِّيهِمْ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ۝ ١

ترجمہ:

شیطان جھوٹے وعدے کرتا ہے ان سے اور غلط امیدیں دلاتا ہے انہیں اور نہیں وعدہ کرتا ان سے شیطان مگر فریب کا۔

-☆-

(١) سورۃ نساء ١٢٠

عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – اَنَّهٗ قَامَ عَلٰی دَرَجِ مَسْجِدِ دِمَشْقَ فَقَالَ:

یَا اَهْلَ دِمَشْقَ، اَلَا تَسْمَعُوْنَ مِنْ اَخٍ لَکُمْ نَاصِحٍ، اِنَّ مَنْ کَانَ قَبْلَکُمْ کَانُوْا یَجْمَعُوْنَ کَثِیْرًا وَیَبْنُوْنَ مَشِیْدًا وَیَاْمُلُوْنَ بَعِیْدًا، فَاَصْبَحَ جَمْعُهُمْ بُوْرًا وَبُنْیَانُهُمْ قُبُوْرًا وَاَمَلُهُمْ غُرُوْرًا، هٰذِهٖ عَادٌ قَدْ مَلَأَتِ الْبِلَادَ اَهْلًا وَمَالًا وَخَیْلًا وَرِجَالًا، فَمَنْ یَشْتَرِیْ مِنِّی الْیَوْمَ تَرِکَتَهُمْ بِدِرْهَمَیْنِ وَاَنْشَدَ یَقُوْلُ:

یَاذَا الْمُؤَمِّلِ آمَالًا وَاِنْ بَعُدَتْ — مِنْهُ وَیَزْعُمُ اَنْ یَحْظٰی بِاَقْصَاهَا

اَنّٰی تَفُوْزُ بِمَا تَرْجُوْهُ وَیْحَکَ وَمَا — اَصْبَحْتَ فِیْ ثِقَةٍ مِنْ نَیْلِ اَدْنَاهَا

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ دمشق کی جامع مسجد کے درج پر کھڑے ہوئے تو فرمایا:

اے اہل دمشق! کیا تم اپنے ناصح -نصیحت وخیر خواہی کرنے والے- بھائی کی بات نہیں سنو گے بیشک جو لوگ تم سے پہلے تھے وہ بہت زیادہ مال ودولت جمع کیا کرتے تھے بڑی بڑی مضبوط عمارتیں، محلات بنایا کرتے تھے اور بڑی دور تک جانے والی امیدیں باندھا کرتے تھے۔ پس اب دیکھو ان کی جمع شدہ پونجی برباد ہوگئی انکی عمارتیں -انکے محلات- قبروں کا روپ دھا گئے اور انکی لمبی امیدیں سب دھوکہ وفریب ثابت ہوگئیں۔

یہ قوم عاد جنہوں نے شہر اہل وعیال، مال ودولت، گھوڑوں اور شہسواروں سے بھر دیئے تھے کیا آج کوئی ان کا ترکہ -جو سب کا سب مٹی اور قبریں بن چکا ہے- دو درہم میں خریدنے کے لئے تیار ہے۔ پھر آپ نے شعر پڑھتے ہوئے فرمایا:

اے لمبی اور دور دراز امیدیں باندھنے والے تیرا تو خیال تھا کہ سب سے آخری امید سے بھی بہرہ ور ہوگا۔ تو نے جس جس کی امید کی تو کہاں اس کو پانے میں کامیاب ہوا بلکہ جو سب سے نزدیکی امید ہے اسے پانے -حاصل کرنے- کی بھی تجھ میں قوی امید نہیں ہے۔

شحایا الشیطان: صفحہ ۸۷

جلد بازی شیطان کی طرف سے ہے

عَنْ انَسِ بْنِ مَالِکٍ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – عَنِ النَّبِیِّ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – قَالَ:

اَلتَّاَنِّی مِنَ اللّٰهِ ، وَالْعَجَلَةُ مِنَ الشَّیْطَانِ ، وَمَا اَحَدٌ اَکْثَرَ مَعَاذِیْرَ مِنَ اللّٰهِ ، وَمَا مِنْ شَیْءٍ اَحَبَّ اِلَی اللّٰهِ مِنَ الْحَمْدِ.

ترجمة الحديث،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۳۰۱۱)	جلد۱	صفحہ۵۷۸
قال الالبانی	حسن الحدیث حسن		
سلسلة الاحادیث الصحیحة	رقم الحدیث (۱۷۹۵)	جلد۴	صفحہ۴۰۴
قال الالبانی	اسنادہ حسن رجالہ ثقات رجال الصحیحین		
صحیح الترغیب والترهیب	رقم الحدیث (۱۵۷۲)	جلد۲	صفحہ۲۲۴
قال الالبانی	حسن الحدیث حسن		
صحیح الترغیب والترهیب	رقم الحدیث (۲۶۷۷)	جلد۳	صفحہ۱۸
قال الالبانی	حسن الحدیث حسن		

نے ارشاد فرمایا:

حلم ووقار اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور جلد بازی شیطان کی طرف سے ہے۔ اور اللہ تعالیٰ سے بڑھ کر معذرت قبول کرنے والا بردبار کوئی نہیں ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کو اس کی حمد سے زیادہ کوئی چیز محبوب نہیں۔

-☆-

اکیلے سفر کرنا شیطانی عمل ہے

عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – :

اَلرَّاكِبُ شَيْطَانٌ ، وَالرَّاكِبَانِ شَيْطَانَانِ ، وَالثَّلَاثَةُ رَكْبٌ.

صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۲۶۰۷)	جلد ۲	صفحہ ۱۳۴
قال الالبانی	حذا الحدیث حسن		
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۸۷۹۸)	جلد ۸	صفحہ ۱۳۹
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۱۶۷۴)	جلد ۲	صفحہ ۴۳۵
قال الالبانی	حذا الحدیث حسن		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۶۷۴۸)	جلد ۶	صفحہ ۲۹۸
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۷۰۰۷)	جلد ۶	صفحہ ۴۳۵
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۳۵۲۴)	جلد ۱	صفحہ ۶۶۱
قال الالبانی	صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۳۸۳۳)	جلد ۲	صفحہ ۴۲
جامع الاصول	رقم الحدیث (۳۹۹۶)	جلد ۵	صفحہ ۱۵

ترجمة الحديث،

حضرت عمرو بن شعیب اپنے باپ سے وہ اپنے دادا رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

ایک سوار ایک شیطان ہے، دو سوار دو شیطان ہیں اور تین سوار ہوں تو وہ قافلہ ہیں۔

-☆-

کسی وادی میں
بالکل الگ تھلگ ہو کر اترنا شیطانی عمل ہے

عَنْ اَبِیْ ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِیِّ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ:

كَانَ النَّاسُ اِذَا نَزَلُوْا مَنْزِلًا تَفَرَّقُوْا فِی الشِّعَابِ وَالْاَوْدِیَةِ ، فَقَالَ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ –:

اِنَّ تَفَرُّقَكُمْ فِیْ هٰذِهِ الشِّعَابِ وَالْاَوْدِیَةِ اِنَّمَا ذٰلِكَ مِنَ الشَّیْطَانِ فَلَمْ یَنْزِلُوْا بَعْدَ ذٰلِكَ مَنْزِلًا اِلَّا انْضَمَّ بَعْضُهُمْ اِلٰی بَعْضٍ.

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۷۷۳۶)	جلد۲۹	صفحہ۲۷۲
قال شعیب الأرنؤوط	اسنادہ صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۶۹۰)	جلد۶	صفحہ۴۰۸
قال شعیب الأرنؤوط	اسنادہ صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۶۷۹)	جلد۲	صفحہ۳۲۷
قال الالبانی	صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۸۸۰۵)	جلد۸	صفحہ۱۳۲
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۳۸۳۷)	جلد۲	صفحہ۴۲
المستدرک	رقم الحدیث (۲۵۳۰)	جلد۳	صفحہ۹۵۴
قال الذہبی	صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت ابوثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

لوگ جب کسی منزل پر اترتے تو گھاٹیوں اور وادیوں میں بکھر جاتے تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

بیشک تمہارا بکھر جانا، ان گھاٹیوں اور وادیوں میں یہ شیطانی عمل ہے اس کے بعد جب کسی منزل میں اترتے تو ایک دوسرے کے قریب مل کر رہتے۔

-☆-

عَنْ عُمَرَ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – :

اِنَّ الشَّيْطَانَ مَعَ الْوَاحِدِ وَهُوَ مِنَ الْاِثْنَيْنِ اَبْعَدُ.

صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۲۱۶۵)		جلد۲	صفحہ۴۵۷
قال الالبانی	صحیح			
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۳۸۷)		جلد۱	صفحہ۱۲۵
قال الحاکم	ھذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین			
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۱۴)		جلد۱	صفحہ۲۶۸
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح رجالہ ثقات رجال الشیخین	طویلا		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۷۷)		جلد۱	صفحہ۳۱۰
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح رجالہ ثقات رجال الشیخین	طویلا		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۷۲۵۴)		جلد۱۶	صفحہ۴۴۰
قال شعیب الأرنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین	طویلا		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۷۲۱۰)		جلد۱۰	صفحہ۳۰۲
قال الالبانی	صحیح	طویلا		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۵۹۵۷)		جلد۵	صفحہ۳۸۸
قال الالبانی	صحیح لاشک فیہ	طویلا		

ترجمة الحديث،

سیدنا عمر امیر المؤمنین -رضی اللہ عنہ- سے روایت ہے کہ حضور سیدنا نبی کریم -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا:

بیشک شیطان تنہا آدمی کے ساتھ ہے اور وہ دو آدمیوں سے نسبتاً دور ہوتا ہے۔

-☆-

مشکاۃ المصابیح رقم الحدیث (۳۰۵۴) جلد۳ صفحہ۳۵۵

قال الالبانی اسنادہ صحیح طویلا

شیطان کا انسان کو چھونا
برائی کا وعدہ ہے اور حق کو جھٹلانا ہے
ایسی صورت میں مومن
اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم پڑھے

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – قَالَ :

اِنَّ لِلشَّيْطَانِ لَمَّةً بِابْنِ آدَمَ ، وَلِلْمَلَكِ لَمَّةً ، فَاَمَّا لَمَّةُ الشَّيْطَانِ فَاِيْعَادٌ بِالشَّرِّ وَتَكْذِيْبٌ بِالْحَقِّ ، وَاَمَّا لَمَّةُ الْمَلَكِ فَاِيْعَادٌ بِالْخَيْرِ وَتَصْدِيْقٌ بِالْحَقِّ ، فَمَنْ وَجَدَ ذٰلِكَ فَلْيَعْلَمْ اَنَّهٗ مِنَ اللّٰهِ فَلْيَحْمَدِ اللّٰهَ ، وَمَنْ وَجَدَ الْاُخْرٰى فَلْيَتَعَوَّذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ ، ثُمَّ قَرَاَ :

اَلشَّيْطَانُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَاْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَآءِ وَاللّٰهُ يَعِدُكُمْ مَّغْفِرَةً مِّنْهُ وَفَضْلًا وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ○(1)

(۱) البقرۃ:۲۶۸

ترجمة الحديث،

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

بے شک شیطان آدم کے بیٹے کے دل میں خیال ڈالتا ہے اور فرشتہ بھی خیال ڈالتا ہے۔ شیطان کا چھونا برائی کا وعدہ دینا ہے اور حق کو جھٹلانا ہے اور فرشتے کا چھونا اچھے کام کا وعدہ کرنا ہے اور حق کی تصدیق کرنا ہے۔

جو شخص اس کا احساس کرے تو وہ سمجھ لے کہ اللہ کی جانب سے ہے۔ وہ اللہ کی حمد وثنا کرے اور جو شخص دوسری بات کو پائے وہ اللہ کی شیطان مردود سے پناہ طلب کرے۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قرآن پاک کی یہ آیت تلاوت فرمائی:

اَلشَّيْطَانُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَامُرُكُمْ بِالْفَحْشَآءِ وَاللّٰهُ يَعِدُكُمْ مَّغْفِرَةً مِّنْهُ وَفَضْلًا وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ○

شیطان ڈراتا ہے تمہیں تنگ دستی سے اور حکم کرتا ہے تم کو بے حیائی کا۔ اور اللہ تعالیٰ وعدہ فرماتا ہے تم سے اپنی بخشش کا اور فضل کا۔ اور اللہ بڑی وسعت والا سب کچھ جاننے والا ہے۔

-☆-

صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۲۹۸۸)	جلد۳	صفحہ۲۰۰
قال الالبانی	صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۷۰)	جلد۱	صفحہ۸۸
قال الالبانی	سندہ صحیح علی شرط الشیخین		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۵۲۸)	جلد۲	صفحہ۳۹
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۹۹۷)	جلد۳	صفحہ۲۷۸
قال شعیب الارناؤوط	اسنادہ		

شیطان دنیا میں
جھوٹ پھیلانے کا سبب ہے

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:
اَلْمَلَائِكَةُ تَتَحَدَّثُ فِي الْعَنَانِ – وَالْعَنَانُ الْغَمَامُ – بِالْاَمْرِ يَكُوْنُ فِي الْاَرْضِ، فَتَسْمَعُ الشَّيَاطِيْنُ الْكَلِمَةَ فَتَقُرُّهَا فِيْ اُذُنِ الْكَاهِنِ كَمَا تُقَرُّ الْقَارُوْرَةُ، فَيَزِيْدُوْنَ مَعَهَا مِئَةَ كَذِبَةٍ.

ترجمة الحديث،

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۴۵۱۸)	جلد۳	صفحہ۲۹۲	بالفاظ مختلفہ
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۳۲۱۰)	جلد۲	صفحہ۹۹۳	بالفاظ مختلفہ
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۱۹۵۵)	جلد۱	صفحہ۳۹۴	
قال الالبانی	صحیح	بالفاظ مختلفہ		

فرشتے بادلوں سے پرے اس امر الٰہی سے متعلق بات کرتے ہیں جو دنیا میں ہونا ہوتا ہے تو شیاطین فرشتوں کی باتوں سے ایک بات سن لیتے ہیں۔ پھر اسے کاہن کے کان میں انڈیل دیتے ہیں جیسے بوتل میں کچھ انڈیلا جاتا ہے تو وہ کاہن لوگ اس ایک بات کے ساتھ سو جھوٹ ملا کر نشر کر دیتے ہیں۔

-☆-

شیطان انسانی صورت میں آکر جھوٹ پھیلاتا ہے

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ:

اِنَّ الشَّيْطَانَ لَيَتَمَثَّلُ فِيْ صُوْرَةِ الرَّجُلِ ، فَيَاْتِي الْقَوْمَ فَيُحَدِّثُهُمْ بِالْحَدِيْثِ مِنَ الْكَذِبِ ، فَيَتَفَرَّقُوْنَ ، فَيَقُوْلُ الرَّجُلُ مِنْهُمْ:

سَمِعْتُ رَجُلًا اَعْرِفُ وَجْهَهُ ، وَلَا اَدْرِيْ مَا اسْمُهُ يُحَدِّثُ.

ترجمة الحديث:

حضرت عبداللہ بن مسعود – رضی اللہ عنہ – نے فرمایا:

بیشک شیطان انسانی شکل وصورت اختیار کر جاتا ہے پھر وہ لوگوں کے پاس آتا ہے پھر انہیں کوئی جھوٹی بات بیان کرتا ہے پھر لوگ منتشر ہو جاتے ہیں تو ان میں سے ایک آدمی کہتا ہے۔

میں نے سنا ایک آدمی کو مجھے اس کے چہرے سے شناسائی تو ہے لیکن میں اسکا نام نہیں جانتا وہ یہ کہہ رہا تھا۔

–☆–

خبایا الشیطان: صفحہ ۴۷

شیطانی حملوں سے
بچاؤ کے طریقے

ضیاء الحدیث

ایمان کامل

وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ فَمَنْ اٰمَنَ وَ اَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝۱

ترجمہ:

اور ہم نہیں بھیجتے رسولوں کو مگر خوشخبری سنانے کیلئے اور عذاب جہنم سے ڈرانے کیلئے تو جو ایمان لائے اور اپنے آپ کو سنوار لیا تو کوئی خوف نہیں ہوگا انہیں اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

-☆-

فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَاعْتَصَمُوْا بِهٖ فَسَيُدْخِلُهُمْ فِيْ رَحْمَةٍ مِّنْهُ وَفَضْلٍ وَّيَهْدِيْهِمْ اِلَيْهِ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۝۲

ترجمہ:

تو جو لوگ ایمان لائے اللہ تعالیٰ پر اور مضبوطی سے پکڑ لیا اللہ کی رسی کو تو عنقریب داخل کرے گا انہیں اپنی رحمت اور فضل میں اور پہنچائے گا انہیں اپنی طرف لے جانے والی سیدھی راہ پر۔

(۱) سورۃ الانعام ۴۸

(۲) سورۃ النساء ۱۷۵

وَلَمَّا جَاءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا هُوْدًا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَنَجَّيْنَاهُمْ مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍo ۱

ترجمہ:

اور جب آگیا ہمارا حکم تو ہم نے نجات دے دی ہود-علیہ السلام-کو اور جو ایمان لائے تھے ان کے ساتھ بوجہ اپنی رحمت کے اور ہم نے نجات دیدی انہیں سخت عذاب سے۔

-☆-

فَلَمَّا جَاءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا صَالِحًا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا ۲

ترجمہ:

پھر جب آگیا ہمارا حکم تو ہم نے بچالیا صالح کو اور انہیں جو ایمان لائے تھے ان کے ساتھ اپنی رحمت سے۔

-☆-

(۱) ہود:۵۸

(۲) ہود:۶۶

اخلاص وللّٰہیت

عَنِ الْحَسَنِ قَالَ:

کَانَتْ شَجَرَۃٌ تُعْبَدُ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ ، فَجَاءَ اِلَیْھَا رَجُلٌ فَقَالَ : لَاَقْطَعَنَّ ھٰذِہِ الشَّجرۃ ، فَجَاءَ لِیَقْطَعَھَا غَضَبًا لِلّٰہِ ، فَلَقِیَہُ اِبْلِیْسُ فِیْ صُوْرَۃِ اِنْسَانٍ فَقَالَ:

مَا تُرِیْدُ ؟ قَالَ : اُرِیْدُ اَنْ اَقْطَعَ ھٰذِہِ الشَّجَرَۃَ الَّتِیْ تُعْبَدُ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ ، قَالَ: اِذَا اَنْتَ لَمْ تَعْبُدْھَا فَمَا یَضُرُّکَ مَنْ عَبَدَھَا ، قَالَ:

لَاَقْطَعَنَّھَا ، فَقَالَ لَہُ الشَّیْطَانُ : ھَلْ لَکَ فِیْمَا ھُوَ خَیْرٌ لَکَ ؟ لَا تَقْطَعْھَا وَلَکَ دِیْنَارَانِ کُلَّ یَوْمٍ اِذَا اَصْبَحْتَ عِنْدَ وِسَادَتِکَ ، قَالَ:

فَمِنْ اَیْنَ لِیْ ذٰلِکَ ؟ قَالَ : اَنَا عَلَیْکَ ، فَرَجَعَ فَاَصْبَحَ فَوَجَدَ دِیْنَارَیْنِ عِنْدَ وِسَادَتِہِ ، فَلَمْ یَذْھَبْ لِیَقْطَعَھَا ، ثُمَّ اَصْبَحَ بَعْدَ ذٰلِکَ فَلَمْ یَجِدْ شَیْئًا ، فَقَامَ غَضَبًا لِیَقْطَعَھَا ، فَتَمَثَّلَ لَہُ الشَّیْطَانُ فِیْ صُوْرَتِہِ ، وَقَالَ:

مَا تُرِیْدُ ؟ قَالَ : اُرِیْدُ اَنْ اَقْطَعَ ھٰذِہِ الشَّجَرَۃَ الَّتِیْ تُعْبَدُ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ تَعَالٰی.

قَالَ : كَذَبْتَ مَالَكَ اِلٰى ذٰلِكَ مِنْ سَبِيْلٍ ، فَذَهَبَ لِيَقْطَعَهَا فَضَرَبَ بِهِ الْاَرْضَ وَخَنَقَهُ حَتّٰى كَادَ اَنْ يَقْتُلَهُ ثُمَّ قَالَ :

اَتَدْرِىْ مَنْ اَنَا ؟ اَنَا الشَّيْطَانُ ، جِئْتَ اَوَّلَ مَرَّةٍ غَضَبًا لِلّٰهِ فَلَمْ يَكُنْ لِىْ عَلَيْكَ مِنْ سَبِيْلٍ ، فَخَدَعْتُكَ بِالدِّيْنَارَيْنِ فَتَرَكْتَهَا ، فَلَمَّا جِئْتَ غَضَبًا لِلدِّيْنَارَيْنِ سُلِّطْتُ عَلَيْكَ.

ترجمہ:

حضرت امام حسن بصری رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

ایک درخت کی اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر عبادت کی جاتی تھی تو ایک آدمی آیا اس نے کہا:

میں اس درخت کو کاٹ دوں گا پس وہ آدمی اس درخت کو جہاں شرک ہوتا ہے کاٹنے کے لئے آیا۔ اسکا یہ غصہ اللہ کے لئے تھا تو ابلیس ایک آدمی کی شکل میں ملا اس نے کہا:

کہاں کا ارادہ ہے؟ اس آدمی نے کہا: اس درخت کو کاٹنے لگا ہوں جس کی اللہ کو چھوڑ کر عبادت کی جاتی ہے ابلیس نے کہا:

